شاہنامہ اردو

منظوم

باتصاویر

پبلشرز

بھاٹیہ بک ایجنسی سوتر منڈی

۱۹۲۲ء (لاہور) سمت ۱۹

در مطبع گردھر سٹیم پریس واقع لاہور طبع گردید

سراغرسانی کے زیر بحث ناولوں کی مختصر فہرست

قیمت	نام کتاب
۱۲	بہادر سراغرساں - جس میں ایک حسین عورت کا ڈاکوؤں کے پھندے میں پھنسکر اپنی عصمت کو بچانا - ڈاکوؤں کا قتل خون و چوری کرنا - ایک دیگر حسین عورت کا ڈاکوؤں سے مکر و کیتی کا کرنا بہادر سراغرساں کا اپنی جان پر کھیل کر ڈاکوؤں کو معہ عورت کے گرفتار کرنا - اور آر ایس ڈی کے راز کو روشنی میں لانا - ڈاکوؤں کی عیاری - چالاکی اور خفیہ پولیس کی ہوشیاری ایسے پیرایہ میں درج ہے کہ ایک ایک بیان سے بدن میں سنسنی پیدا ہوتی ہے -
۴	**جاسوسی جال یا ابلیس خون** - ایک حیرت انگیز اور چکر دار معاملوں سے بھرا ہوا ناول خونی ایک نہیں پورے بیس خون کرتا ہے - ایک خوبصورت نوجوان لڑکی کو مار کر اس کی لاش کو صندوق میں بند کر کے تھانہ میں بھیجنا اور ساتھ ہی ایک چٹھی بنگال کے نامور جاسوس سردار گرجا کمار بابو کو لکھنا - کہ ایک ہفتہ کے اندر تم کو بھی جہنم میں بھیجکر تب بیس کی گنتی پوری کروں گا - اگر ہمت ہو تو پکڑ لو - پولیس کا ہزار سر پٹکنا مگر خونی کا گرفتار نہ ہونا - انسپکٹر پولیس اور جاسوسوں کی ناکامیابی - آخر سخت محنت کر کے گرجا کمار بابو کا خونی کو پکڑنا - خونی کی بیحد دلبری حمیدہ بانو خونی کی عورت کی چالاکی و مکاری - پہریدار کو جہنم رسید کر کے دونوں کا بھاگنا رات کے وقت تیر کر دونوں کا دریائے گنگا کو عبور کرنے کی کوشش کرنا - خونی کی دوسری عورت کا موقعہ پر پہنچنا - اور ایسے حسن کے دونوں کو غرق کرنے کی کوشش کرنا خونی کا بچ نکلنا اور پولیس کو تنگ کرنا جاسوس سردار اور خونی کا برابر جاسوس کی استعدی اور لاثانی بہادری - پیچ در پیچ معاملہ بمعاملہ آخر کار گرجا کمار بابو کا بجلی کی طاقت سے انکو گرفتار کرنا
	ایضاً حصہ دوم یعنی جادوگرنی کا جال - جس میں حمیدہ بانو کا اپنی جعلسازی سے ایک ہی رات میں پانچ پانچ خون کرنا - آخر میں حمیدہ بانو کا قید میں جا کر فوت ہونا ورثہ میں دوقتا پایا اور پھر گرفتار ہو جانا اور جاسوس سردار کا بہادری سے بابو کو معہ انکی عورت اور منتری کے قید کر رکھنا اور نامور جاسوس رابندر کا اپنی چالاکی سے رابندر بابو کو گرفتار کرنا

ملنے کا پتہ :- بھاٹیہ بک ایجنسی سوتر منڈی لاہور

شاہنامہ اُردو منظوم

باتصاویر

حسب فرمائش

سردار جے ایس سنت سنگھ بک سیلر لاہور و رام داس بھاٹیہ لاہور

سنہ ۱۹۲۲ء

مطبوعہ گردھر سٹیم پریس لاہور

لالہ لال چند بہل پرنٹر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرنامہ حمد خدائے کریم
کہ ہے کردگار غفور رحیم

کبھی دے فریدوں کو وہ دستگاہ
کرے گا جمشید کو وہ تباہ

جن و دیو انسان حور و پری
مہ و مہر اور زہرہ و مشتری

کیا اس نے پیدا یہ بالا و پست
زبردست ہیں یا ہیں اور زیردست

عجب اسکی قدرت عجب شان ہے
عیاں اس پہ سب راز پنہان ہے

بھرے دم حباب اسکا دریا میں
رکھے صبح ذکر اسکا ورد زباں

چمن میں کیا سرو آزاد فراز
بہار و خزاں سے ہوا بے نیاز

خداوند کون و مکاں ہے وہی
نگہدار خلق جہاں ہے وہی

اگر وہ نہ دے قوت و زور سے
تو پھر تیغ کوئی کیا کر سکے

توانا ہے وہ آپ اور زورمند
تو ہی ہے خداوند پست و بلند

گدا اور شہ اس کے فرماں پذیر
وہ سب کا ہے یاری وہ دستگیر

بلندی وہ خسرواں ہے وہی
بخشی بخش شاہنشہاں ہے وہی

کبھی ناتوانوں کو بخشے وہ زور
سلیماں کو گاہے کرے مثل مور

کئے اس نے قدرت سے پیدا تمام
نہاں تھے ہوئے وہ ہویدا تمام

بلند اس نے چرخ بریں کو کیا
فراخ اس نے یکسر زمیں کو کیا

پرستار اس کا ہے ہر اک غلام
کریں ذکر اس کا سبھی خاص و عام

کیا اسنے آراستہ باغ دہر
عنایت سے اسکی ہے گل شاد بہر

جہاندار ہے پاک پروردگار
پرستار اسکے ہیں سب تاجدار

دلیروں کو اسنے کیا ہے دلیر
کیا زیر شیروں کو اس نے ہے شیر

گدا کو وہ چاہے تو دے خسروی
ضعیفوں کو دم میں وہ کردے قوی

وہ بخشے جسے عزت و افتخار
تو ہے تاب کس کی کرے پھر خوار

تو اے منشی انسکی ہی کر التجا
کہ شاہ و گدا کا ہے حاجت روا

تو درگاہ میں اسکی ہو نوحہ خواں
تضرع کناں اور مناجات خواں

مناجات بدرگاہ حق سبحانہ تعالے

میں افتادہ بار بار سر خاک ہوں
ستم دیدۂ دور افلاک ہوں

یہ پھرتا نہیں بخت برگشتہ آہ
رکھے ہے یہ سرگشتہ شام و پگاہ

نگاہ کرم مجھ پہ کر یا خدا
مجھے بند رنج و الم سے چھڑا

دکھا اب بہار گل آرزو
پلا مجھ کو جام گل آرزو

گنہ بخش میرے کہ میں بیچارہ ہوں
پریشان ہوں اور سر افگندہ ہوں

نہیں اور کچھ مجھ کو عرض بیاں
ولیکن تمنا ہے یہ ہر زماں

نہ درگاہ سے اپنی رکھ نامراد
تو بر لا مراد اور کر مجھ کو شاد

شبستان دل کو مرے سر بسر
چراغ خرد سے منور تو کر

مری طبع ہو نکتہ داں یا الٰہ
معانی شناسی کی ہو دستگاہ

ستاتی ہے اب گردش روزگار
مجھے خوار رکھے ہے لیل و نہار

نہیں ہے کوئی اور فریاد رس
تو ہے داد خواہوں کا بس دادرس

ذرا کر تر و تازہ باغ مراد
میرا کر تو روشن چراغ مراد

گنہگار ہوں اور عصیاں شعار
ولے تو ہے غفار و آمرزگار

مجھے اپنے در کے سوا اور در
دکھا مت تو اے داور دادگر

کہ منت کش غیر ہرگز نہ ہوں
ترا ایک ممنون احساں رہوں

جہاں میں نہ رکھ دل پریشاں مجھے
نہ کر فکر روزی سے حیراں مجھے

مجھے اپنے گنجینۂ فیض سے
در دانش دے گوہر عقل سے

مجھے بخش اب دستگاہ سخن
شتابی دکھا مجھکو راہ

مرے خامہ کو کر تو گوہر فشاں زباں کو مری کر فصیح البیاں
الٰہی مری اب دعا کر قبول بحق محمد طفیل بتول

نعت سرور کائنات جناب رسالتمآب علیہ الصلوٰۃ والسلام

پر از مشک و عنبر نہ ہو کیوں دہاں ثنائے محمد ہے ورد زباں
وہ ختم رسل سرور نامور فلک جس کے آگے جھکاتا ہے سر

سر سروراں ہے وہ عالیجناب سپہر نبوت کا ہے آفتاب
جہاں جسکے دیں سے ہے روشن تمام ملا نور اسکا ہے دائم مدام

سر سروراں احمد مجتبےٰ رسول خدا سید انبیا
خردمند دانشور بے نظیر بسان مہ و مہر روشن ضمیر

سحاب سخا و محیط کرم ہمہ جود و خوش خلق و عالی ہمم
وہ مہر جہانتاب اوج جلال وہ سرو سر افراز باغ کمال

فروغ جہاں نور ایمان و دیں وہ شمع شبستان عین الیقیں
شفیع گناہاں بروز جزا کشایندۂ عقدۂ مدعا

فرازندۂ رایت سروری درخشندۂ خورشید پیغمبری
وہ ہے خاص خاصان پروردگار کہ جس نے کیا دین کو استوار

قدم اس نے معراج پہ جب رکھا تو پایہ بڑھا اور معراج کا
سپہر برین کے زہے خوش نصیب ہوا جلوہ گر واں خدا کا حبیب

میسر ہوا جبکہ قرب حضور نظر اسکو آیا وہ تابندہ نور
تجلی کہیں جس کو اہل یقیں منور ہے جس سے زمان و زمیں

یہ بخشا اسے پایگاہ رفیع ہوئے جسکے شاہان عالم مطیع
گرامی و اشرف ہے اس سا نہیں غرض اسکی لولاک ہے شان میں

کروں اسکے اصحاب کا اب بیاں کہ ہیں صاحب عزت و فخر شاں
ابو بکر و عثمان والا گہر عمر اور علی وہ شہ نامور

کرے اب جو اوصاف کا کچھ بیاں نہ طاقت قلم میں نہ تاب زباں
کروں میں سخن کو بس اب مختصر یہ ہے عرض میری کہ شام و سحر

معین اور یاور ہو یا مصطفےٰ مرے دل کے بر لاؤ تم مدعا
گنہگار ہوں میں بروز حساب مری کیجیو تم شفاعت شتاب

یہ نسبتی تمہارا ہے کمتر غلام کرم اسپہ اپنا رکھو صبح و شام

در تعریف ابوالنصر محمد معین الدین محمد اکبر بادشاہ غازی

لکھ اے خامہ اب مدح شاہ جہاں شہنشاہ جمجاہ صاحب قراں

جہاندار اکبر شہ بے نظیر خداوند تاج و کلاہ و سریر
فروزندہ خورشید برج شہی گرامی دُر درج شاہنشہی

ہمایوں خصائل شہ نامور خجستہ شمائل فرشتہ سیر
جہانبان دین پرور و حق پژوہ حقائق شناس و شہ والا شکوہ

محبت رکھے ہے وہ درویش سے مروت ہے اسکو وفا کیش سے
شناور ہے دریائے عرفان کا دل اسکا ہے مثل گہر پر صفا

حقیقت کروں علم کی کیا بیاں نہیں اسکے ہم سنگ گوہر گراں
فزوں شفقت و خلق و ہمت بلند مروت میں یکتا شہ ارجمند

خدیو زماں شاہ عالی وقار شہ داد گر خسرو نامدار
جہاں پرور و کامبخش جہاں سر سرفرازان کس بیکساں

در دولت شاہ عالم پناہ فقیر و غنی کا ہے امیدگاہ
سنے کام یاں ہر کسی کا شتاب یہاں آ کے ہر کوئی ہو کامیاب

یہ وہ بارگاہ ہے کہ امیدوار نہ محروم یاں سے گیا زینہار
سخاوت میں دیکھا تو سمجھا سحاب حضور انکی خجلت سے ہے غرق آب

کف جود سلطان والا گہر گہربار رکھتا ہے شام و سحر
اگرچہ ہو زباں ہر دل سے خطا لبے عفو از روے لطف و عطا

جہاں سرکشاں ہوویں سجدہ کناں وہ ہے آستان [illegible]
[illegible] [illegible]

تو یہ رتبہ شمس ہوتا کبھی اٹھاتا نہ گر اس کی [illegible]
ہوا کب ہے سایہ [illegible] [illegible]

عطارد ہے منشی جہاندار کا سپاہی ہے مریخ سرکار کا
جہاں مشتری کرم طالع مری تو اسکو میسر سعادت ہوئی

وہیں دیو تجربت میں آئے تمام
کیا عزم رزم شہ نیک نام
فراہم ہوئے وہ پئے جنگ شاہ
ادھر سے ہوا شاہ کی کینہ خواہ

جو سرکردہ دیو تھی تھا فوج کا
سو اس دیو سرکش کا ملونام تھا
صف آرا ادھر تھے وہ خونخوار دیو
ادھر تھے دلیران گیہاں خدیو

بہم جنگجو ہر دو لشکر ہوئے
ہزاروں میداں سے واں سر کٹے
وہ غو شاہ کے جب مقابل ہوا
تو غو کا شہنشاہ قاتل ہوا

بہ یک گرز تو بڑا اسر کینہ خواہ
دکھائی عدم کی وہاں اسکو راہ
رہے زندہ میداں میں اور جو دیو
انہیں قید کرلے گیا وہ خدیو

پھرا رزمگہ سے جو ہو فتحیاب
کیا حکم تب شاہ نے یوں شتاب
کرو قتل دیوؤں کو یکدست اب
لگے کہنے دیوان خونخوار تب

گرہ ہوئے جاں بخشی اے تاجور
تو سکھلا دیں ہم ایک طرفہ ہنر
پذیرا کیا شاہ نے التماس
وہ لائے دوات و قلم شہ کے پاس

شہنشہ کو لکھنا سکھایا وہیں
وہ حرفوں کا پڑھنا بتایا وہیں
شہنشہ نے سی سال کی تاوری
رہے اسکے محکوم دیو و پری

بیان احوال سلطنت جمشید

ہوا بعد اس کے وہ فرمانروا
پسر تھا جمشید طہمورث کا

جہاندار جمشید عالی وقار
خردمند و دانشور و ہوشیار
خداوند اورنگ شاہنشہی
سپہدار اقلیم فرماں دہی

دلیر و قوی زور و آفاق گیر
ہر اک شاہ تھا اسکا فرماں پذیر
شجاعت بہت خوب ہمت بلند
اور اقبال و دولت سے تھا ارجمند

بیاں سے فزوں اسکا جاہ و حشم
سدا خلق پر اسکا لطف و کرم
ہنرمند و آگہ و دل فنوں
فراست سے ہر چیز کا رہنموں

فن پارچہ بافی و کشتکار
کیا شاہ جمشید نے آشکار
قز و خز و دیبا و ریشم کتاں
زرہ جوشن و تیغ و برگستواں

ہوا عہد میں اسکے پیدا یہ سب
ہوئے اس جہاں بیچ پیدا یہ سب
زراعت کے قابل نہیں تھی جہاں
سوا اسکے جس جا تھا آب رواں

کیا شاہ نے مردم کو مسکن گزیں
ہوا ہر کوئی ہر مکاں میں مکیں
سزاوار ہر شخص کے ہر مکاں
یہ حکم اور کیا یہ بعد ازاں

کہ اب اس مکاں میں فراغت کرو
و بے شغل و بیکار ہرگز رہو
یہ دیووں کو ارشاد پھر واں کیا
کہ تم طرز نقشہ مکانات کا

سکھاؤ یہاں مردماں کو تمام
کہ کرنے لگیں سب عمارت کا کام
ہوا جبکہ حکم شہ نامدار
ہوئے دیو تب ہی مشغول کار

وہ حمام اور قصر و ایوان و کاخ
بنائے گزین و بلند و فراخ
بنائے گچ و خشت اور سنگ سے
طرحدار و پیچ پیچ ہر رنگ سے

بہت دلکشا اور بہت استوار
سراپا لطافت سراپا بہار
پھر اک تخت شہ نے مرتب کیا
بیاقوت و گوہر غرض سب کیا

اور اس تخت پر بیٹھتا تھا مدام
بہے تھا سدا خرم و شادکام
کبھی حکم کرتا وہ یوں دیو کو
بدوش ہوا تخت کو لے چلو

غرض دیو لے دوش پر لیکے تخت
جہاں چاہتا وہ شہ نیکبخت
پہنچتا وہاں ایک دم میں بشوق
نہ تھا دل میں اندیشۂ تحت و فوق

شہنشہ نے کشتی بھی تیار کی
محیط جہاں میں یہ پہلے نہ تھی
سر سال کا ہے یہ نوروز نام
سوا اسکے ہے موجد شہ ذوالکرام

جب آیا یہ نوروز عشرت قریں
تب اک جشن ترتیب کرتا وہیں
وہیابی و نغمہ ہوتا وہاں
غرض عیش کرتا وہ شاہ جہاں

جن و انس و دیو و پری کو تمام
گہر بخشتا خسرو نیک نام
بعیش و طرب ہفتصد سال تک
رہا حکمراں شاہ زیر فلک

رہی خلق آسودہ و بے خطر
بہت خرم و شاد شام و سحر
نہ بے شغل کوئی نہ بیکار تھا
کوئی درد مند اور نہ بیمار تھا

نہ تھا کوئی رنجور اس دور میں
ہے مرگ بھی دور اس دور میں
جو گذرے برس سات سو اسطرح
کیا ہے بیاں بیٹھے یاں جسطرح

تو شہ سے ہوا دور دانش و نور
ہوا شاہ کے دل میں پیدا غرور
یکایک جو اپنی طرف کی نظر
کہ جاہ و حشم ہے مرا اسقدر

تو آیا وہیں دل میں جمشید کے
کہ ہمسر ہوں میں ماہ و خورشید کے
بجاہ و حشم زیر چرخ بریں
برابر کوئی اپنے دیکھا نہیں

اکابر جو تھے انکو کرکے طلب
یہ جمشید لایا زباں پر کہ اب
بتاؤ کہ دنیا میں ہے کوئی شاہ
کہ جس کا برابر مرے ہوئے جاہ

خداوند اورنگ و افسر ہو تمہیں
جہاندار سب شاہ زیر نگیں
جہاں کو کیا تو نے آراستہ
جہاں سے ہوا رنج برخاستہ

خور و خواب و آرام اہل جہاں
جمعیت خاطر مردماں
نشاط و خوشی نغمہ و جام سے
ہوئی ہے سبب سے ہر ایک شے

جہاں میں ہوا تجھ سے پیدا ہنر
نہیں کوئی تجھ سا شہ نامور
سنا جبکہ جمشید سے یہ سخن
لگے کہنے دانشوران زمن

کہ بس تو ہے بخشندہ دادگر
نہیں اور تجھ سا کوئی تاجور
دلے ذہن سمجھے یہ یزداں شناس
کہ جمشید حق سے ہوا ناسپاس

ہوا حصہ اس سے بس اقبال و بخت
نصیبوں سے اسکے گیا تاج و تخت
کوئی دیکھتا ہے یہ روز بد
ہوئی فر و فرماندہی اسکی رد

وہ فرمانبراں شہ نامدار
کنارہ لگے کرنے بے اختیار
خفا ہو گئے شہ سے یکبار سب
غرض اٹھ گئے دل سے ڈر اور ادب

شہنشہ کے دل میں یہ آیا ہراس
وہیں اڑ گئے اسکے ہوش و حواس
یقیں ہو گیا یہ کہ یزدان پاک
مقرر ہوا مجھ سے اب خشمناک

لگی دولت اس شہ سے منہ پھیرنے
لگی اسکو بیداد الہی گھیرنے
جہاندار جمشید انجام کار
ہوا بس تباہ اور پریشان و خوار

گرفتار قہر الہی ہوا
جدا شاہ سے تخت شاہی ہوا
ملا الغرض خاک میں تخت جم
ہوا ایسا تھا کہ پھر تخت جم

احوال سلطنت ضحاک تازی

لکھوں آگے ضحاک کی داستاں
کروں اسکی اب سلطنت کا بیاں

سپہدار تھا صاحب تازی بنام
شہ کامراں خسرو ذوالکرام
کہ تھا تازیاں میں وہ فرمانروا
رعیت نوازی میں مشغول تھا

ہزاروں پرند اشتر و گاو میش
رکھے تھا بسیار و خندہ کیش
شب و روز ان چارپایوں کا شیر
غریبوں کو دیتا شہ بے نظیر

پسر ایک تھا اسکا ضحاک نام
جوان و دلیر و بلند احتشام
رکھے اسپ تازی تھا وہ سہزار
بڑا جاہ تھا اور بڑا اقتدار

حضور اسکے ابلیس بادست گو
ہوا حاضر اکدن بشکل نکو
گزارش کیئے نقش میں کی آنکر
کہ دلچسپ اور لغو قصیں سر بسر

وسے تھا فریب اسمیں یکسر بھرا
خدع سے سخن کوئی خالی نہ تھا
مسرت تھا ضحاک جو عقل سے
ہوا خرم و شاد اس نقل سے

لگا کہنے ابلیس سے اور بھی
بیاں کر لطیفہ بلطف و خوشی
وہ بولا کہ اے شاہ فرخ نہاد
سخن خوب تر ایسے ہیں مجھکو یاد

ولیکن میں کہتا ہوں اس شرط سے
کہ گر عہد اور قول دے تو مجھے
کہ جو کچھ کہوں میں کرے تو وہی
کسی سے نہ یہ راز کھولے کبھی

قسم کھا کے ضحاک نے پھر شتاب
دیا اس کو گفتار کا یہ جواب
یہ مذکور کیا جو ترے راز کو
کروں ظاہر اے مرد فرخندہ خو

ہوا جبکہ ابلیس میں عہد استوار
یہ ابلیس بولا کہ اے نامدار
جو مرتاض تازی ہے تیرا پدر
تو اس کو شتابی کہیں قتل کر

کہ تیرے جہاں اور تیرا باپ پیر
یہ تجھ کو ہے زیبندہ تاج و سریر
یہ سنکر ہوا دل کو آگ اسکے درد
لگا کہنے اس سے کہ اے نیکمرد

یہ گفتار گو ناپسندیدہ ہے
نہ میزان دانش میں سنجیدہ ہے
رہے دین و دانش سے جو دور ہو
وہ بیداد کیش مجھ کو منظور ہو

کہی شاہزادے نے یہ بات جب
یہ بولا وہ ابلیس ناپاک تب
اگر اس کام سے تو کرے درگذر
پدر سے تو ہوئے اپنے نامور

ہے پیری گرد پہ سوگند خند
تو ہو خوار اور تجھ کو پہنچے گزند
نہ خون پدر اس کو منظور تھا
ولیکن وہ ناچار مجبور تھا

یہ پوچھا کہ کس طرح کیجے ہلاک
بتا کوئی تدبیر بے خوف و باک
لگا کہنے پھر وہ کہ اے نامدار
یہ کچھ کام مشکل نہیں [illegible]

کنواں ایک اس شاہ کی راہ میں
کرو کندہ تا وہ گرے چاہ میں
مکان ایک بیرون دولتسرا
شہ نامور نے کیا تھا بنا

وہ شہ اس مکاں میں پئے طرب
عبادت کو جاتا تھا ہنگام شب
ستمگار ناپاک نے ایک چاہ
کیا کندہ وہیں سر راہ شاہ

کیا اسکو غش پوش پھر سر بسر
شہ نامور کو نہ تھی کچھ خبر
گیا جب ادھر کو تو ہیں راہ میں
گرا شاہ آزاد اس چاہ میں

گئے لوٹ اسکے سر دست و پا
ہوا قید ہستی سے دم میں رہا
وہ ضحاک بے رحم و بیداد گر
سر تخت بیٹھا بجائے پدر

پھر ابلیس بدذات نے یوں کہا
کہ صد شکر اے شاہ کشور کشا
ہوا میری تدبیر سے اب تو شاہ
مبارک تجھے تخت و تاج و کلاہ

مری دانش و عقل و تدبیر پر
عمل تو کرے ہر شب و روز گر
تو ہو بادشاہ ہفت اقلیم کا
خداوند ہو تخت و دیہیم کا

سراسر جہاں کی تجھے خوبیاں
میسر ہوں اے بادشاہ جہاں
یہ سنکر ہوا شاد ضحاک شاہ
تملق لگا کرنے شام و پگاہ

نوازش بہت اسپہ مصروف کی
کلید خورش خانہ پھر اسکو دی
خوراک اور جز میوہ نان و دال
تھی اندنوں بہر اہل جہاں

خورش خانۂ خسرو نامور
ملا جبکہ اسکو تو شام و سحر
پکانے لگا نغز و خوشتر طعام
مزیدار خورش ذائقہ پر طعام

وہ تیار کر پیش فرمانروا
کبھی مرغ لاتا کبھی چارپا
پکا اکدن بیضۂ مرغ دال
خورش کو وہ لایا تو شاہ جہاں

ہوا کھا کے اسکو بہت شادکام
کہ تھا خوشتر و نغز نیکو طعام
ز روئے طرب شاہ نے کی آفریں
یہ سنکر کیا عرض اسنے وہیں

کہا اے قدرداں شاہ فرخ سیر
خورش لاؤنگا اس سے کل نغزتر
تو خوش وہ سے روز پھر شاد شاد
حضور جہاندار فرخ نہاد

بصد لطف کبک و تذرو سفید
پکانے گیا با دل پر امید
وہ ضحاک نے جبکہ کھایا طعام
نہایت ہوا خرم و شادکام

ز بس کی عنایت کہا یوں کہ اب
جو کچھ چاہئے مجھ سے کر تو طلب
کیا عرض ابلیس نے پھر شتاب
کہ اے شاہ ضحاک عالیجناب

مری آرزو ہے کہ شام و پگاہ
کہ دوں ایک بوسہ سر کتف شاہ
یہ رتبہ نہیں گرچہ میرا و لے
مگر شوق ہے لطف و عنایات سے

برآئے مرادا تھا کیا عجب
مجھے کامیابی ہو باصد طرب
یہ ضحاک بولا کہ اے نیکخو
ترے دل کی بر لاؤں یہ آرزو

نوازش سے تجھکو کروں ارجمند | کہ ہو نام تیرا جہاں میں بلند
یہ کہکر وہ کھول کتف اپنے بس | ہوئی دلمیں ابلیس کے تھی ہوس
جو کتف اپنے شہ نے برہنہ کئے | تو شیطان نے اُسپہ بوسے دئے
دئے جبکہ بوسے سر کتف شاہ | ہوئے وہیں پیدا دو مار سیاہ
یہ کردار بد کرکے وہاں آشکار | نظر سے وہ غائب ہوا نابکار
جہاندار ضحاک حیران ہوا | بہت اپنے دلمیں پشیماں ہوا
کیا چارہ دانشوروں سے طلب | لگے کرنے تدبیر و تجویز سب
پر اس درد کا کچھ نہ پایا علاج | کسی کو بھی اسکا نہ آیا علاج
پھر اتنے میں ابلیس پیدا ہوا | بشکل طبیباں ہویدا ہوا
وہ آکر حضور شہ نامدار | لگا کہنے شہ سے کہ اے شہریار
ہوا وہ ملا جو نصیبوں میں تھا | نہیں دفع ہوتی یہ ہرگز بلا
تیری زندگی اب تو دشوار ہے | وہ چارہ سازی سے ناچار ہے
ہوا سکے ضحاک اندوہگیں | لگا کرنے فریاد و زاری وہیں
یہ کہنے لگا پھر یہ زشت نہاز | کہ اے مرد فرزانہ چارہ ساز
کسی طرح سے چارہ سازی تو کر | شتابی سے عاجز نوازی تو کر
کیا شاہ نے جب بہت انکسار | تو بولا وہ پھر یوں کہ اے نامدار
نہیں اس سے چارہ کوئی اور اگر | کہ سانپوں کو دے آدمی کا تو مغز
تیری جان کو پھر نہ پہنچے گزند | رہے پھر نہ تو اسقدر دردمند
بتایا جو ابلیس نے یہ علاج | لگا کرنے دائم خداوند تاج

آمدن سلطنت ایران بدست ضحاک

در آوارہ شدن جمشید و رسیدن تنہا در شہر زابلستان بلباس دیگر و شناختن اورا دختر والئے زابلستان و عقد بستن با او

یہ ہر ملک و کشور میں پہنچی خبر | کہ ضحاک شاہنشہ تاجور
رکھے ہے دو مار سیاہ اپنے پاس | جسے دیکھ اُڑتے ہیں ہوش و حواس
یہ ہیبت ہوئی شاہ کی دہر میں | لگے ڈرنے لگے لوگ ہر شہر میں
بزرگان ایران کے جمشید سے | ہوئے منحرف تھے سو وہ آنکے
ہوئے پیش ضحاک حاضر سبھی | کمر خدمت باندھی پئے بندگی
بیاں کرکے احوال ایراں تمام | کیا عرض کہ اے شہ ذوالکرام
اگر فوج سرکار جاوے اُدھر | تو ہاتھ آوے وہ ملک بھی زودتر
یہ سُنکر وہیں لشکر بیکراں | کیا شاہ نے ساتھ انکے رواں
وہ جمشید بھی آ مقابل ہوا | ملے کام دل کچھ نہ حاصل ہوا
شکست اُسنے کھائی ہنگام جنگ | گریزاں ہوا شاہ جم بیدرنگ
جو اقبال اور بخت برہم ہوا | تو جم اور تباہ لشکر جم ہوا
رہا کوئی بھی پھر نہ ہمراہ جم | کسی سمت تنہا گیا شاہ جم
ہوا شاہ ضحاک ایراں کا شاہ | ہوا وہ نصیبا اسکے تاج و کلاہ
کئے لوگ ضحاک نے پھر رواں | کہا یوں شہ جم کو پاؤ جہاں
اسے قید کرکے یہاں لاؤ تم | تفحص کناں ہر طرف جاؤ تم
کروں پھر ہر اک کا میں تیغز لب | زر و گوہر و لعل انعام دوں
ہر اک طرف سے پھر طرفدار کو | گیا وہیں حکم شہ نامجو
کہ لاوے اُسے جو گرفتار کر | رضامند میں اُس سے ہوں بیشتر
بڑا رتبہ اُسکا ہو پیش حضور | غم و فکر دنیا سے ہے دل بدور
ستم دیدۂ چرخ پر فتنہ جم | شب و روز با خاطر پر الم
سوئے والئے کہ آوارہ تھا | نہایت غریب اور بیچارہ تھا
ہر اک سے چھپاتا تھا وہ آپ کو | نہ ہرگز جتاتا تھا وہ آپ کو
پہ بیدار مردم سے پوشیدہ تھا | کہ آفت رسیدہ و غمدیدہ تھا
غرض رفتہ رفتہ بصد رنج و غم | گیا زابلستاں میں وہ شاہ جم
سپہدار اور رنگ زابل کا شاہ | اسکے ایک تھی دختر رشک ماہ
سرا مہر سے حسن میں خوب تھی | دلآرام و دلدار و محبوب تھی
وہ زلف دوتا اُس کی دام بلا | گرفتار جن کا نہ ہوئے رہا
وہ ابرو تھے یا تیغ براں تھے | وہ مژگاں نہ تھی بلکہ پیکاں تھے
کئے سینکڑوں اک نگاہ سے ہلاک | ہزاروں ملائے تھے خون و خاک
وہ قامت کہوں یا قیامت کہوں | قیامت سے بالا وہ قد کیا کہوں
کہوں کیا کہ رفتار نے کیا کیا | کہ ہر گام پہ فتنہ برپا کیا

تو بیٹھا ہے اک تیوں بر برنجر
بس اب دیکھ کر اس پرستار کو
کیا جب طلب اُس نے جمشید کو
کیا جم نے جانے میں آخر عذر
کہ تجھے جان سے ہے گرامی مجھے
غرض شوق سے تو یہاں آ شتاب
اور اب اُسکو دیکھا تو شیدا ہوا
شہ جم کے رکھ ہاتھ ہیں اپنا تھا
کنیزان گل چہرہ آئی وہاں
کیا شیشہ و جام پھر واں طلب
جو حکم اس پری چہرہ نے لیا کیا
برسم شہاں جو ہوا بادہ کش
کہا پھر یہ جمشید سے ایجوان
لگی کہنے پھر یوں وہ رشک قمر
دیا شاہ جمشید نے یہ جواب
عجب چیز ہے بادہ اے نازنیں
کرے دم میں یہ بزدلوں کو دلیر
کو رش کے کرنے کو دلیوہ کرے
تو بس مجھ کو تھی راہ کی ماندگی
کہ جمشید شاہ جہاں ہے یہی
بیکا یک یہ خاطر گذرا کہ اب
ہوا اتنے میں گلشن کی دیوار پر
کوئی شوق سے جیسے پیدا و گم
جو یوں بیٹھے دیکھے کہ باہم
تو فرمائے اسمیں سے ہمدم جسے
کہ زن پیشہ ہستی کرے شق کار
وہ لے ہمسری ہم سے کیا ایسے

تو ٹھہرا ہے کیوں یاں سے ہیں آنکل
تجھے یاد ہے آئی لے نیکجو
تو سوچا یہ جمشید فرخندہ جو
ولیکن وہ بولی عذر کچھ نہ کر
بہت پاس خاطر ہے بیہال سے
کہ شاہ بھی ہے اور سرو قد بھی
اثر عشق کا دل میں پیدا ہوا
خراماں چمن میں ہوئی اُسکے ساتھ
ہر اک جم کے آگے وہ سجدہ کناں
ہوا دور عیش و نشاط و طرب
تو پھر جام ساقی نے جم کو دیا
یہ کہنے لگی جی میں وہ حور وش
رہ دور سے اب تو آیا یہاں
تجھے خواہش بادہ ہے اسقدر
کہ ہے بیشتر بہر سیل شراب
کر دیوے کرے دور کلفت وہیں
بچے ہے جو کوئی کرے کار شیر
غم دل کو بس دور بادہ کرے
تشنہ ہوئی بادہ ناب کی
جہاندار شاہ شہاں ہے یہی
شبیہ شہ جم کروں میں طلب
پڑی اس پری چہرہ کی جو نظر
ہلے لب یار سے لب بہم
تو کچھ شرم سی آگئی بیش جم
کروں صید اسکو میں اک تیر سے
بہر کر بیشیاستی تو اب زینہار
کہے ہمسری گر تو بیچا کرے

نگاہ اس کنیزک پہ مائل ہوا
اگر تجھ کو ہے آرزوئے شراب
تو جاؤں میں پیش بت دلستاں
پدر ہے مرا شاہ زابلستاں
مجھے ہے یہ پرواہ کی عذر غیب
سنا تھا یہ جمشید سے بیشتر
گیا باغ میں شاہ جم پھر وہیں
گئی سیر کرتی وہ اک حوض پر
بحکم پری روبشک و گلاب
کہا نازنیں نے کر اب بیدرنگ
گئے نوش جم نے پیالے تمام
کہ ہے یہ جواں یگانہ و شاہ
ترے واسطے ہوئے حاضر طعام
کہ جز بادہ تو کچھ نہیں چاہیے اور
کبھی گر نہ پاؤں تو بیتاب ہوں
دل تیرہ کو روشنائی ہے مے
جو ہو پیر فرتوت بھی بادہ کش
کرے رفع سب ماندگی بے سخن
کہا جب فصاحت سے جم نے سخن
لگی کہنے جی میں یوں اتمان
کسی سے کہا یوں کہ جاؤ سبھی
تو دیکھا کہ بیٹھے ہیں کیوں دو
وہ دونوں تھے سرگرم راز و نیاز
طلب کرکے پھر دو میں تیر و کماں
شہ جم یہ بولا کہ اے نازنیں
اگر ایک زن ہو شجاع و دلیر
کہ فن زن ہی آخر کو ادھر مرو

ادھر محبت سے ترا دل ہوا
تو اس باغ میں لے جواں آ شتاب
سیاہ ابلا کوئی آئے یہاں
میں اُسکی ہوں اک دختر رستاں
جسے چاہوں اسکو کروں میں طلب
کہ اک وقت ہے رشک شمس و قمر
ہوئی شاد و خرم بہت نازنیں
ہوئی خوش شہانہ پہ جلوہ گر
شہ جم کے پھر پاؤں دھوئے شتاب
پلاؤ اسے بادۂ لالہ رنگ
ہوا دور اندوہ دل سے تمام
کیا چرخ نے لیکن اس کو تباہ
وہ بولا کہ تم اور دو مجھ کو جام
نظر آئے مجھ کو عجب بہتر طور
ہیں یہ بیسے بادہ نایاب ہوں
جسے کرنت ہو مومیائی ہے مے
تو ہووے جواں پی کے اسے حور وش
لگے مے سے خوشتر بہار چمن
گماں لگی تب وہ رشک چمن
کہ کیونکر یقیں ہوا ہے گماں
مرے باپ سے لاؤ جم کی شبیہ
ملاکر بہم اپنی منقار کو
تو ہے ناز و ادا و ہر سو تھا ناز
لگی کہنے جمشید سے یوں کہ ہاں
جہاں مرد ہوں اُنمیں لازم نہیں
تو ہی اپنے نزدیک ہو مثل شیر
شعور زناں ہو ہوش مرد ابا ہنر کرو

دلیری و تدبیر و زور و ہنر
پہ شنکر پری وہ ہوئی شرمگین
کمان ہاتھ سے جم کے آگے رکھی
تو پھر دل جو چاہے اُس کو لائے
او پری وش بھی اس ہنر کو پا گئی
کمان سے ہوا تیر جس دم رہا
نہ تھی زور تھی نازنیں کی کمان
لگی جا ہیں کہنے کہ کیا احتیاج
غرض قوت و زور جم دیکھ کر
تصور میں جم کے پیا پھر شتاب
کبوتر جو بیٹھا ہے پھر آن کے
مراد وہ ہم آغوش ہو شوق سے
سمجھ یہ گیا شاہ جم بھی وہاں
کہا اس نے یہ ماجرا یک قلم
جو دیکھا تھا طالع میں تیرے سو آب
نہ کر دیر ہو وصل سے کامیاب
سنا اُس نے دایہ سے جب یہ سخن
یہ دایہ سے بولی جو تم نے کہا
بہ دولت سے جم کی مقابل ہوئی
تو اورنگ و دیہیم کو پا و کر
پری رو نے دیکھا جو یہ حال جم
پسند ہے دلچسپ بزم طرب
یہ کہنے لگا جم کہ اے گلبدن
سو پریاں کی جو میرے لگا
لگا دینے دل اب بے اختیار
کیا شاہ جمشید کو یوں تباہ

رکھے مرد سے زن سوا ان بیشتر
عرق آگیا چہرے پر بس وہیں
کیا مدد رہی اور بہت عاجزی
بصد شوق ہمبستر اپنا کر دل
یہ بات اُسکے جی میں حیا نہیں آگئی
گری بادہ بیہل ہو تیر اُٹ گیا
کہ زابل میں تھے جقدر پہلوان
شبیہ شہ جم کو دیکھو نہیں آج
ہوئی آفریں خواں وہ رشک قمر
پری چہرہ نے ایک جام شراب
نشانہ کروں تیر کا گر اُسے
کروں اسکو ہمخوابہ میں شوق سے
کہ میری طلبگار ہے نازنیں
نگاہ کی دایہ نے وہیں سوئے جم
ہوا آشکارا بالطاف رب
خوشی سے ہو ہمبستر اسکی شتاب
ہوئی اور دیوانہ وہ سیم تن
نہ روئے کرم رحمت لائے خدا
تو لبیں باعث فرحت دل ہوئی
دل پر الم سے کیا نالہ سر
تو پوچھا کہ کیوں تو نے کی چشم نم
یہ ہو وقت گریے کا کیا ہے سبب
جو دنیا میں ہیں عاقل و ہوشیار
تو دیکھی شبیہ جم اے رشک ماہ
رہا کچھ نہ دلمیں شکیب و قرار
لیا چھین ایکدست تاج و کلاہ

حوالے مرے کر یہ تیر و کمان
ملے دلمیں افزوں محبت ہوئی
کہا پھر یہ جم نے کہ اے نیکخو
مراد اس سخن سے تھی وہ رشک ماہ
پیا جام پھر جم نے بادہ بیدرنگ
پھر اکدم میں بیٹھا وہ نادان کر
کوئی کھینچ سکتا تھا اسکو نہیں
ہوا اس یقیں یوں کہ جمشید ہے
طلبگار جم کی ہوئی دلمیں بس
شہ جم سے پھر آپ لیکر کمان
تو جس مرد فرخ پہ مائل ہو دل
یہ اس گفتگو سے تھی اسکی مراد
بہم گفتگو واں خوشی سے یہ تھی
کیا جم کو پہچان اور یوں کہا
طلبگار تھی جسکی سو ہے یہی
وہ دختر کہ تھی عاشق روئے یار
اور اپنے دلمیں خوش ہوئی بیشتر
پھر اتنے میں واں جم کی آئی شبیہ
شہ جم کو دایہ نے پھر دی شبیہ
لگا کھینچنے نالہ پھر شہریار
نگاہ کرکے اب تو سو پریاں
گیا کس طرف ہائے تیرا خیال
ستمدیدگاں کے وہ احوال پر
مجھے یاد آیا وہ جاہ و حشم
کیا جور چرخ ستمگر نے ہائے
جہاں کا کیا شاہ ضحاک کو

ہنر دیکھ میرا تو اے دلستان
زیادہ شہ جم کی الفت ہوئی
کروں گر ہدف تیر کا مادہ کو
کہ ہووے ہم آغوش جمشید شاہ
کماں کھینچ کر ایک ماہ خدنگ
کہ بیٹھا ہوا تھا جہاں بیشتر
ولے جم نے کھینچا تو وہ نازنیں
تہ ابر پوشیدہ خورشید ہے
ہوئی وصل کی اسکے جی میں ہوس
یہ کہنے لگی وہ بت دلستاں
ملاقات کا اسکے سائل ہو دل
کہ ہو جفت جمشید فرخ نہاد
کہ دایہ بھی آپہنچی اس تخت کی
کہا کہ اے دختر مہوش و دلربا
شہ جم شہ نامجو ہے یہی
رکھے تھی تمنائے بوس و کنار
کہ معشوق مطلوب ہوا جلوہ گر
وہ دایہ کو اس نے دکھائی شبیہ
اور اس نے وہ اپنی جو دیکھی شبیہ
ہوئی زن بھی نرگس اشکبار
ہوا کس لئے یاں تو نالہ کناں
مگر ہم سے کچھ تو نے پایا ملال
غم و درد سے ناز کرتے ہیں سر
بزرگی و اورنگ تاج و علم
کیا ظلم اس سفلہ پرور نے اسے
دیا تاج و تخت ایک ناپاک کو

دو مار سیاہ جسکے ہیں کتف پر
کہ ایسا ہے وہ برگشتہ اختر کہاں
کہیں ہے اسیر بلائے بزرگ
کہ ہے آپ جم یہ شہ نامجو
کہا پھر یہ خلوت میں تو ہی ہے جم
شہ جم یہ بولا کہ اے دلستاں
تملق بہت نازنیں نے کیا
کریگا تو انکار کر لاکھ پیا
بہانہ تو کرتا ہے اب بار بار
تیرے وصل کا مجھ کو مژدہ دیا
تری ہی تمنائے دیدار تھی
نہ آرام جاں ہے نہ کچھ مجھ کو تاب
غرض آخر کار لایا ادھر
بہت شاہ بیٹھے ہوئے خوشنگار
نہ مجھ سے دلآرام و دلدار سے
جدائی کیے ہوں در و سے بیقرار
یہ کہکر لگی رونے بے اختیار
یہ دل تجھ پہ صدقے کروں بلکہ جاں
کہا دخت نے جب بہت انکسار
مخالف میرا ایک تو بخت ہے
مجھے دوسرے تجھ سے اندیشہ ہے
یہ سنکر لگی کہنے وہ گلعذار
کہ بد خواہ تیری نہ ہوں زینہار
یہ جب بیچ میں آئے قول و قسم
پری چہرہ کے ہاتھ میں جم کا ہاتھ
بندھا عقد جس طرح آئین تھی
ہوئے عقد سے سخت دو دلنگار

وہ صورت میں ہیں ویسے ہی تجھ
بجز نام اسکا نہیں کچھ نشاں
ہوا یا کہیں لقمۂ شیر و گرگ
و لیکن چھپاتا ہے یہ آپ کو
تو پوشیدہ رکھتا ہے جانیں ہیں ہم
سراپا غلط ہے یہ تیرا گماں
و لیکن یہ انکار کرتا رہا
کرونگی نہ تجھ سے میں اپنا گذر
نہیں جائیگا پیش کچھ زینہار
اور اس نے سے مجھ کو واقف کیا
دل و جاں سے تیری طلبگار تھی
نہ دل میں شکیبا ورنہ آنکھوں میں خواب
مرا جذبۂ دل تجھے کھینچ کر
نہ اقبال ملنے کا کیا زینہار
پری چہرہ و ماہ رخسار سے
خدا کے لئے مجھ سے ہو ہمکنار
زباں پر یہ لائی کہ اے نامدار
تو کر مجھ سے راز نہفتہ عیاں
یہ کہنے لگا تب شہ نامدار
دو ہم دشمن جاں وہ کمبخت ہو
کہ زن کا نہ ہرگز وفا پیشہ ہو
کہ ہر زن نہیں بیوفا زینہار
دل و جاں سے ہوں میں تیری ہی فدا
تو ایمن ہوا بس وہیں شاہ جم
طرف قصر کے لیگئی اپنے ساتھ
ادا کی جو رسم رہ دین تھی
ہوئی شہ کی منکوحہ رشک ماہ

نہیں ہے خبر شاہ جمشید کی
خدا جانے جیتا ہے یا مر گیا
یہ غصہ بیاں جبکہ جم نے کیا
کنیزوں کو یکسر کیا واں سے دور
کہا میں نہیں جم وہ بولی کہ ہاں
مجھے جم جو سمجھی تو اے مہ جبیں
بہت کرکے عجز اور انکسار
کہ تجھ کو لیا میں نے پہچان اب
یہ دایہ جو بیٹھی ہوئی ہے یہاں
کہ تجھ سے خدا دے مجھے اک پسر
تری سعی میں ایک مدت سے تھا
خدا سے یہ خواہش تھی اے نامجو
غنیمت سمجھ تو مرے وصل کو
کہ تجھ پر دل زار دیوانہ تھا
نہ ہو شوق سے گر ہم آغوش اب
نہیں تو کروں اپنے سینہ کو چاک
مقرر ہے تو جم مجھے ہے یقیں
جو کچھ راستی ہے تو وہ بات تو
مجھے راستی سے نہ کیوں ہو حذر
خبر اسکو پہنچے مبادا کہیں
نہیں ہے پسندیدۂ عاقلاں
قسم ہے مجھے اب تری جان کی
نہ کر خوف اندیشہ اے نامور
کہا قصہ پھر جم نے اپنا تمام
کیا جا کے آراستہ تخت زر
ہوئے عہد و پیمان محکم بہم
سر مہد زریں ہوئی جائے خواب

نہیں حال اسکے سے کچھ آگہی
ہوا اسکا احوال کیا جانے کیا
تب اس دخت دایہ نے جی میں کہا
رہی دایہ اور وہ بت رشک حور
یہ کہتی ہے کیا پیکر پرنیاں
مگر کوئی مشکل ہوتا نہیں
وہ بولی کہ اے خسرو نامدار
تو مت جان تک مجھکو انجان یہ
خبردار ہے راز اختر سے یاں
یہ سنکر شب و روز شام و سحر
گرفتار غم تیری فرقت سے ہوں
کسی طرح تیری ملاقات ہو
کہ تجھ سے ہوئی آپ ہیں کامجو
ترے عشق میں سب سے بیکار تھا
تو صد حیف ہے اور بڑا ہی غضب
کروں آپ کو ایکدم میں ہلاک
تو اقرار کرتا بھلا کیوں نہیں
رکھے ہے تو پوشیدہ اے نامجو
کہ رکھتا ہوں دو چیز سے میں حذر
اور آجاویں لوگ اسکے ایذا گزیں
کہ زن سے عیاں کیجو راز نہاں
قسم ہے مجھے اپنے ایمان کی
سمجھ اس مکانکو نہ جائے خطر
کیا تھا ہر آگے پریچی شب کے نام
ہوئی ساتھ جمشید کے جلوہ گر
ہوا ساتھ گلرو کے پیوند جم
ہوا اتصال مہ و آفتاب

ہوئے بے محابا نہ وہ ہمکنار
عجب رنگ کی اس گھڑی تھی بہار
ہوا چہرہ فیروزہ رنگ مراد
نشانے پہ پہنچا خدنگ مراد

وہ باہم لگے عیش کرنے مدام
سے عیش کرکے وہ لگے پینے جام
کئی روز گذرے کہ وہ سیمبر
بہت کم لگی آنے پیش پدر

تو کرنے لگا اسکی وہ جستجو
کسی نے خبر دی کہ وہ ماہرو
ہوئی اک جواں سے گرفتار اب
رہے ہم آغوش وہ روز و شب

یہ سنتے ہی بس وہ ہوا خشمگیں
اور آئی وہ جب دختر نازنیں
ترچھی جبیں پر نکھار ہے خشم
لگا کہنے اس سے کہ اے شوخ چشم

ہوئی اسقدر بے حیا کہ تو
اڑانے لگی سر بسر خاک تو
کیا چاک اب شرم کا پیرہن
لیا جامۂ بے حیائی پہن

کیا راز کو تو نے ہم سے نہاں
ملے رنگ جیسے ترا ہے عیاں
وہ تھی حاملہ اندنوں گلبدن
ہوا زرد تھا ویسے رشک چمن

کیا عرض اس نے کہ سن اے پدر
دیا حکم تھا تو نے یہ پیشتر
کہ چاہو جسے اس سے ہم خواب ہو
سو پایا عمل میں یہ طرز نکو

ولے شیشۂ ننگ توڑا نہیں
رہ نیک سے منہ کو موڑا نہیں
رکھا میں نے ناموس پیش نگاہ
کیا جفت وہ شاہ عالم پناہ

جہاں میں کوئی اسکا ہمسر نہیں
کوئی جاہ میں اس سے برتر نہیں
یہ دایہ نے بھی عرض شاہ سے کیا
تھا بیٹے جو تجھ کو مژدہ دیا

بفضل خدا اس نے پایا ظہور
ہوا جلوہ گر مہر مقصد کا نور
شہ جم یہاں آگیا ناگہاں
ہوئی حاملہ اس سے یہ دلستاں

سنی دایہ سے اس نے یہ بات جب
شہ زابلستاں ہوئی شاد تب
یہ بولا کہ خوش تو نے مژدہ دیا
مرے دل کو مسرور و شاداں کیا

یہ ہے یاوری بخت کی سربسر
ہوا جو گذر شاہ جم کا ادھر
مقرر اسے باندھ کر صبحگاہ
روانہ کروں سوئے ضحاک شاہ

کہ ہو مجھ سے خوشنود وہ شہریار
فزوں ہو مرا عز و جاہ و وقار
مجھے لطف سے اور اقلیم دے
در و لعل بخشے زر و سیم دے

یہ سنکر وہ دلدار رونے لگی
وہ بے صبر و بیتاب ہونے لگی
پہ بولی کہ اے خسرو نامجو
تو جو رہ تعدی کے درپئے نہ ہو

روا رکھ نہ خونریزی شاہ جم
مری جان پر تو نہ کر یہ ستم
جو لے اپنی کشور میں آکر پناہ
دغا ساتھ اسکے ہو بیداد شاہ

اٹھا اپنے دل سے ذرا یہ خیال
ترے اپنی گردن پہ ناحق وبال
سدا تخت و دیہیم رہتا نہیں
ہمیشہ زر و سیم رہتا نہیں

نہ اپنا سمجھ ملک و دیہیم کو
سمجھ خاک لعل و زر و سیم کو
نہ بیچلے پہ جور و بیداد کر
خداوند جاں آفریں سے بھی ڈر

گزند اور غریباں نہ کر تو پسند
نہ بدنام ہو اے شہ ارجمند
تو جمشید کو مجھ سے مت کر جدا
وگرنہ مرے تن سے کر سر جدا

یہ کہکر وہ رونے لگی زار زار
[illegible] لگی کرنے بے اختیار
ہوئی بسکہ گریہ کناں نازنیں
تو رحم آگیا باپ کو بس وہیں

یہ بولا کہ اے دختر والا تمیز
مجھے تیری خاطر بہت ہے عزیز
تو خاطر کو رکھ جمع شام و سحر
کہ اس کام سے بیٹی کی درگذر

اذیت نہ جم پر رکھونگا روا
نہ ہرگز گزند اسکو پہنچاؤنگا
اسے بلکہ دوں ملک و مال و سپاہ
زیادہ کروں عز و توقیر و جاہ

یہ کہہ جا کے پھر بطرف سو شتاب
کہ اے بادشاہ ثریا جناب
سحر میں کبھی آؤنگا تیرے حضور
غم و فکر کو رکھ تو اب دل سے دور

ہوئی شاد وہ دختر بوستاں
گئی پیش جمشید وہ ہی دواں
سنا تھا جو کچھ باپ سے سو کہا
دل شاہ کو مطمئن کر دیا

فروزاں ہوا جبکہ نور سحر
ہوا مہر رخشندہ جب جلوہ گر
گیا پیش جم شاہ زابلستان
جھکا کر سر اپنا پھر اس نے کہا

کہا یوں کہ اے شاہ عالی تبار
نہ ہو بدگماں مجھ سے اب زینہار
یقیں جان جبتک کہ زندہ ہوں میں
یہ دختر کنیز اور میں بندہ ہوں

نہ دینا کچھ اندیشے کو دل میں دخل
کہ خدمت میں حاضر ہوں شام و پگاہ
دلاسا وہ دیتا تھا شام و سحر
ولیکن ہی جمشید کو تھا خطر

یہی قصد تھا یاں سے ہو جائیے

گریختن جمشید از زابلستان بطرف

ملے جبکہ تا پر نکل جائیے

ہندوستان وگرفتار آمدن راہ بدست مردمان ضحاک وکشتہ شدن او

بہت دن رہا شہر زابل میں جم   ولے دل کو تھا اسکے آرام کم
وہ دلدار تھی رات دن اسکے پاس   وہ تو سپہر بھی تھا تھا غم اور ہراس
رہے تھا شب و روز اندیشہ مند   کہ پہنچے مبادا یہاں کچھ گزند
کسی نے کہا اے شہِ بے نظیر   یہ چاہیں ہیں یاں تلک امیر و وزیر
کہ تجھ کو پکڑ کر بحالِ تباہ   روانہ کریں سوئے ضحاک شاہ
نہیں تو وہ لشکر ادھر کھینچکر   کریگا تباہ ملک کو سربسر
ہوا جب خبردار اس بات سے   گریزاں ہوا شاہ جم گھات سے
وہ زابل سے چلکر سوئے چیں گیا   ولیکن وہاں بھی بہت کم رہا
وہاں سے سوئے ہند راہی ہوا   بیاباں نورد و تباہی ہوا
جو گھبرا گیا راہ کے رنج سے   گیا بیٹھ سائے میں اک نخل کے
وہ ازبسکہ تھا اپنے جی سے بتنگ   لگا بخت ناساز سے کرنے جنگ
کہ اے بخت کمبخت کیا جور ہے   بھلا یہ بھی ظالم کوئی طور ہے
خراب اور آوارہ مجھ کو کیا   ملا خاک میں ہائے تو نے دیا
ہوئے پھر مخاطب سوئے فلک   کہ اے چرخ بیداد بیک تلک
کہاں تک پھروں میں تباہ و خراب   کہاں تک رہوں یوں میں بے صبر و تاب
یہ ناسازی بخت سے سربسر   کہ سرگشتہ ہوں میں بلا شام و سحر
عدم سے نہ آتا میں ہستی میں کاش   نہ ہوتا مجھے یہ غم جانخراش
یہ کرتا ہوا زاری و آہ جم   ہوا اسے ذرا سو گیا ایکدم
اسے آگیا خواب اور ناگہاں   ہوا فتنۂ خفتہ بیدار واں
اجل بھی کمینگاہ میں تھی کہیں   سو وہ آگئی اسکے سر پر کہیں
غرض ایک ضحاک کا ایلچی   کہ ساتھ اسکے تھوڑی سی تھی فوج بھی
وہ تھا سوئے خاقان چیں و سپہر   کہیں اتفاقاً جو گذرا ادھر
شہِ جم کو پہچان اس نے لیا   گرفتار بس اسکو وہیں کیا
بحالِ پریشان و بندِ گراں   کیا سوئے ضحاک جم کو رواں
کسی کا نہیں یہ جہانِ غدار   کسی کا نہیں چرخ گردندہ یار
عبث ہے جو دولت پہ پھولے کوئی   طرح گل کے شادی سے پھولے کوئی
کہ دولت بھی ہے آہ ناپائدار   نہ دُنیا کو ہے کچھ ثبات و قرار
ذرا دیکھنا حال جمشید کا   کہ تھا چرخ پر جسکا تاج و کلاہ
ہوا پھر گرفتار زنجیر و بند   اسے چرخ گرداں سے پہنچا گزند
خبر سنکے بولا یہ ضحاک شاہ   کہ ہاں جم کو لاؤ بحالِ تباہ
گیا جبکہ جم آگے ضحاک کے   پس پشت تھے ہاتھ دونوں بندھے
فقط پاؤں میں کچھ نہ زنجیر تھی   بندھی بھی تھی رسن انکی گردن میں بھی
الم سے تمام اسکا چہرہ تھا زرد   گرفتار خواری تھا وہ نیک مرد
اُٹھاتا نہ تھا شرم سے سر وہاں   اور آنکھوں سے تھی اسکے آنسو رواں
خوشی سے وہ ضحاک بیدادگر   ہوا خندہ زن حال یہ دیکھکر
لگا کہنے ظالم یہ جمشید سے   فزوں تر ترا رتبہ خورشید سے
پر اب اسطرح کیوں ہوا خوار تو   خرابی میں کیوں ہے گرفتار تو
ہوا کس لئے تجھ سی برگشتہ بخت   کہاں ہے ترا اب وہ دیہیم و تخت
کہاں پادشاہی و تاج و علم   کہاں لشکر و فوج و جاہ و حشم
کہاں حکمرانی کہاں گیر و دار   کہاں وہ ترے رسم و آئین کار
جواب اسکو جمشید نے یہ دیا   کہ تجھ سے نصیبا جو یوں پھر گیا
تو بیجا ہے اس بختیاری پہ ناز   عبث ہے پھر اس تاجداری پہ ناز
نہ مغرور دولت پہ ہو اسقدر   ذرا روز بد کا بھی اندیشہ کر
تجھے بھی یہ پیش آئیگا ایک روز   رہیگا نہ تیرا سدا نیک روز
کریگا فلک تجھ کو خوار اسطرح   کہ دیکھے ہے تو مجھکو اب جس طرح
لگا کہنے پھر یوں کہ بیدادگر   کہ کھینچوں تجھے اس گھڑی دار پر
کروں یا قلم سر کو شمشیر سے   پروؤں ترے تن کو یا تیر سے
ذرا کہہ کہ کیا ہے تری آرزو   وہ منظور ہے جو کہے مجھ سے تو
یہ گفتار سن کے لگا کہنے جم   کہ اس وقت مجھ کو نہیں کچھ بھی غم
فقط تھے یہ چاہا تو کیا خوف و باک   تو جس طرح چاہے مجھے کر ہلاک

یہ ضحاک نے پھر کسی کو کہا | کہ جیرو نہے ایک آرہ منگا | وہ دو تختے لایا اور اک آرہ بھی | شہِ جم کو تختے سے باندھا تبھی

پھر آگے سے چیرا اسی پیش ہاں | ہوئے ایک جسم سے دو پیکر عیاں | جہاں سے محبت ہے امید وفا | کہ بے مہر ہے اور سراپا خطا
نہ دورِ فلک کا ہے کچھ اعتبار | کہ پھرتا ہے یہ لیل و نہار | جو ہوا ارجمند اسکو یہ چرخ دوں | کرے آخر کار یوں سرنگوں
پھر اک دم سے ہو جو دیا اس کو رنگ | سدا گوش زد ہی یہ آواز مرگ | خبر یہ گئی سوئے زابلستاں | ہوا قتل جمشید شاہِ جہاں
جب اس نازنین کو یہ پہنچی خبر | تو رنج و الم سے ہوئی نوحہ گر | نہ آنکھوں میں خواب اور نہ دل میں قرار | لگی رہنے بیتاب لیل و نہار
اسے کام تھا اشکباری کیا تمام | سدا شغل تھا آہ و زاری کیا تمام | نہ تھی آشنا وہ خور و خواب سے | وہ بیگانہ تھی صبر او رتاب سے
اٹھایا بہت اسنے بیداد و مہر | پھر آخر کو وہ مرگئی کھا کے زہر | دو ہمشیر تھیں شاہِ جم کی کہیں | انہیں لوگ لائے پکڑ کر وہیں
کہے خلق تھی ایک کو شہر ناز | اور اس دوسری کا تھا نام ارنواز | انہیں شاہِ ضحاک نے کر طلب | رکھا اپنے گھر میں بلطف و طرب

خواب دیدن ضحاک و ترسیدن ازاں خواب ہولناک

وہ ضحاک تازی لیا جب تختِ جم | جہاں میں لگا کرنے جور و ستم | لگے قتل اور گاہ غارتگری | ہوئی تازہ رسمِ ستم پروری
وہ مرد جواں کو وہ بیخوف و باک | طلب کر کے ہر روز کرتا ہلاک | وہ ہوتے غریب اور یا ارجمند | روا جان پر انکی کرتا گزند

غرض مغز کرا کے لیے تمام
کھلاتا وہ سانپوں کو ہر صبح و شام
لگا کرنے بیداد وہ بے حساب
پھر اُسنے کہیں رات کو اک خواب

یہ دیکھا کہ پیدا ہیں اُسکے گرد
اور انمیں سے دو ہیں کلاں ایک خورد
کیا جاتا تینوں نے ضحاک پر
ہوا جس سے عاجز وہ بیدادگر

وہ گرد دلاور کا تھا نوجوان
سوا اُسکے وہیں ایک گرز گران
جو مارا سر شاہ ضحاک پر
تو گیسو پریشاں ہوا مغز سر

ستمگر کے ہاتھوں کو باندھا شتاب
رسن ڈال گردن میں باندھا شتاب
اُسے لیگئے کھینچ بالائے کوہ
کیا سخت اُسکو زبون ستوہ

ہوا دیکھکے خواب وہ ہولناک
ہوا اسکو اندیشہ خوف و باک
کیا خواب میں اسقدر آہ و فغاں
کہ لرزاں ہوا سر بسر وہ مکان

ہوئے وہ ہیں بیدار اہل حرم
دل اُنکا ہوا ہول سے پُر الم
لگے پوچھنے شاہ سے کیا ہوا
یہ فرماؤ کیا فتنہ برپا ہوا

فغاں خواب میں کیوں کیا اسقدر
لگا کانپنے جس سے دیوار و در
یہ ضحاک بولا جو یہ داستاں
سنو تم تو گیسو پریشاں ہو جاں

میری زندگانی سے ہونا امید
نشاط جوانی سے ہو نا امید
کہا اُسنے پھر قصۂ خواب شب
یہ بیٹھا کہ ہو جلوہ گر صبح تب

تو اختر شناس آکے حاضر ہوں یاں
کریں اسکی تعبیر یکسر بیاں
جو تاباں ہوا چرخ پر آفتاب
تو حاضر ہوئے سب بہ آن شتاب

سنی داستاں خواب کی یک قلم
گئے ہوش اور ہو گیا بند دم
یہ دریافت دانشوروں نے کیا
ہوا تخت برگشتہ ضحاک کا

زوال اسکی دولت کا پہنچا قریب
ہوئی اسکی بیداد کی اب نصیب
دلے خوف جاں سے وہ خاموش تھے
تو زنہار آنکے بجا ہوش تھے

یہ اندیشہ تھا گر کہیں راست بات
تو ہو وے شہ نامور پر غضب
ابھی جاں پر اپنے پہنچے گزند
نہ کہتے تھے کچھ اسلئے ہوشمند

دیا تین دن تک نہ ہرگز جواب
بیاں کی نہ زنہار تعبیر خواب
چو روز چہارم ہوا شہ خفا
تو ناچار یوں موبداں نے کہا

کہ اے شاہ اقبال راہی ہوا
تہی تجھ سے اب تخت شاہی ہوا
ہوئی عمر آخر بس آیا زوال
ہوا تو گرفتار رنج و ملال

فریدوں کوئی شخص ہو ویگا شاہ
بصد شوکت و حشمت و عز و جاہ
وہ ممتاز نسل کیاں ہو ویگا
وہ فرمانروائے جہاں ہو ویگا

کہیں ہو ویگی گاو پرمایہ ایک
سو پالیگی اسکو بہ آئین نیک
ہوا لیکن ابتک وہ پیدا نہیں
کچھ آثار اُسکا ہویدا نہیں

کہا شہ نے پھر وہ ہمیں کیسے او
مرے سر پہ مارا ہے گرز گراں
لگے کہنے پیر عاقل و ہوشیار
فریدوں ابھی ہو ویگا شہریار

وہ ماریگا اک گرز گاو سر
کرے گا تجھے آکے یاں سے بدر
یہ پوچھا پھر اسنے کہ ظاہر کرو
فریدوں سے کیا کیوں یہ اندیشہ ہو

وہ بولے کہ اے شاہ بیخوف و باک
کریگا پدر کو تو اُس کے ہلاک
غرض تجھ سے ہو جائیگا خون پدر
کریگا تجھے قتل وہ آن کر

سنی شاہ نے جب وہ تعبیر خواب
ہوا درد و غم سے وہ بے صبر و تاب
نہ تک ہوش قائم رہے شاہ کے
زمیں پر گرا بس وہیں تخت سے

جو ہوش اسکے آئے بجا
تو پھر تخت پر پاؤں اُس نے رکھا
دلے بیخور و خواب رہنے لگا
شب و روز بیتاب رہنے لگا

نشان فریدوں کی تھی جستجو
لگے ہاتھ دشمن یہ تھی آرزو
کئے لوگ چاروں اطراف کو رواں
کریں جستجو تا بہر جہاں

کیا حکم یوں شاہ ضحاک نے
دیا سب کو فرماں یہ ناپاک نے
کہ نسل کیاں سے جسے پاؤ تم
گرفتار کر کے یہاں لاؤ تم

داستان تولد شدن فریدون

سنائیں فریدوں کی اب داستاں
سخنگو یوں کرتے ہیں یہ قصہ بیاں

ملک زادہ اک آبتیں نام تھا
خردمند اور نیک فرجام تھا
وہ تھا نسل میں شاہ طہمورث کی
خطا اصل میں اُسکی ہرگز نہ تھی

گرامی تبار و خجستہ نژاد
پدر بر پدر شاہ فرخ نہاد
ہمیشہ تھا ایراں میں مسکن گزیں
و لے گھر سے نکلے تھا باہر نہیں

کہ ضحاک ناپاک کے فرماں
کیا کی ملوکوں کو پہنچاتے جہاں
تو لیجاتے اُسکو گرفتار کر
یہی جی میں خوف تھا شام سحر

رہے تھا وہ پوشیدہ گھر میں مدام
اور اسکی تھی اک زوجہ سیم فام
جبیں سے عیاں اسکی پشیمان تھی
پھر اس آستیں نے یہ جی میں کہا
یہ کہکر وہیں سوئے صحرا گیا
گرفتار کر کے بحالِ تباہ
فریدوں کی ماں کو یہ پہنچی خبر
وہاں سے شتابی سے وہ ٹل گئی
وہاں کا نگہبان تھا حق شناس
مبادا کوئی بال نہ پہچان لے
وہ سوچی کہ یہ کودک شیرخوار
وہ ناچار ہو کر بہت بے حواس
یہ کہنے لگی ایک دلخستہ ہوں
مجھے کہنا نہیں ور پاتی ہوں میں
قبول اس جو اس نے سب کیا
رواں سوئے البرز وہ زن ہوئی
اُسے جانتا تھا بجائے پسر
گئے جب گذر القرض تین سال
ہوئی البرز سے وہ آخر رواں
کہ البرز میں پالنے لیجاؤں اب
نہ لیجا تو ویرانے میں طفل کو
خدا کی طرف سے ہوئی رہبری
ہوئی شاہ ضحاک کو جب خبر
نگہبان کو اندر گاہ کر رہا کس
نشاں کچھ نہ پایا فریدوں کا جب
کہ اُس نے ضحاک کے پیشتر
فریدوں کو وہ لیگئی اُسکے پاس

کہیں آنے جانے تھا کچھ نہ کام
کہ فرزانگی سے زمیں کا تھا نام
نمودار تھا فرِّ شاہنشہی
کہ دل بیٹھے بیٹھے جو تنگ آگیا
لگا پھرنے اور سیر کرنے لگا
وہیں لے گئے پیش ضحاک شاہ
تو اندیشہ دل میں ہوا بیشتر
فریدوں کو لیکر نکل وہ گئی
اور اک گاؤ دیر شیر تھی اُسکے پاس
مری امداس طفل کی جان نے
نہ زندہ رہے شیر بن زینہار
گئی دوڑ کر اس نگہبان کے پاس
بصد رنج اندوہ وابستہ ہوں
ترے پاس اب چھوڑ جاتی ہوں میں
فریدوں کو لے پاس اپنے رکھا
رہی جا کے وہ اور اسمیں ہوئی
وہ کرتا تھا شفقت بجائے پدر
فریدوں کی ماں کو یہ آیا خیال
مسافت کو طے کر کے آئی وہ واں
رکھوں پاس اپنے اسے روز و شب
مگر نہ اسکو کچھ پہنچے ایسا نہ ہو
کہ سکتے ہیں پانے نہیں بہتری
لے بیٹے ہیں سے پیٹیں کا بسر
کیا ظلم اسنے یہ بیخوف و باک
کیا سارے ایراں کو مسمار تب
اسے لیگئی یاں سے ماں آنکر
کہا یوں کہ اے مرد یزداں شناس

اُسے جاوداں ہم ضحاک تھا
ہوئی وہ زن مہروش بار ور
فریدوں کہا باپ نے اسکا نام
نکل گھر سے چلئے اب سوئے دشت
ادھر ناگہاں لوگ ضحاک کے
کیا قتل آخر اُسے شاہ نے
نہ اس سرزمیں میں رہا زینہار
کہیں ایک دلچسپ تھا مرغزار
کہ پرمایہ تھا نام اُس گاؤ کا
ولیکن جو غمگیں بہت تھی مدام
وہ طفل ان دنوں دو مہینے کا تھا
لگی رونے واں جاکے بے اختیار
یہ بچہ ہے بیچارہ بے پدر
اسی گاؤ پرمایہ کا دیجو شیر
ہوئی واں سے رخصت اُسے سونپ کر
نہاں مالک اُس گاؤ پرمایہ کا
وہ مصروف تھا پرورش میں مدام
سوئے مرغزار اب ذرا جائیے
کہا اُس نے آ کے اے مرد پیر
وہ بولا کہ ہے یہ ابھی خرد سال
وہ کہنے لگی یوں کہ اے مرد نیک
یہ کہکر اُسے لے گئی بس وہاں
یہ سُنکر ستمگار و بدروزگار
گیا پھر وہ ظالم شتابی سے واں
بد اندیش تھا گرچہ ضحاک شاہ
سر کوہ اک مرد درویش تھا
یہ بچہ ترا بندہ ہے اور غلام

دلِ اسکا شب و روز غمناک تھا
ہوا اس سے پیدا پسر اک مہ عذار
اُسے دیکھ کر دل ہوا شاد کام
وہاں چلکے کیجئے ذرا سیر گشت
جو پہنچے تو پہچان کر لیں اُسے
کیا یہ ستم ہائے ناپاک نے
کہ رہتی جہاں تھی وہ لیل و نہار
وہ پہنچی وہاں با دلِ سوگوار
غریبوں کو شیر اُسکا بس وقف تھا
ہوا شیر تھا خشک اُسکا تمام
شب و روز سوچ اُسکے جینے کا تھا
کہا اُسکے آگے بہت انکسار
تو کر پرورش اسکی شام و سحر
کہ پروردہ ہو کودک دلپذیر
نہ دیکھا ذرا اُس نے پھر کر ادھر
فریدوں پہ رکھتا تھا شفقت روا
پلاتا تھا شیر اسکو ہر صبح شام
وہاں سے فریدوں کو لے آئیے
مجھے ڈر ہے مرا کودک دلپذیر
اُٹھائے نہ ہو واں اذیت کمال
مرے دل میں گذرا ہے وسواس یہ
جہاں اسکا البرز میں تھا مکاں
رہ کہیں سے آیا سوئے مرغزار
فریدوں کے رہنے کا تھا جو مکاں
ٹلے تھا فریدوں پہ بفضل الٰہ
کہ روشن ضمیر و صفا کیش تھا
کرم کی نظر رکھ تو اس پر مدام

سر عجز سے پھر فریدوں کا سر
رکھا مرد درویش کے پاؤں پر

جو کچھ قوت اسکو پہنچا بہم
تو دیتا وہ دونوں کو بیرنج و غم

خداوند روئے زمیں ہوویگا
شہنشاہ باداد و دیں ہوویگا

کریگا یہی قتل ضحاک کو
جہنم کو بھیجے گا ناپاک کو

کر بدخواہ سے تخت و دیہیم لے
ظفر مند ہو ہفت اقلیم لے

فریدوں نے صحرا میں مسکن کیا
نہ زنہار کچھ خوف دلمیں کیا

کیا شاہ ضحاک نے کیوں ہلاک
ملایا اُسے کیوں تہ خون و خاک

کہا سوئے ضحاک بیداد گر
میں اب جاکے لیتا ہوں حق خبر

تو بیکس ہے کچھ اُسکے ہمسر نہیں
ترے پاس لشکر نہیں زر نہیں

ذرا صبر کر تو بالطاف رب
جو کچھ چاہیئے سو مہیا ہو سب

فریدوں یہ سنکر ہوا خشمگیں
یہ پاسخ دیا اپنی ماں کو کہ ہیں

مددگار میرا ہے پروردگار
نہیں خوف ضحاک سے زینہار

وہ بولی کہ یہ کار دشوار ہے
پسندیدہ تیری نہ گفتار ہے

یہ گفتار سننا نہ بہتر نہیں
کہ سر ہو نہ برباد اہیں کہیں

کیا عجز ماں نے فریدوں کی جب
اُسے رحم آیا فریدوں پہ تب

لگا کہنے درویش پھر ایک روز
کہ یہ طفل فرخندۂ نیک روز

یہ چھینے گا ضحاک کا تخت و تاج
شہان جہاں سے یہ لیگا خراج

زن خوش سیر بھی یہ بولی ہے ہاں
کہے طور سے اسکے کچھ تو بیاں

ہوا الغرض شانزدہ سالہ جب
سر کوہ البرز سے آ گئے تب

یہ پوچھا کہ اے مادر مہرباں
ہلاکے پدر کی تہ آسماں

وہ قصہ تھا جو کچھ کہا اُسنے سب
یہ سنکر فریدوں ہوا پر غضب

وہ بولی کہ ضحاک ہے پادشاہ
رکھے ہے وہ ساتھ اپنے گنج و سپاہ

نصیبوں میں ہے تیرے شاہی اگر
تو کیا اضطراب اسقدر اے پسر

کرے شاہ لطف الٰہی تجھے
میسر ہو اسباب شاہی تجھے

خدا نے کیا ہے تجھے بھی دلیر
اکیلا لڑونگا میں با شاہ شیر

کروں ایکدم میں اسے غرق خوں
زر و تاج و اورنگ سب چھین لوں

تجھے قوت اور زور اتنا کہاں
کہ ہو ہمسر اُس سے تو اے جواں

نصیحت مری دل پہ رکھ تو یاد
رکھے حق سدا تجھ کو آباد و شاد

کہ کیا اُسنے ہے کار نمایاں کیا

سنو آگے احوال اب کاوہ کا

منحرف گشتن کاوہ آہنگر از ضحاک و انبوہے بسیار فراہم آوردن و با فرزندان آمادہ موافقت فریدون گردیدن

ستمگار ضحاک بد روزگار
فریدوں کی جانب سے لیل و نہار

بہت مردم آزاری اُسنے جو کی
تو ضحاک سے خلق آزردہ تھی

کرے آکے ضحاک کا سر جدا
خداوند ہو تاج و اورنگ کا

کہیں ایکدن ظالم کینہ جو
طلب کر بزرگان اقلیم کو

دل اُسکی طرف سے جو ہے دردمند
شب و روز رہتا ہے بیم گزند

خبر مجھکو پہنچی ہے آکر یہاں
کہ اب وہ گیا سوئے ہندوستاں

خردمند شکل بزرگاں ہے وہ
دلاور بسان دلیراں ہے وہ

فراہم کروں اور جاؤں اُدھر
شتاب اسکو لاؤں گرفتار کر

کہ اب ایک میثاق محضر کریں
گواہی وہ پھر اپنی اسپر کریں

نہیں کار اسکا بجز عدل و داد
جہاں اُسکے لطف و کرم سے ہے شاد

رکھے دلمیں تھا بیم و خوف و ہراس
بجا تھے نہ کچھ اسکے ہوش و حواس

یہ آنکی شب و روز تھی آرزو
کہ [illegible] فریدوں [illegible]

سلاسل فریدوں سے تھا انکو کام
غرض منتظر وقت کے تھے مدام

یہ بولا امرا دشمن جان و مال
جہاں میں ہے اک کودک خوردسال

تجھے یاد ہے قول مردان پیر
کہ سمجھے نہ دشمن کو ہرگز حقیر

اگرچہ ابھی سال میں خرد ہے
ولیکن دلیری میں اک گرد ہے

یہ ہے عزم میرا کہ اے مردماں
بڑی جو ہو مردم سے فوج گراں

سفر مجھکو درپیش ہے دور کا
یہ خردہ کا اسنے سنا جو بیاں

یہ مضمون ہو مرقوم اسمیں تمام
کہ ضحاک ہے منصف و نیکنام

یہ خلق اسپہ رہتی گرفتار ہے
جہاں پرور و نیک کردار ہے

خطر بسکہ تھا اُس سے لگا رکا
سبھوں نے یہ ناچار محضر لکھا

ہر اک شخص کی جو گواہی ہوئی
نشانی بفرمان شاہی ہوئی

ولیکن جو کاوہ تھا آہنگر ایک
دلیر و خردمند تھا مرد نیک

کہیں نوبت اُسکی تھی فرزند کی
یہ اُس دن ہوس شاہ کے دل میں تھی

کہ کاوہ کے فرزند کو قتل کر
کھلا دیجئے سانپوں کو مغز سر

وہ کاوہ آیا ہُوا آن کر دادخواہ
لگا کہنے تا کہ کناں پیش شاہ

کہ اے شاہ سن میری فریاد کو
ذرا کام فرما نہ بیداد کو

تو ہے اژدہا پیکر و پیلتن
جہاندار سالار شاہ زمن

وہ کس لئے ہم پہ سختی و جور
ذرا کیجئے اپنے دل میں تو غور

کہ یہ بھی ہے انصاف کوئی بھلا
کئے تام تو داد بیداد کا

کرے میرے فرزند کو یوں ہلاک
نہ آئے ترے دل میں کچھ ترس باک

پھر اپنی بھلائی کا محضر لکھے
نکوئی کا مضمون سراسر لکھے

یہ گفتار سنکے وہ حیراں ہوا
ہراساں ہوا دل میں ترساں ہوا

نہ رکھا روا خون بیچارے کا
اُسے اُس کا بیٹا حوالے کیا

لگا کہنے کاوہ سے وہ تاجور
کہ اب تو بھی جلد اپنی محضر پہ کر

پڑھا جبکہ کاوہ نے محضر وہاں
ہوا آپ خروشاں و نعرہ زناں

بزرگان اقلیم سے یوں کہا
کہ اے مردماں تم نے یہ کیا کیا

خطر سے شہ دیو چہرہ کے اب
گرفتار عصیاں ہوئے ہائے سب

کیا تم نے ہرگز نہ کار نکو
غرض سوئے دوزخ رکھا سب نے رو

یہ کہکر شتابی سے بیخوف و باک
کیا اُس نے یکدست محضر کو چاک

کیا اور بھی کچھ سخنہائے سخت
حضور خداوند دیہیم و تخت

پھر اس انجمن سے وہیں اُٹھ گیا
اور اپنا وہ بیٹا بھی ہمراہ لیا

ہوئے آفریں خواں وہ سب شاہ کو
یہ کہنے لگے اے شہ نامجو

ہوا کاوہ گستاخ اور بے ادب
حق نعمت شاہ کیا بھول سب

حضور خداوند روئے زمیں
زباں پر وہ لائے سخنہائے کیں

رہ کینہ سے چاک محضر کیا
اطاعت سے پیچیدہ یوں سر کیا

شقاوت سے لی اُس نے راہ انحراف
کیا یاں سے بس ہو کے وہ برخلاف

مگر دوستدار فریدوں ہوا
کہ دشمن ترا ازپہ گردوں ہوا

نہ فرمانبری کی جو کاوہ نے
تو پھر کیوں تحمل کیا شاہ نے

دیا شاہ ضحاک نے یہ جواب
تحمل کا مجھ سے نہ پوچھو جواب

کیا آ نکلے کاوہ نے جب خروش
تو یکبارگی اُڑ گئے میرے ہوش

لگا پیٹنے اپنے سر کو وہ جب
بس اک خوف آیا مجھے دل کو تب

خدا نے جو چاہا سو پیدا کیا
اور آگے کریگا جو کچھ چاہیگا

گیا جبکہ وہ کاوہ کینہ خواہ
فراہم ہوئی پاس اسکے سپاہ

طلب کر کے پھر چرم آہنگراں
بنایا وہیں اک علم اُسنے واں

علم ہاتھ میں لیکے وہ نامور
روانہ ہوا واں سے بیں پیشتر

یہ کہتا تھا ہر بار کرکے خروش
کہ اے نامداران باعقل و ہوش

فریدوں کا ہو جسکے دل میں خیال
سو آئے یہاں وہ خجستہ خصال

کرے چاکری پھر نہ ضحاک کی
رفاقت کرے ترک ناپاک کی

ہوئے جمع واں شہری لشکری
ہوا پھر فریدوں رتبہ سروری

دہ کاوہ تھا بس آگے آگے رواں
بس کاوہ انبوہ پیر و جواں

کہاں ہے فریدوں یہ واقف نہ تھے
مگر سر اُٹھا لے وہ سیدھے چلے

غرض رفتہ رفتہ تفحص کناں
وہ پہنچے وہاں تھا فریدوں جہاں

دہ کاوہ حضور فریدوں گیا
ادب سے جھکا اپنے سر کو دیا

کیا عرض اے صاحب تاج و تخت
تری یاور دولت مددگار بخت

تو ضحاک کا چل کے دیہیم لے
جہاندار ہو ہفت اقلیم کے

یہ سمجھا فریدوں عالیجناب
کہ تائید غیبی ہوئی ہمرکاب

کیا شکر لطف جہاں آفریں
بجا سجدۂ شکر لایا وہیں

رفتن فریدوں بمعیت کاوہ بارادہ جنگ ضحاک و نشستن بر تخت شاہی و تسخیر ملک بتائید خدا

میسر ہوا جب بہ جاہ و حشم
سپاہ فراوان و تاج و علم

ہوا خوش فریدوں فرخ سیر
کیا تاج شاہنشہی زیب سر

علم پر جو تھا چرم آہن گراں
لیا زیر دیباے رومی نہاں
بنی پیکر گوہریں اُسپہ ایک
بہت نادر و نغز و دلچسپ و نیک

وہ یکدست تھا سرخ و زرد و بنفش
رکھا نام پھر کاویانی درفش
علم کی جو اس طرح تزئیں ہوئی
ہمیشہ کو یہ رسم و آئیں ہوئی

کہ ہو جو کوئی بادشاہ جہاں
تو چنے لگا چرم آہنگراں
بناکر علم اُس کو پر زر کرے
مزین بدیبا و گوہر کرے

شہانِ کیہاں نے بصد فرخی
یہ رسم و رہ نیک جاری رکھی
کیا پھر فریدوں نے یہ عزم جزم
کہ ضحاک سے کیجیے اب جاکے رزم

گیا پاس ماں کے یہ اُس سے کہا
کہ رکھتا ہوں میں قصد ایران کا
دعا کر تو اے مادرِ مہرباں
کہ ہوں میں ظفریاب جا کر وہاں

وہ جاہ و حشم دیکھ شاداں ہوئی
ولیکن جدائی سے گریاں ہوئی
دعا دیکے پھر اُس کو رخصت کیا
اور اُس دم خدا سے یہ کی التجا

کہ سونپا تجھے یارب اپنا پسر
نگہدار رہنا تو شام و سحر
روانہ ہوا پھر وہ عالیجناب
ہوا کاوہ لشکر کو لے ہمرکاب

فریدوں کے تھے دو برادر بزرگ
ولیکن وہ تھے کینہ ور مثل گرگ
فریدوں نے ساتھ اپنے اُنکو لیا
وفورِ عنایت سے شاداں کیا

پھر آہنگر اُس شاہ نے کر طلب
کیا حکم اسطرح اُسکو کہ اب
بنائے تھے اک گرزہ گاو سر
مرتب کیا اُس نے لبنی و دتر

اُترتا تھا شب کو وہ لشکر جہاں
سحرگاہ ہوتا تھا واں سے رواں
اسی طرح ہر روز تھے رہ نورد
سرِ چرخ پہنچی تھی لشکر کی گرد

وہ پہنچے کہیں اُس جگہ ایکبار
کہ ایزد پرستی کے واں تھے قرار
رہا شاہ تنہا وہاں وقت شب
اور امداد کی اُسنے واں سے طلب

فریدوں کو الہام اُس دم ہوا
فریدوں کا دل جس سے خرم ہوا
یہ آواز آئی کہ دل شاد رکھ
یہ افسوں بتاتے ہیں سو یاد رکھ

پھر اک شخص پیدا ہوا ناگہاں
کہ رکھتا تھا وہ صورت رہنماں
فریدوں کو سکھلائی افسونگری
یہ بولا کہ اے لائق سروری

کوئی آ پڑے در پیش مشکل جہاں
یہ افسوں تو پڑھنا وہاں بیگماں
کہ ہووے وہ آسان مشکل تمام
بن آوے شتابی سے یکدست کام

یہ سنکر فریدوں فرخ نہاد
ہوا دل میں اپنے وہیں شاد شاد
خوشی سے اُسے اور قوت ہوئی
زیادہ فریدوں کو ہمت ہوئی

ترقی پہ اقبال تھا شاہ کا
ظہور اُسکی تھا دولت و جاہ کا
گئے بھائی دونوں جو تھے کینہ ور
حسد لگیے یہ حشم دیکھ کر

لگے کہنے باہم کہ ہے یہ غضب
جو ہوں اُسکے محکوم ہم روز و شب
فریدوں کو بس قتل اب کیجیے
نہ تاخیر کو راہ یاں دیجیے

کہا ایک نے ہاں ہے یہ مشکل کمال
ہلاک فریدوں ہے امر محال
دیا دوسرے نے یہ اُسکو جواب
نہیں لازم اس کام میں اضطراب

کرینگے ہلاک اُسکو تدبیر سے
بہانے حیلے سے تدبیر سے
کہیں ایکدن با دل پر صفا
تہِ دامنِ کوہ سوتا وہ تھا

گئے بس وہ دونوں شقاوت نشاں
اُکھاڑا وہیں ایک سنگ گراں
سر کوہ سے اُسکو غلطاں کیا
کہ تا ریزہ ریزہ ہو سر شاہ کا

پھٹا ایک سنی اُسنے آواز سنگ
ہوا شاہ بیدار بس بیدرنگ
فسوں کو کیا شاہ نے وردِ زباں
ہوا بند وہ سنگ غلطاں ہوا

نہ غلطاں ہوا پھر ذرا پیشتر
بداندیش حیراں ہے دیکھ کر
رکا وہ کمر سے پھر خروشاں ہوئے
وہ سرگرم فریاد و افغاں ہوئے

یہ بولے کہ ہم کو تعجب ہے یہاں
ہلا کس طرح یاں سے سنگ گراں
اگر کوہ سے لائے گرتا کبھی
تو ضایع فریدوں بھی ہوتا ابھی

جہاں آفریں نے رکھا اُس نگاہ
بجا لاکے شکر لطف الہ
ولیکن فریدوں نے سمجھا وہاں
کہ یہ کام اُنکا ہی تھا بیگماں

نہ کچھ منہ پر اُنکے کہا زینہار
زیادہ کیا اُن کا جاہ و وقار
بصد فرخی پھر شہ نیک مرد
دم صبح واں سے ہوا رہ نورد

بیابان اور کوہ کی راہ سے
سپاہ و حشم شوکت و جاہ سے
جہاں دجلہ تھا شہر بغداد کا
فریدوں کو کاوہ وہاں لے گیا

گذر یاں سے کشتی جو انکی طلب
نہ دی اور ہوا شاہ واں پر غضب
کیا وہیں دریا میں گھوڑا رواں
روانہ ہوئی فوج بھی بعد ازاں

نہ ہرگز ڈرا وہ لعیں آیا خطر
مکاں وہ بنایا تھا ضحاک نے
طلسم ایک تھا وہ درون مکان
نمایاں ہوئی وہ بلائے عظیم
کیا گرز سے وہیں اُنکو ہلاک
یہ کاوہ سے پوچھا کہ کیا تخت
بصد فرخی پھر شہ نامور
کہ ضحاک بیدادگر ہے کہاں
اُدھر لیگیا لشکر بیکراں
رہی فوج تھوڑی سی باقی وہاں
لیا مال و زر اور توڑا طلسم
گیا پھر شہنشاہ گیتی پناہ
بتان پری چہرہ و سیم بر
وہیں خواہران جم نامور
کہ اک دیو پیکر کی صحبت میں تھے
ہوا ہم پہ بارے خدا مہرباں
یہی اپنے دل کی ہے اب آرزو
وہ بولی کہ تجھ سے تھا اُسکو خطر
کہ ہندوستان کو مسخر کرے
تجھے جس کے جادو سے پہنچے گزند
کہ بدخواہ تیرا سدا خوار ہو

گئے سحر و نخار سے سب اُتر
کیا تھا بلند اُسکو ناپاک نے
بلائے دشوار تر تھیں جہاں
سیہ دیو اور اژدہائے عظیم
پھر آگے گیا شاہ بیخوف و باک
لگا کہنے یوں کاوۂ نیک بخت
سر تخت زرّیں ہوا جلوہ گر
جو کچھ تجھ کو معلوم ہے کر بیاں
زرہ پوش مردان جنگی بلاں
طلسم و حرم خانے کے پاسباں
نہ چھوڑا خزانہ نہ چھوڑا طلسم
بسے شبستان ضحاک شاہ
ہوئیں شاد واں شاہ کو دیکھکر
لگیں کہنے یوں چشم کو کر کے تر
گرفتار ہم اک مصیبت میں تھے
کہ بھیجا بجاہ و حشم تجھ کو یاں
کہ جبتک جہاں ہے جہاں میں ہو تو
تجسس کو تیرے گیا ہے اُدھر
دل غمزدہ کو وہ خوشتر کرے
وہ بیخوف ہو زیر چرخ بلند
تو دائم جہاں میں جہاندار ہو

وہاں سے جہاندار گیتی ستاں
بہت دور سے وہ نظر آئے تھا
گیا اس مکاں میں وہ شاہ دلیر
فریدوں نے افسون اسم پڑھا
وہاں ایک اورنگ آیا نظر
کہ یہ تخت ضحاک تازی کا ہے
پھر اک شخص واں شاہ کو ملگیا
یہ بولا اسیوقت وہ زشت خو
درون طلسم اسکا ہے مال و زر
ہوا سنکے خوش شاہ آفاق گیر
خدا کا ادا شکر نعمت کیا
ہوا آتش جو واں مقابل ہوا
یہ بولیں کہ ہم تھے اسیر بلا
اُٹھایا تھا ہمنے جو رنج و عذاب
اُدھر اس سیہ رو کا تھا ہم پہ پاس
پھرے دن ہوا پھر مددگار بخت
یہ پوچھا فریدون نے اے دلربا
کہ شاید کہیں ہاتھ آ جائے تو
ہم واں سے پہنچا ہے اک سحر کار
ولے چاہتا ہے یہ عالم تمام
ہے تیرے اقبال و دولت قریں

ہوا سوئے بیت المقدس روان
فلک بھی اُسے دیکھ شرمائے تھا
دلیری کو جسکی نہ پہنچے تھا شیر
کہ عاجز ہوئے دیو اور اژدہا
مکلّل بیاقوت لعل و گوہر
ولے اب فریدون غازی کا ہے
اور اس شخص سے شاہ نے یوں کہا
فریدوں کی کرنے گیا جستجو
رکھا ہے یہاں گنج و لعل و گہر
تصرف میں لایا وہ زرّیں سریر
کہ جس نے خداوند دولت کیا
فریدوں شبستاں میں داخل ہوا
کیا آن کے تم نے ہم کو رہا
کہیں کیا وہ ہے شاہ عالیجناب
ادھر اژدہائے سیاہ کا ہراس
کہ آیا تو اے وارث تاج و تخت
سوئے ہند ضحاک اب کیوں گیا
سوا اسکے یہ ہے اُسے آرزو
فسوں سازہ جادوگرہ ہوشیار
دعا ہے ہر ایک کی صبح و شام
نگہباں ہو تیرا جہاں آفریں

نشستن فریدون بر تخت کیان و گرفتار ساختن ضحاک را و تسخیر کردن ملک

ہوا جبکہ ضحاک کا تخت گاہ
ہوا ہمسر عرش و افلاک تخت
ہوئیں کامراں وہ پری پیکراں
ہوا رونق افزائے تخت کیاں

نصیب شہنشاہ گیتی پناہ
کہ بیٹھا جہاندار فیروز بخت
ہم زیب ہے خسرو کامراں
فروزندہ خورشید تخت کیاں

سراپا گلستاں ہوا وہ مکاں
شبستاں ہوا غیرت صد چمن
کیا شاہ نے ملک تسخیر جب
جو تھا کندرو نامی اک پہلواں

ہوا تازہ یکدست باغ جہاں
ہوئی رشک باغ ارم انجمن
ہوئے کامیاب نشاط و طرب
طلسم و زر و مال کا پاسباں

گیا پاس ضحاک کے بھاگ کر
کسی طرف سے لاکے فوج گراں
شہا یاں ہے جسکے لیے فکر کیاں
رکھے ہو وہ پاس اپنے گرز گراں
بیتے دیو گردان جنگ آزما
ہوا پیرے داخل شبستان میں
دلے اسنے پنہاں کیا راز کو
نہیں جائے اندیشہ کچھ زینہار
کہ اب سوچ کچھ تو شہا چاہیئے
وہ مہماں کوئی آفت دہر ہے
کہ ہو ہمکنار اُس سے ہو شہناز
یہ قصہ سنا جبکہ ضحاک نے
تری بات کا کچھ نہیں اعتبار
نہ اب ناظم شہر سمجھا کروں
تو ہرگز نہ ہو بہرہ ور تخت سے
ذرا کام کا اپنے ہو چارہ گر
کیا حکم ضحاک نے پھر وہیں
فریدوں شہ نامور تھا جہاں
کہ اُسکے ستم سے تھے پرخوں سب
دلیران و مردان و برنا و پیر
وہ لشکر جو یوں ہو گیا بر جلال
کیا مشورہ دلمیں پھر ہر بیں
ہوئی رات جسدم تو وہ بیحیا
کمند ایک لیکر گیا پھر وہیں
ہوئی شعلہ خیز آتش رشک تب
بلندی سے بدخواہ آیا فرود
وہ گرز اُسکے سر پہ جو مارا شتاب

وہاں جاکے اُسنے کہی یہ خبر
سوئے شہر بغداد آئے دواں
خداوند دولت ہو وہ نوجواں
جوانمرد ہے جنگجو پہلواں
جوداں تھے نہیں قتل سب کو کیا
تصرف کیا تیرے ایوان میں
کہ تا کوئی لشکر میں بیدل نہ ہو
رہا چاہیئے شاد لیل و نہار
اُسے کیجیے کہ یہاں کہا چاہیئے
پڑا یہ غضب ہے بڑا قہر ہے
ادہر اسکے پہلو میں ہو ارنواز
تو کی خواہش مرگ ناپاک نے
ذرا بھی نہیں راستی زینہار
نہ خدمت سمجھے کوئی زینہار دواں
نہ ہو کامراں افسر و تخت سے
نہ بگڑے تیرا کام وہ کام کر
کہ گرداں رکھے اب سر اسپ زیں
وہاں شاہ ضحاک آیا دواں
طلبگار عہد فریدوں تھے سب
کہ تھے پہلوانی میں وہ بے نظیر
تو پیدا گرد میں سمجھا یہ صاف
کہ تنہا مسلح ہو اب پھر کہیں
ہوا غرق آہن میں سرتا بپا
چڑھا پھر سر بام کاخ بریں
دل اُسکا ہوا گرم کین و غضب
فریدوں نے اُسکو جو دیکھا تو زود
تو ضحاک کو پھر رہی کچھ نہ تاب

کہ شاہا یہ تن گرد گردن بلند
بزرگی انہیں وہیں اور اک خردمند
وہ سرکردہ ہے لشکر و فوج کا
بجاہ و حشم اُسنے واں آنکر
کیا زیر پا اپنے پیرایہ تخت
ستمگار سمجھا یہ سنکر خبر
کہا یوں کہ مہماں کوئی ہو دیگا
یہ گفتار سن اور کہا پیچ و تاب
رکھے جو کوئی گرزہ گاؤ سر
کہ یوں خواہران جہاندار جم
پھرا شہر میں اسکا لشکر تمام
ہوا کندرو پر بہت خشمگیں
ترا خوف سے دل پریشاں ہوا
اُسے کندرو نے یہ پاسخ دیا
بھلا شہریاری نہ ہو جب تجھے
سنی جبکہ گفتار ارباب ہوش
غرض کرکے تیاری لشکر تمام
ولے فوج بیدل تھی ضحاک سے
سنا فوج نے جب فریدوں کا نام
فریدوں کے آگے ہوئے سب رفیق
کہ کرتا نہیں خیر خواہی کوئی
سوے خوابگاہ فریدوں چلوں
یہ اُسدم بنی صورت نابکار
جو دیکھا تو ایوان میں ارنواز
شتابی سے ایوان میں ڈالی کمند
اُٹھا لیکے وہ گرزہ گاؤ سر
فریدوں نے پھر یہ ارادہ کیا

جوان و دلیر و قوی ارجمند
دلاور ہے پرنور ہے گرچہ ہے
سپہدار و ممتاز و فرمانروا
وہ توڑا طلسم اور لیا مال و زر
ہوا بیگماں جبکہ برگشتہ بخت
کہ پہنچا فریدوں وہاں آنکر
جو رخ اُسنے سوئے شبستاں کیا
دیا کندرو نے یہ اسکو جواب
شبستاں میں شوخی کرے آنکر
رہیں بیجا یا نہ اُس سے بہم
ہوئے آدمی اُسکے جاکر تمام
لگا کہنے یوں اُس سے از روے کین
تو مارے خطر کے گریزاں ہوا
کہ سمجھا ہے اب یہ گماں خسروا
کرے ناظم شہر کیونکر مجھے
تو آیا ستمگار کے دلمیں ہوش
روانہ ہوا واں سے وہ تیزگام
نہ راضی تھا کوئی بھی ناپاک سے
دل اُسکا ہوا خرم و شادکام
کہ تھا حق شناس و کریم و خلیق
نہیں چاہتا میری شاہی کوئی
وہاں جاکے بس قتل اُسکو کروں
کہ کوئی نہ پہچانے بس زینہار
فریدوں سے ہے شوق میں گرم ناز
کہ واں جاکے پہنچائے شہ کو گزند
مقابل ہوا اُسکے وہ آنکر
کہ اک ضرب اور اُسکے سر پر لگا

ملا دیجے اسکو تو خوں میں خاک
زمیں تاکہ ناپاک سے ہووے پاک
اسے قید کر کوہ کے درمیاں
رہے یہ گرفتار بند گراں
کہیں کوہ تھا اک دماوند نام
وہاں غار تھا اژدہے تھے تمام
بشاہی اسے سال گذرے ہزار
ہوا جبکہ اسکے گرفتار و خوار
کہ نام نکو ہی رہے یادگار
ہمیشہ نکو نام ہے برقرار
ہوا جبکہ ضحاک پر فتحیاب
سعادت ہوئی شاہ کے ہمرکاب
شتابی سے حاضر ہوئے آنگر
حضور شہ عادل و دادگر
کیا شاہ نے اپنے لطف و کرم
فزوں تر کیا انکا جاہ و حشم
نوازشگری شاہ نے کی اختیار
کیا عدل اور داد لیل و نہار
نکوئی جو کی شہ نے زیر فلک
تو نام نکوئی بھی ہے اب تلک
ہمیشہ کرے جو کوئی کام نیک
تو بیشک ہو آغاز و انجام نیک

صدا غیب سے لیکن آئی تہی
کہ باقی ہے اسکی ابھی زندگی
فریدوں نے جسدم سنی یہ صدا
تو ضحاک کو قید وہیں کیا
کیا بند سے جا کے ضحاک کو
رکھا سرنگوں اسمیں ناپاک کو
یہ دنیا کہ ہر چند ہے بے ثبات
ولیکن جہاں میں ہے بہتر یہ بات
فریدوں میں تھی یہ صفت سربسر
کیا جز نکوئی نہ کار دگر
تو سب نامداران و گردان شہر
کیے تھے دولت وہاں سے شاد بہر
کیا عرض یوں ہم ہیں فرمان پذیر
پرستندۂ شاہ آفاق گیر
سر تخت ایران و توران و چین
ہوا خواہ شاہنشہ دوربین
کشادہ کیا واں در گنج و زر
رعیت نوازی پہ باندھی کمر
جو کار فریدوں کرے بیگماں
فریدوں وہی ہے تہ آسماں
سنو تم کہ آگے کروں میں بیاں
فریدوں کے بیٹوں کی اب داستاں

تقسیم کردن فریدون ملک را بر پسران و رشک بردن سلم و تور و کشته شدن ایرج از دست آنہا

شہ ہفت اقلیم کے تھے سہ پور
کہ تھا انکا نام ایرج و سلم و تور
ہوئے جب جواں بادشہزادگاں
ہوئی یوں تمنائے شاہ جہاں
تو ان کو وہاں کدخدا کیجیے
نہ تاخیر کو راہ تک دیجیے
یہ بولا کہ گرد جہاں پھیر کے تو
جو ہے مدعا اسکی کر جستجو
بہت ملک میں گشت اسنے کیا
ولے جبکہ شہر یمن میں گیا
رکھے تین دختر ہے شاہ یمن
پری چہرہ و مہوش و سیمتن
فریدوں کا پیغام یکسر کہا
وہ اقبال شاہ یمن نے کیا
بصد حشمت و شوکت و فر و شاں
کیا شہزادوں کو شہ نے رواں
پری طلعتوں کو کیا کدخدا
بہت مال اور گنج انکو دیا
فریدوں کے دلمیں یہ آیا خیال
کہ اب میں ہوا پیر دیرینہ سال
دیا سلم کو روم و خاور و ہیر
دیا تور کو ملک توران و چین
سوئے روم و خاور گئے سلم و تور
رہا ایرج اپنے ہی باصد سرور
گیا جب واں سلم بیدل ہوا
سوئے چین ادھر تو وہ مائل ہوا
سوئے تور لکھکر کے نامہ شتاب
رسول ایک بھیجا کہ لائے جواب

ملکزادہ ایرج ولے خورد تھا
خردمند و فرزانہ و خوش لقا
سہ دختر جہاں آیا وہی ہوں
فزوں حسن میں ماہ انور سے ہوں
کوئی مرد دانا تھا جندل بنام
طلب کرکے اسکو شہ ذوالکرام
اسے جبکہ فرمان شاہی ہوا
تو رخصت ہو واں سے وہ راہی ہوا
تو لوگوں سے انکے ہوا یہ عیاں
کہ ہے یہ تمنائے شاہ جہاں
پہ سردار کا واسطے تھا مرد نام
کیا واں ادا وہ مبارک پیام
فریدوں نے جسدم سنی یہ نوید
ہوا خوش کہ دل کی بر آئی امید
گئے جب وہ سوئے دیار یمن
ہوا شاد تب شہریار یمن
ہوئے واں سے پھر سوئے ایراں رواں
ملکزادگاں اور وہ مہوشاں
کروں ملک تقسیم ہر ایک کو
کہ باہم برادر نہ ہوں کینہ جو
ولے ملک و زر زیر ایراں تمام
مقرر کیا شہ نے ایرج کے نام
وہ کرنے لگے بادشاہی وہاں
ہوئے تخت و دیہیم سے کامراں
قناعت نہ کی خاور و روم پر
نہ آیا پسند اسکو بخشش پدر
لکھا تھا یہ مضمون کہ بہتر ہیں ہم
نہ زنہار ایرج سے کمتر ہیں ہم

ذرا سوچ اب اے خداوند تو
کہ ہرگز نہیں باپ کو کچھ شعور

کیا ملک ایراں کا ایرج کو شاہ
کہ ہے جائے آسائش تخت گاہ

یہاں کا ہے حاصل یہی ایراں کا کام
غنیموں سے ہے رزم و کین مدام

جو نامہ پڑھا تور نے سر بسر
ہوا و لیکن اپنے غضبناک تر

ہر ایک بد سے شامل ہمیں
یقیں جانیو تو کہ یکدل ہمیں

کہ اس نامہ بر کو سبب سے پدر
روانہ کرو اب تو ہے خوب تر

ہمیں تخت ایراں سزاوار ہے
یہ ایرج کو لائق نہ زنہار ہے

جب آیا رسول خردمند یاں
کیا سلم نے تب یہ اس سے بیاں

کہ وہ تو برادر نے بعد از درود
کہا یوں کہ اب زیر چرخ کبود

نہیں خوب یہ رسم و آئین راہ
کہ ایرج کو دے تاج و تخت و کلاہ

ستم ہے جو کہتر کرے بہتری
غضب ہے کہ کہتر کو ہو برتری

یہ ہے حق میں ایرج کے خوب
کہ ایراں سے اب دست بردار ہو

شتابی سے سو طرف ایران و توران
قیامت کریں ایک برپا وہاں

وہاں سے روانہ ہو پیغامبر
جو آیا حضور شہ نامور

فرستندگاں کی طرف سے دعا
درود اس نے اندر شہ از رو صفا

کیا عرض پھر یوں کہ پیغامبر
کہ نزد خدا و زباں سے ہے بے خطر

اگر میری تقصیر ہووے معاف
تو پھر میں گزارش کروں صاف صاف

تو کر بخط ہو کے یکسر پیام
بیاں شوق سے کر حقیقت تمام

پیام درشت اور سخنہائے سخت
کہے سب حضور خداوند تخت

کیا بیٹے یکدست تقسیم ملک
کیا تینوں کو یعنی تقسیم ملک

جو مجھ سے نہیں تو خدا سے ڈرو
نہ زنہار باہم خرابی کرو

ذرا گوش دل سے مری سن تو پند
کہ قائم نہیں دور چرخ بلند

شہ نامور نے یہ سنکر جواب
فرستادہ رخصت ہوا پر شتاب

کہا پھر یہ راز نہفتہ عیاں
کہ پرخاش پر ہیں وہ گردنکشاں

ارادہ کیا از رہ سرکشی
کہ تجھ پر کریں آ کے لشکر کشی

اگر میں بھی تیرا مددگار ہوں
معاون ترا وقت پیکار ہوں

وہ ہیں کینہ جو زیر چرخ کہن
تو کیا فکر رکھتا ہے ای جان من

دیا اس کو اورنگ و دیہیم و زر
کہ تجھ سے بھی اور تجھ سے ہے خورد تر

مجھے اور تجھے ملک ایسا دیا
جہاں جنگ کینہ ہے صبح و مسا

یہ تقسیم ہے مجھ کو بس ناگوار
تری مصلحت کیا ہے اے شہریار

لکھا پھر وہیں سلم کو یہ جواب
کہ اے بادشاہ ثریا جناب

ترے ساتھ ویسے ہی یکجہت ہوں
پئے قتل ایرج کمربستہ ہوں

یہ پیغام بھیجو کہ اے بادشاہ
بزرگی و خوردی پہ کیجے نگاہ

رہ راستی پر وہ آجائے گر
تو بہتر ہے ورنہ تیغ و سپر

کہے سے فریدوں روانہ ہو تو
یہ پیغام لے جا جہاندار کو

ہوا خسرو با عقل کو تیرے کیا
کیا دور بس دل سے ترس خدا

یہ کر غور دلیں کہ بہتر ہیں ہم
سزاوار اورنگ و افسر ہیں ہم

کوئی گوشۂ ملک کافی ہے بس
عبث ہے اسے اور باقی ہوس

وگرنہ سواران جویائے کیں
دلیران رومی و ترکان چین

پھر ایران و ایرج ہوئی نو خراب
جگر تشنہ ہے دیجیے اس کا جواب

دبیر اک ہوا وہیں سجدہ کناں
رکھا سر کو اپنے سر آستاں

لگا پوچھنے یوں کہ دونوں ہیں شاد
وہ بولا کہ ہاں ہم کو کرتے ہیں یاد

یہ بندہ تمہارا گنہگار ہے
یہ لایا پیام ایک دشوار ہے

یہ کہنے لگا شاہ عالم پناہ
پیام آوراں ہیں سدا بیگناہ

کہا جبکہ یہ شاہ آزادہ نے
تو کھولی زباں پھر فرستادہ نے

فریدوں یہ سنکر ہوا تند گرم
یہ بولا کہ آتی نہیں ان کو شرم

بدی کچھ نہیں بیٹے کی زینہار
فزوں تر کیا عز و جاہ و وقار

مجھے اب تمنائے تاج و سریر
نہیں کچھ کہ دیکھو ہوا ہیں تو پیر

رہو راضی ابا میری تقسیم پر
لئے کینہ خواہی نہ باندھو کمر

فریدوں نے ایرج کو کرکے طلب
کہا بھائیوں کا وہ پیغام سب

کیا سلم اور طور نے اتفاق
رکھے ہیں ترے ساتھ وہ دونوں نفاق

کمر قتل پر تیرے باندھی ہے بس
ترا چھین لیں ملک یہ ہے ہوس

تو جب کے بھی ہو وہیں مقابل کہیں
وہ گردنکشاں کھینچ کر تیغ کیں

یہ بولا دلیر ایرج نامجو
وہ والا گہر ہیں جو اے شاہ جم

جہاندار سے پھر کیا یوں بیان
کہ اے نور چشم سعادت نشان

تمہارے ہیں وہ دونوں برادر بزرگ
ہوئے تجھ سے اب کینہ جو مثل گرگ

تو ہو مرد اور یقیں تجھ میں تاب
جوان سے نبرد آزما ہو شتاب

مری ہے یہ حالت کہ لیں میں ہلاک
کہے ترک شاہی ہو انکو دلگیر

وہ یکدل ہوئے ہر دو جنگ آوران
فراہم کیا لشکر بیکران

یہاں ساتھ انکے نہیں تاب جنگ
نہ فوج اسقدر ہے نہ اسباب جنگ

پسندیدہ وعقل رائے نکو
یہی ہے کہ تو صلح جو انسے ہو

مری طرح شاہی سے اب درگذر
نہ رکھ دل میں تو خواہش تاج و زر

کہ تا جان پہ تیری نہ پہنچے گزند
نہ ایمن ہے زیر چرخ بلند

نہ آرام جاں افسر بندہ ہوا
فلک آخرش شمع کا سر ہوا

سنی گوش جاں سے فریدوں کی بات
لگا کہنے یوں ایرج ارجمند

کہ زنہار اے شاہ فرخندہ بخت
نہیں کچھ مجھے الفت تاج و تخت

جو دنیا و دولت نہیں پائدار
تو غم کھائے کیوں مرد ہوشیار

یہ کینہ اگر مہر اور ننگ ہے
پئے بادشاہی اگر جنگ ہے

تو گذرا میں اس تاج و اورنگ سے
بہم صلح بہتر ہے اب جنگ سے

حضور انکے جاؤنگا میں بے سپاہ
نہ وسواس کو دونگا دل میں راہ

کہ ہیں جو برادر ہیں اور وہ بزرگ
بجاہ و حشم بھی ہیں مجھ سے سترگ

کروں عرض یوں میں بخوبی زبان پذیر
مبارک رہیں تمہیں یہ تاج و سریر

مجھے دہر میں کچھ نہیں حب جاہ
نہیں کچھ تمنائے تاج و کلاہ

ملے ساتھ کس واسطے خشم و کیں
کہ ہوں بندہ خسرو روم و چیں

یقیں ہے کہ پھر مجھ سے الفت کریں
بزرگانہ مجھ پر وہ شفقت کریں

فریدوں نے ایرج سے پھر یوں کہا
کہ اے پور صد آفریں مرحبا

برادر میں تیرے سر خشم و کیں
تو ہے صلح جو اور محبت گزیں

بہت خوب جانا ہے تیرا ادھر
کہ دونو وہ یکجا ہیں اب اے پسر

ولے میں بھی اک نامہ انکو لکھوں
رقم اسمیں جو درد دل اپنا کروں

کہیں پڑھکے انکا دل کینہ ور
سر مہر آجائے پھر زود تر

تجھے پھر بخوبی وہ رخصت کریں
محبت کریں اور الفت کریں

تمہیں مجھکو دیدار حاصل ہو پھر
قرین مسرت مرا دل ہو پھر

یہ لکھکر فریدوں نے نامہ لکھا
رقم اسمیں یعنی یہ مضموں لکھا

کہ تم ہو بزرگ اے جوانان گرد
اور ایرج تمہارا برادر ہے خرد

سر تخت شاہی سے آیا فرود
کلاہ شہی سر سے لایا فرود

کمر اپنی باندھی پئے بندگی
یہ آیا برائے پرستندگی

تمہیں بھی ہے لازم کہ شفقت کرو
سر کیں سے گذرو محبت کرو

کئی روز واں جبکہ جائیں گذر
تو پھر اسکو رخصت کرو تم ادھر

سرنامہ جب شاہ نے مہر کی
تو ایرج نے توران کی پھر راہ لی

لئے اسقدر ساتھ برنا و پیر
کہ تھے واسطے راہ کے ناگزیر

داستان رسیدن ایرج نزد سلم و تور بے فوج برائے عذر و انکسار مع نامہ پدر خود و قتل نمودن آنہا ایرج را از روے کین و سرکشی سرش را نزد فریدوں فرستادن و ماتم نمودن فریدون

رہے ہم دو توران میں جب سلم و تور
کہ تھا جنکو جاہ و حشم کا غرور

وہ رکھتے تھے ایرانکی طرف عزم
وہ تیار کرتے تھے اسباب رزم

وہ توران میں آکر فراہم ہوئے
پئے خون ایرج وہ باہم ہوئے

خبر انکو پہنچی یہ اتنے میں واں
کہ بے فوج آیا ہے ایرج یہاں

فریدوں نے نامہ بھی ہمراہ لکھا
یہ سنکر وہ دونوں گئے پیشوا

خوشی سے جہاں انکی تھی بارگاہ
اسے لیگئے واں وہ باعز و جاہ

ملک زادہ ایرج تھا فرخندہ خو
خردمند و خوش منظر و خوبرو

مگر اب جو برپا ہوا یہ فساد
تو آئے پھر اس بات پر بد نہاد

کہ ہوں بے خطا کشتہ وہ نابکار
سو خانہ جانبر نہ ہو زینہار

سے فوج پھر سلم نے کی نگاہ
نہ پایا طرف اپنی میل سپاہ

کہا تور سے کام ابتر ہوا
کہ ایرج سے دل بستہ لشکر ہوا

یہی قصد تھا ملک ایران کا
وسے اب ہے اندیشہ توران کا

ہوا قتل ایرج کا اب ناگزیر
وگرنہ نہ ہم ہیں نہ تاج و سریر
پھری آہ اس بات سے تور نے
رکھا خون دا اسکا سنہ دور نے

کیا ہو وے سرور جو انکے حضور
تو بولا یہ ایرج سے کمبخت تور
کرائے بلا دو پسے کشتہ ہے تو
نہ ہرگز سزاوار افسر ہے تو

ہمارا ادب کچھ نہ دکھلائیگا
ہوا ملک ایراں کا تو بادشاہ
غنیم و وزیراں ہم تو کھینچیں برنج
ہے تو وہاں شاہ با تاج و گنج

یہ باتیں جو تندی سے اسنے کہیں
تو ایرج نے پاسخ دیا پھر وہیں
کرے بادشاہ جہانگیر فرزند
بزرگ آپ ہیں ہر طرح میں خرد

مجھے چاہیے اب نہ تاج و کلاہ
نہ گنج اور نہ کشور نہ فوج و سپاہ
نہیں مجھ یہ لازم ہے تمنا عتاب
کہوں ہزرہ شاہ عالیجناب

نہ کرتا تھا عجز اور گفتار نرم
ہوے تپسیہ ہوتا تھا وہ تند گرم
نہ گفتار ایرج کی بھائی اسے
نہ الفت برادر یہ آئی اسے

سر کرسی زر وہ بیٹھا جو تھا
وہاں سے وہ یکبارگی بس اٹھا
وہ کرسی زر راہ پہ خشم و کیں
اٹھا سر سے ایرج کو مارے وہیں

پھر اسکے رکھا دست و بازو پہ بند
گزند برادر بس آیا پسند
بہت کرکے جب زاری و انکسار
لگا کہنے ایرج کہ اے نامدار

نہ کر قتل مجھ کو خدا سے تو ڈر
نہ اٹھ ہاتھ سے پاس شرم پدر
یقیں جانیو تو کہ انجام کار
تجھے رنج پہنچائیگا کردگار

نہ رکھ لائے خون برادر روا
مری جان پر رحم کر خسروا
نہیں کچھ مجھے خواہش سروری
کروں رات دن محنت و چاکری

کیا عجز ایرج نے ہر چند پر
نہ آیا سر رحم بیدادگر
وہیں کھینچکر خنجر آبگوں
کیا اسنے ایرج کو بس غرق خوں

سر نا سور کرکے تن سے جدا
حضور فریدوں روانہ کیا
اکھاڑیں کہ تونے جسے اے پدر
دیا تاج و زر تھا یہ اسکا ہی سر

تو رکھ اسکے اب سر پہ تاج شہی
بٹھا اسکو بالائے تخت شہی
فریدوں یہ کھینچے تھا انتظار
کہ آوے کہیں ایرج نامدار

کہ اتنے میں نالہ کناں ہر دواں
لیے اسکا تابوت پہنچے وہاں
وہ تابوت کھولا تو آیا نظر
وہ ہیبت بیدہ تھا پریشاں جگر

فریدوں اسے دیکھ گریاں ہوا
وہ بیہوش سر خاک غلطاں ہوا
ذرا ہوش آیا فریدوں کو جب
وہ بولا کہ ہو دہر بیہوش اب

وہیں توڑ ڈالے وہ کوس و علم
فغاں اور نالہ تھا داں دمبدم
بنایا تھا ایرج نے اک گلستاں
سر اسکا کیا دفن بیکر وہاں

اکھاڑے سہا لال گلشن تمام
جلائی گل و سرو سوسن تمام
یہ کہتا تھا گریہ کناں شہریار
کہ افسوس اے گردش روزگار

ہوا کشتہ یوں ایرج نازنیں
کہ سر ہے کہیں اور تن ہے کہیں
ہوا سو ہوا لیکن اے کردگار
ترے فضل سے ہو شبہ بیداد ار

کہ ہو تخم ایرج سے اک نامور
پئے رزم و کین چست باندھے کمر
کہانتک کروں درد و غم کا بیاں
سنو اب منوچہر کی داستاں

تولد شدن دختر از لیلی ہمشیر ایرج و کتخدا شدن او با پشنگ کہ او ہم از نسل فریدون بود و تولد شدن منوچہر و کینہ خواہی او

شبستاں میں ایرج کو شاہ جہاں
گیا ایکدن تو یہ پوچھا وہاں
کہ ہے کوئی یاں ماہر و باردار
شتابی سے مجھ پر کرو آشکار

کسو نے دیا شاہ کو یہ نوید
کہ ہے حاملہ ایک ماہ آفرید
یہ سنکر بہت خوش ہوا شہریار
کہا یوں کہ اب ماہ ہوں یہ امیدوار

خدا نے اسے ایک فرخ سیر
کہ لے بدلہ لال سے خون پدر
گذر جب گئے نو مہینے وہاں
تو پیدا ہوئی دختر دلستاں

وہ تھی حسن میں ایک ماہ تمام
فریدوں نے رکھا پریچہرہ نام
کیا پرورش ناز و نعمت کے ساتھ
کہ رکھا تھا ہم قرب اسکو دلربا

جوان دلاور پشنگ ایک تھا
بسے ساتھ اسکے کیا کتخدا
فریدوں کی نسل سے تھا وہ جوان
پسر منہ وہ دانشور و پہلواں

ہوئی حاملہ جب وہ رشک قمر
بہت شاہ کو شادمانی ہوئی
کہ جب تک فلک پر مہ و مہر ہو
ہوا وہ جواں وہ منوچہر جب
کہا یوں نظر کر کے سوئے سپاہ
درِ گنج شاہی کشادہ کیا
منوچہر سے مردمان سپاہ
جو پہنچی خبر سلم اور طور کو
فریدوں یہ رکھتا ہے اب عزم جزم
کہا مشورہ یوں کہ گنج و گہر
عوض خون ایرج کے دیتے ہیں ہم
حضور فریدوں وہ پیغامبر
کہے جا وہاں عالم افروز تو
زر و لعل اور گوہر شاہوار
وہ پیلاں محمولہ سیم و زر
کیا ہمکو گمراہ شیطان نے آہ
اگرچہ ہیں ہم تو سراپا خطا
تمنا یہ ہے اپنی شام و سحر
رکھیں اُسکے تارک پہ دیہیم زر
بلایا منوچہر کو تب وہیں
نظر کر تہِ گنبدِ نیلگوں
دیا اُس کو پیغام کا یوں جواب
مگر تم نے اب بیگناہ و خطا
وہ سام نریمان وہ قارن دلیر
یہ مردان جنگ آور پہلوان
یہاں خواہش زر نہیں زینہار
کیا عذر جو نابکاروں نے اب

تو اُس سے تولد ہوا اک پسر
پسر تو اُسے زندگانی ہوئی
الٰہی جہاں میں منوچہر ہو
ہنر پہلوانی کے سکھلائے سب
تمہارا منوچہر ہے بادشاہ
سپہ کو زر و سیم و گوہر دیا
گزارش یہ کرتے تھے شاہ ہوچکا
منوچہر سے مرد پیکار جو
کہ بھیجے اُسے ہر طرف بہر رزم
رواں کیجئے اب برائے پدر
اُسے گوہر و گنج و تاج و علم
جو پہنچا تو رکھ کر وہ سر خاک پر
ہمیشہ کرے جشن نوروز تو
سر پر زر و تاج گوہر نگار
حضور جہاندار گذران کر
جو سرزد ہوا ہم سے ایسا گناہ
ولے تو خطا بخش ہے خسروا
سو خاور آوے منوچہر اگر
کریں پیشکش اُسکے گنج و گہر
بٹھایا سر کرسیٔ گوہریں
ہوئے تیرے بدخواہ یکسر زبوں
کہو جا ہر دو ناپاک سے کہ شتاب
کیا قصد خون منوچہر کا
وہ آمادہ ہے جنگجو مثل شیر
منوچہر کے ساتھ پہنچینگے واں
نہیں چاہئے گوہر شاہوار
نہیں بیٹے کا بیچا ہے سب

ملک زادہ ایرج کی ہم شکل تھا
وہ لایا بجا شکر پروردگار
رہے اُسکا اقبال دائم بلند
سکھائے سب آئین و رسم شہی
منوچہر کی تم اطاعت کرو
فراہم ہوا لشکر بے شمار
کہ عزم عدم سوزی اب کیجئے
قوی بازو و پہلوان و دلیر
یہ سُنکر بہت دلمیں لائے ہراس
منوچہر کو اب طلب کیجئے بحال
غرض بازر و گنج بھیجا رسول
دعا و ثنا کی شہنشاہ کی
وہ تحفے جو لایا تھا پھر اُسنے سب
وہ دیبائے رومی و خز و حریر
کہا سلم اور تور کا یہ پیام
خجالت زدہ ہم ہیں تقصیر سے
ہماری یہ تقصیر ہووے معاف
تو ہو تخت شاہی پہ جلوہ کناں
فریدوں نے دیکھا جو تحفہ تمام
کہا یوں کہ اے پور فرخ خصال
پھر آیا وہ شاہ سوئے پیغامبر
ہوئے گر منوچہر پر مہرباں
منوچہر رکھ سر پہ خود و کلاہ
وہ گرشاسپ شاپور شیر و یل
مجھے زر سے دیتے ہو تم کیا فریب
تو سب پھیر بھیجا یہ گنج و رسول
ستم ساتھ ایرج کے جو جو کیا

منوچہر نام اُسکا شہ نے رکھا
دعا مانگتا تھا یہ لیل و نہار
نہ پہنچے خدا چشم بد سے گزند
پھر اُسکے تھے رکھا سر پہ تاج شہی
دل و جاں سے تم اُسکی خدمت کرو
دلیران جنگی و مردان کار
شتابی سے ایرج کا خوں لیجئے
حضور اُسکے روباہ سی کم ہے شیر
پریشاں ہوئے اُنکے ہوش و حواس
یہ لکھئے کہ اے بادشاہ جہاں
کہ شاید فریدوں کرے یہ قبول
کہ اے مہر رخشندۂ خسروی
رکھے شہ کے آگے زبس کہ طرب
وہ زرین طبقہائے مشک و عبیر
کہ دیتے ہیں ہم اے شہ نیک نام
ولیکن ہیں ناچار تقدیر سے
کرو کینہ سے اپنے سینہ کو صاف
ہم اُسکی کریں چاکری جاوداں
سُنا اور یوں سرکشوں کا پیام
سمجھے ہے سعید اور مبارک یہ فال
ہوا خندہ زن اُسکی گفتار پر
تنِ ایرج نامور ہے کہاں
سو خاور آوے گا لیکر سپاہ
کہیں پہلوانی ہیں سب بے بدل
یہ مکاری ہے سب تمہارا فریب
کہ ہرگز ہمیں کچھ نہیں ہے قبول
سو اُسکا مکافات دیگا خدا

گیا اس جہاں سے وہ ایرج اگر
دلیر و قوی چوں ہژبر زماں
یہ پیغامبر نے جواب پیام
غرض تیز رو مثل باد صبا
کہا پھر کہ بیٹے منوچہر کو
اور اسکے جو لشکر میں ہیں پہلوان
وہ دونوں جفا کا بیداد گر
یہ بولے تہ چرخ فیروزہ رنگ
یہی مصلحت ہے کہ لیکر سپاہ

تو پیدا ہوا اور اک نامور
نبرد آزما مثل شیر ژیاں
سنا جب تو ہوش اڑ گئے بس تمام
جہاں سلم اور تور تھے واں گیا
جو دیکھا تو ہے سرور پیکار جو
قوی زور ہیں مثل پیل دماں
ہوئے سنکے پاسخ بہت ہی خجل
کہ ہم گر نہ پہلے کریں قصد جنگ
چلیں ہم سوئے منوچہر شاہ

گر ایرج نہیں تو منوچہر ہے
کمر چست باندھی پئے کارزار
ذرا ایکدم پھر نہ ٹھہرا وہاں
وہ پاسخ جو تھا اسکا خوں بار
جوانمرد شیر افگن و پیلتن
نبرد آزما ہر جوانمرد ہے
پھر آراستہ ایک کی انجمن
مبادا منوچہر ہووے دلیر
کریں حملے ایران پہ ہم آ کے جنگ

فروزندہ مثل مہ و مہر ہے
چھوٹے وہ ایرج کا خوں خواہ ہے
ہوا بس وہیں سوئے خاور رواں
کیا سلم اور طور سے آشکار
بل نوجواں گرد شمشیر زن
طلبگار پیکار و نامور ہے
پئے کینہ خواہی ہے تیغ زن
شتابی ادھر آئے مانند شیر
نہیں خوب ساعت میں کچھ درنگ

جنگ منوچہر با سلم و تور و فتح یافتن منوچہر و نشستن بر تخت و وفات فریدون

گیا سلم اور طور نے جب یہ عزم
کہ حملہ کر منوچہر سے کیجے رزم
فراہم کیا لشکر بے شمار
یلان تنومند جنگی سوار

سواران رومی و ترکان چین نبرد آزمایان توراں زمین
رواں ہوئے اقلیم ایراں ہوئے لیے کینہ خواہی شتاباں ہوئے
فریدوں کو پہنچی یہ جس دم خبر کہ فاروت اب لشکر آیا ادھر
بلا نامداروں سے تب یوں کہا کہ اے شیر مردان جنگ آزما
صبوری کرو تم نہ باندھو کمر کہ تا آویں اب اور بھی پیشتر
خبر پھر یہ پہنچی کہ اب سلم و تور قریب آ گئے بس نہیں کچھ بھی دور
منوچہر نے یوں گذارش کیا کہ اے بادشاہ جہاندار کشورکشا
نہیں مجھ کو زنہار تاب درنگ اجازت مجھے دیجئے بہر جنگ
کیا اسطرف شاہ نے پھر رواں منوچہر کو با سپاہ گراں
زرہ پوش مردان شمشیر زن جوانان جنگ آور و صف شکن
لئے سر بسر گرز و تیغ و سناں نہ پروائے سر نے ذرا فکر جاں
یہاں فوج کا کیجئے کیا شمار سواران جنگی تھے ششصد ہزار
صف جنگ آراستہ جب ہوئی رہ صلح مسدود تب ہو گئی
وہ آگے ہوا کاویانی درفش کہ تھا یکقلم سرخ و زرد و بنفش
سو راست گرد دلاور قباد سو چپ وہ گشتاسپ فرخ نہاد
وہ سام و نریماں وہ قارون دلیر کہ تھے کینہ خواہی میں مانند شیر
بجائے تعین تھی قائم سپاہ منوچہر تھا رونق قلب گاہ
اُدھر سے وہ تھے دو گرگ گرسنگاں پئے رزم لائے سپاہ گراں
گیا بڑھ کے آگے دلاور قباد وہیں تُور آئے دواں مثل باد
قباد دلاور سے کہنے لگا منوچہر سے جا کے کہہ تو ذرا
کہ اے بے پدر خورد کہہ تو مجھے بھلا کام کیا گرز و شمشیر سے
ہوئی دخت ایرج سے تیری نژاد تو زنہار اس بات سے ہو نہ شاد
دیا تور کو اُس نے پھر یہ جواب کہ پہنچاؤں پیغام تیرا شتاب
کیا تور اور سلم نے پھر یہ کام کہ دونوں کو نفریں کریں خاص و عام
تمہاری وہ محفل میں پایا پناہ کیا غرق خوں تم نے ایرج کو آہ
یقیں جانو تم کو زیر فلک رہی تم پہ لعنت قیامت تلک
یہ سنکر نہ پاسخ کچھ اس نے دیا مخجل ہو کے میدان سے پھر گیا
وہیں رزم گاہ سے پھرا یا قباد حضور منوچہر فرخ نہاد
سنا تھا جو کچھ طور سے سب کہا منوچہر سنکے یہ باتیں ہنسا
یہ کہنے لگا پھر کہ ہنگام جنگ عیاں ہوں نژاد و گہر بیدرنگ
کروں قتل میں سلم اور طور کو کروں غرق خوں ہر دو مقہور کو
جواب پھر گیا تور میدان سے اماں اسنے پائی ذرا جان سے
رکھیں جنگ کو آج موقوف ہم کریں جشن برپا یہاں صبحدم
پھرا رزمگہ سے منوچہر شاہ گیا بس وہیں سے آرامگاہ
ہوا خیمہ زن دشت میں وقت شب بسر کی وہ شب با نشاط و طرب
سحر جب ہوئی تب منوچہر شاہ دلیرانہ آیا سوئے رزم گاہ
سپاہان جنگی و مردان کار ہوئے آگے صف زن یمین و یسار
وہ دونوں ستمگار بھی لے سپاہ ہوئے آکے میدان میں کینہ خواہ
ہوا گرم بازار کین و ستیز ہوئی ایک برپا وہاں رستخیز
جوانوں کا سر اور گرز گراں دلیروں کا پہلو و نوک سناں
تن و جاں کا کچھ نہیں تھا دریغ وہاں کام سب کو تھا با گرز و تیغ
ہوئے کشتہ جنگ آوراں بیشمار زمیں خوں سے ٹھہری گل لالہ زار
ولیکن بتائید لطف اِلٰہ منوچہر کی غالب آئی سپاہ
بھگے تور اور سلم پس دردمند کہ آیا نظر ان کو اپنا گزند
لگے کہنے باہم وہ دونوں لعیم کہ غالب رہی آج فوج غنیم
مبادا کہ غالب ہو کل اور بھی سو اس واسطے مصلحت ہے یہی
منوچہر پہ آج شبخوں کریں ہر اسکے ہم زیر گردوں کریں
منوچہر کو بھی یہ پہنچی خبر کہ دو بد نہادان بیداد گر
شبخوں کا رکھتے ہیں وہ عزم جزم کیا چاہتے ہیں وہ غفلت میں رزم
وہیں کر کے قارن کو شہ نے طلب کہا ہو خبردار لشکر سے اب
سو قارن کو سونپ کر اسکو سپاہ کمیں گاہ میں آپ بیٹھا وہ شاہ
سواران جنگ آزما سی ہزار لیے ساتھ اپنے پئے کارزار
گئی نصف سے رات جس دم گذر جہاں تیرہ بس ہو گیا سربسر
روانہ ہوا تور شوکت شعار سواران جنگی لئے سو ہزار

بعزم شبخون وہ آیا بہم
خبردار پائی سپاہ سحر

ولیکن نہ زنہار پایا گذار
ہوا گرم ہنگامہ کارزار

یہ پہنچی خبر جب منوچہر کو
کمین گاہ سے تب شہ نامجو

جہاں تور بدکیش تھا رزم شاہ
دلیرانہ پہنچا سوئے نیزہ باز

اٹھایا وہیں اس کو پس زین ہی
لٹایا زمیں پر سر کین سے

ہوا شاہ تور پہ جب فتحیاب
سوئے پھر سلم آیا ادھر سے شتاب

گیا بھاگ کر درمیان حصار
ہوا جا کے محصور وہ نابکار

نگہبان و شہ کا کو اک گرد تھا
دلیر و جوانمرد و جنگ آزما

پھر اک گرز مارا بہت زور سے
کمر پر منوچہر کے آن کے

ولیکن نہ زنہار کاری پڑی
ہوا اشتعلناک پھر اس گھڑی

تن اسکا کیا تیغ سے چاک چاک
سپہدار کا کو ہوا یوں ہلاک

ہوئی خیمہ زن فوج گرد حصار
نہ تھا قلعہ میں پھر صبا کا گذار

منوچہر نے اسکو بھیجا پیام
کہ مت تیری ترکی ہوئی اب تمام

اگر شیر دل ہے ترے پہلوان
تو مت جانئے اپنی مثل سگاں

یہ سنکر اسے غیرت آئی وو بار
وہ غیرت سے سر رزم لائی وہیں

منوچہر شاہ ولایت ستان
مقابل ہوا لیکے تیغ و سنان

شہر روم و خاور ہوئے کشتہ جب
ہوا لشکر ان کا پراگندہ سب

کیا عرض مت کھینچئے تیغ کین
غرض پہنچے اے شاہ روئے زمین

وزیر خردمند رخصت ہوا
کہ مشمول لطف و عنایت ہوا

شہنشہ نے سب پر بلطف و خوشی
عنایات شاہانہ مصروف کی

ظفر جب ہوئی شہ کی ہمعنان
ہوا تب عنان تاب شاہ جہاں

پیادہ ہوا واں منوچہر بھی
کیا پھر قدم بوس با صد خوشی

بٹھایا منوچہر کو تخت پر
رکھا اسکے تارک پہ دیہیم زر

جہاں سے ہوئیں رفتنی آجکل
کہ آتا ہے ہر دم پیام اجل

پھر آخر فریدوں جہاں سے گیا
وہ سرو سہی گلستاں سے گیا

ہوا پھر بفضل خدائے کریم
منوچہر بھی پادشاہ عظیم

کیا سام کو اپنا مختار کار
کہ تھا کاردان و یل نامدار

بناچار چاہا کہ پھر جائے
طرف اپنی لشکر کہیں آئے

ہوئی وقت شب تیغ رانی وہاں
ہوئے غرق خوں پھر ہزاروں جواں

شتابی سے پہنچا سوئے رزمگاہ
کئے قتل آکر بہت کینہ خواہ

جو اک تیر مارا پس پشت تور
تو قالب سے اسکے ہوئی جان دور

جدا تیغ سے کرکے سر تور کا
حضور فریدوں روانہ کیا

نہ پائی ولے سلم نے تاب جنگ
گریزاں وہاں سے ہوا بیدرنگ

منوچہر بھی سوئے حصن متین
گیا لیکے فوج اور گھیرا وہیں

سوئے رزم پرخاش مائل ہوا
منوچہر کے وہ مقابل ہوا

منوچہر نے کھینچکر وہیں تیغ
لگائی سر خصم پہ بیدریغ

کمربند اس کا پکڑ کین سے
سر خاک پٹکا اسے زین سے

لگا کہنے پھر شاہ فیروز جنگ
کرو قلعہ کو گھیر کر خوب تنگ

رہا سلم مدت تلک قلعہ بند
ہوا تنگ زیر سپہر بلند

ملا دونگا تجھکو بہ خون و خاک
بنامردی آخر تو ہوگا ہلاک

مقابل سپہ آکے اب ہو شتاب
خدا جسکو چاہے کرے فتحیاب

نکل قلعے سے سلم جنگی سوار
دلیرانہ آیا پئے کارزار

کیا زخم شمشیر اس پر رہا
کہ تن سے ہوا سلم کا سر جدا

سپہدار خاور کا تھا اک وزیر
وہ آیا حضور شہ بے نظیر

سر رزم آیا وہیں شہریار
لیا اس نے پیمان و عہد استوار

غرض سلم اور تور کی فوج کو
وہ لایا حضور شہ نامجو

جو تھا منصب اسکا وہ قائم رکھا
زیادہ کیا بلکہ کچھ مرتبہ

جو نزدیک پہنچا وہ کشور کشا
فریدوں پیادہ گیا پیشوا

جب آیا وہ ایران شاہی میں تب
فریدوں نے با صد نشاط و طرب

کہا پھر یہ سام و نریمان سے
کہ اپنے نبیرے کو سونپا تجھے

بہت پند کی پھر منوچہر کو
دعا دی کہ قائم جہاں میں تو ہو

فریدوں جہاندار اب ہے کہاں
ولے نام نیکی ہے جاوداں

بسان فریدوں کیا عدل عام
رکھا لطف و احسان سے سب کو شاد

سپاہ امیران و فرزانگان
ہوئے سب ثنا خوان شاہ جہاں

یہ کہتے تھے ہر شام و ہر بامداد   کہ ہے اے جہاندار فرخ نہاد
ترے جان و دل ہوں ہمیشہ خدمتگزار   کریں چاکری تیری لیل و نہار
جہاں میں تو فرمانروا ہو سدا   یہی آرزو ہے یہی ہے دعا
لکھوں زال و رستم کی اب داستاں   کہ سنکر جسے پیر بھی ہوں جواں

داستان تولد شدن پسر بخانہ سام و پرورش نمودن سیمرغ و نام نہادن زال و باز آمدن بسیستان

شبستان میں سام کے اک پسر   تولد ہوا گلرخ و سیمبر
سفید اسکے اندام پر مو تمام   گئی دایہ یہ دیکھکر پیش سام
یہ کہنے لگی تجھکو اے نامور   خدا نے دیا بچہ اک طرفہ تر
کہ ہے وہ حسین سرو قد لالہ رو   ولیکن خار اسکے یکسر ہیں مو
وہیں سام نے آکے دیکھا اسے   ہوا خوف اندیشہ پیدا اسے
رکھا اسکا نانا نے نام زال   تعجب تھا صورت پہ آگی کمال
یہ کہتے تھے واں ہر زباں خاص و عام   کہ ہے طفل ہرگز نہیں پور سام
پریزاد یا دیو ہے یا پلنگ   یہ خلقت ہو انسانکی بے زیب و رنگ
یہ سنکر ہوا سام دلتنگ ہیں   اٹھا لیگیا زال کو لیں وہیں
سو کوہ البرز ڈالا اسے   شبستاں سے اپنے نکالا اسے
مکاں واں جو تھا ایک سیمرغ کا   لیا یک وہ سیمرغ ادھر آگیا
جو دیکھا تو اک کودک شیرخوار   پڑا ہے سر خاک روتا ہے زار
ہوا مہرباں رحم آیا اسے   اٹھا آشیانے میں لایا اسے
طرح اپنے بچوں کے باصد خوشی   لگا پرورش کرنے زال کی
دل سیمرغ کو صرف الفت ہوئی   کہ بچوں کی بھی اک محبت ہوئی
وہ رہتے تھے باہم شب و روز شاد   ہوا نوجواں پھر وہ فرخ نژاد
کوئی کارواں اتفاقاً ادھر   جو گذرا تو شاداں ہوا دیکھکر
وہ سیمرغ سے زال کو لے گیا   محبت سے ساتھ اسکو اپنے کیا
یہاں سام کو خواب آیا نظر   یہ کہتا ہے کوئی کہ اے نامور
ترا پور زندہ ہے اور شاد ہے   جہاں میں بخوبی وہ آباد ہے
ہوا جبکہ بیدار وہ پہلواں   تو پھر دل میں اپنے ہوا شادماں
ہوئی تازہ تر الفت دلپور   کہ ہے پور دلبند آنکھوں کا نور
خوشی سے پھر اسکی خبر کیلئے   رواں سوئے البرز مردم کئے
پھر اک خواب دیکھا بروز دگر   نظر آئے وہ مرد فرخ سیر
کہا ایک نے یہ کہ اے بے شعور   کیا تو نے خوف خدا دل سے دور
رکھا دور آنکھوں سے فرزند کو   کیا خوار یوں پور دلبند کو
سپید اسکے مو ہیں اگر سر بسر   تو کیا عیب ہے اک نظر آپ کر
کہ تیرا ابھی اسپید سر ریش ہے   تو ناحق پسر کا بد اندیش ہے
نظر میں ترے گو ہے فرزند خوار   مقرب ہے وہ پیش پروردگار
کہ خرم ہوا دیکھکر بس یہ خواب   نہ دل میں رہی کچھ صبوری کی تاب
ہوا صبحدم سام گھر سے رواں   سو کوہ البرز آیا دواں
خدا سے وہاں اسنے کی التجا   بہت زاری و گریہ کرکے کہا
الٰہی مرے حال پر رحم کر   کہ پھر پاؤں میں جلد اپنا پسر
پذیرا ہوئی اسکی یکسر دعا   ہوا حال پر اسکے لطف خدا
نظر کی جو سیمرغ نے ناگہاں   تو دیکھا کہ ہے سام گریہ کناں
وہ سیمرغ آیا وہیں پیش سام   سنا قصہ خواب اس نے تمام
یہ سیمرغ نے سام سے پھر کہا   کہ دایہ ہوں میں تیرے فرزند کا
بہت عاجزی سے تب اسنے کی   گیا پاس وہ کارواں کے تبھی
کیا زال کا کارواں سے طلب   حوالہ کیا اس نے باصد طرب
پھر اوڑ کے سیمرغ لے زال کو   لے آیا حضور یل نامجو
کہا لیں کہ لیجے یہ اپنا پسر   یہ ہے لائق تاج و اورنگ و زر
کہا پھر یل سام خرم وہیں   لگا کرنے سیمرغ کو آفریں
دیئے اپنے سیمرغ نے چند پر   کہا زال سے یوں کہ اے نامور
جو مشکل کوئی پیش آئے تجھے   تو پر کو جلا یاد کیجو مجھے
شتابی سے پہنچونگی واں آنکر   تری مشکل آساں کروں سر بسر
پھری تا رہے دلمیں الفت تیری   زیادہ ہے مجھکو محبت تیری

مقابل ہوا کوتوال حصار ہوئی گرم واں لڑنے کی کارزار
شبِ جنگ گرز و سنان و خدنگ رہا صبح تک گرم بازار جنگ
ہوا کشتہ آخر جو سرشار و شر گریزاں ہوئے سنگبدار و شر
دلیروں نے تاراج شہر کو کیا بہت مال و اسباب واں سے لیا
عجب خوبتر واں کی اجناس تھی کہ دیکھی نہ تھی مردماں نے کبھی
گیا پھر وہاں رستم نامدار سوئے خانۂ حکمرانِ حصار
جو دیکھا کہ ہے سنگ خارا کا گھر اسی کی ہے بنیاد بھی سر بسر
سوا اسکے اک گنبد زر نگار بصد لطف و خوبی ہے شاہکار
یہ کہتے تھے یوں تجربہ کار پہلوان کہ یہ کار انساں نہیں بیگمان
لکھا نامہ رستم نے پھر زال کو کہ اے نامور دلیر نامجو
کیا فتح میں نے یہ حصن حصین کہ ہمسر نہیں جسکا چرخ بریں
جو ارشاد ہو سو بجا لاؤں میں رہوں یا یہاں بادلی آؤں میں
یہ نامہ پڑھا زال نے جب تمام دل اسکا ہوا خرم و شادکام
یہ پاسخ لکھا اے خردمند پور رہے چشم بد تجھ سے ہر لحظہ دور
کیا تو نے تسخیر حصن متین ہزار آفریں صد ہزار آفریں
فقط دل کو میرے نہ گلشن کیا روانِ نریماں کو روشن کیا
لگا آگ قلعہ کو کر خراب وہاں سے تو پھر بطرف اشتاب
کہ دیدار کا ہے تیرے اشتیاق جدائی ہے تیری بہت مجھکو شاق
جو پہنچا یہ نامہ تو وہ پہلوان روانہ ہوا جانب سیستان
گیا زال با صد طرب پیشوا بصد شوق اسکو بغل میں لیا
ہوا شاد رستم کو وہ دیکھ کر نثار اس کے سر پر کیا سیم و زر
سوئے سام رستم نے نامہ لکھا رقم مژدۂ فتح و نصرت کیا
غرض سام نے جب یہ نامہ پڑھا تو پھر شوق سے چشم و سر پر رکھا
اسے اسقدر شادمانی ہوئی کہ پھر تازہ گویا جوانی ہوئی
سنا کارنامہ یہ رستم کا جب ہوئے اہل ایران قرین طرب
ہوا دل پہ پھر ایک امیدوار کہ سارے بداندیش ہونگے خوار
سوئے منوچہر آتا ہوں پھر یہ باقی بھی قصہ سناتا ہوں پھر

داستان نشستن نوذر بر تخت

منوچہر پدر خود و وصیت کردن منوچہر اورا

جو گزرے یہ شاہی میں صد بیست سال تو اے خسرو شاہانِ صاحب کمال
لگے کہنے شاہ منوچہر کو کہ اے شاہ دانشور نامجو
تو پہنچے آخر اب تری حیات کے دن بسر ہوگئے بس خلافت کے دن
یہ سنکر جہاندار کشور کشا طلب کرکے نوذر کو کہنے لگا
کہ میں ہوں کمربستہ سوئے عدم مبارک تجھے تخت و تاج و علم
تو مت چھوڑیو رسم آئین و داد رعیت کو رکھنا تو آباد و شاد
سو حق پرستی تو رہیو مدام نہ غیر از رہ راستی رکھیو کام
جہاں میں ہوئی تازہ اب داوری ہوئی نام موسیٰ کی پیغمبری
وہ پیدا ہوا جسنے خاور زمین کیا خلق نے اختیار اسکا دین
وہ ہے مرسل پاک یزدان پاک کیا اسنے فرعون کو اب ہلاک
تو مت ہو جدا اس سے جانش جو قبول اسکے اب کیجیو دین کو
مجھے پیش ہے اک مہم عظیم ترے اہل توران ہیں سب لئیم
رہ کینہ خواہی سے پر نیرنگ کرے قصد تیری طرف بہر جنگ
تجھے ہاتھ سے اسکے پہنچے گزند تو عاجز ہو لیکن زبس پیچ بلند
بقصد ستیز از رہ سرکشی کرے جب بداندیش لشکرکشی
خبر کیجیو سام اور زال کو کمک چاہیو ان سے اے نامجو
یل نوجواں بیٹا فرزند زال نہیں پہلواں کوئی جسکی مثال
وہ اس خاندان کا ہو خدمتگزار کرے یاوری آکے لیل و نہار
منوچہر کرتا تھا جیسے بیاں یکہ زادہ نوذر تھا گریہ کناں
نہ کچھ اندنوں شاہ بیمار تھا نہ کچھ درد تھا اور نہ آزار تھا
یکایک ہوا خسرو سرفراز گرفتار بیمارئے جاں گداز
نہ جاں بر ہوا پھر شہ بے نظیر جہاں سے سفر کر گیا ناگہ پیر

جلوس نوذر بر تخت سلطنت ایران

منوچہر کے بعد با کروفر
سر تخت نوذر ہوا جلوہ گر

رکھا سر پہ دیہیم شاہنشہی
ہوا مسند آرائے فرماندہی

نہ داد و دہش کی نہ انصاف و داد
نہ غفلت سے جور و ستم دل نہاد

لگا کیا اٹھنے اس سے ہر ارب
ہوئے منحرف بلکہ سر از ادب

ستمگار نے جبکہ دیکھا یہ حال
ہوا اپنے دل میں ہراساں کمال

کچھ وقت رحلت کی کرتا تھا یاد
منوچہر شاہ خجستہ نہاد

ہوئی سلطنت اندنوں کچھ خراب
یہاں آپ کو اب تو پہونچنا شتاب

ادہر تو یہ نامہ لکھا ادہر
ستمدیدگاں پہونچے واں پیشتر

پھر اتنے میں نامہ گیا شاہ کا
تاسف بہت پہلوان نے کیا

جو نزدیک پہونچا یل نیکنام
بزرگان ایران گئے پیش سام

تو بیٹھ اب سر تخت فرماندہی
تو رکھ اپنے سر پر کلاہ مہی

یہ لایا زباں پر یل ارجمند
خدا کے یہ نزدیک کب ہے پسند

منوچہر کی دخت ہوتی اگر
سر تخت شاہنشہی جلوہ گر

جو نوذر نے پیشہ لیا ظلم کا
تو اے نامداران ہراندیشہ کیا

نہ ہو منحرف اس سے تم زینہار
کرو چاکری اس کی لیل و نہار

کیا شاہ نے سب کو گردیدہ پھر
رہا کوئی بھی واں نہ رنجیدہ پھر

ولیکن منوچہر کی رسم پر
نہ قائم رہا خسرو نامور

ہوئی بند یکسر مروت کی راہ
ہوا بند سیم و زر بادشاہ

لکھا بادشاہان اطراف کو
کہ آؤ ادھر اور یہ ملک لو

سو سام نامہ کیا اک رواں
لکھا یہ کہ اے پہلوان جہاں

زباں پر تھا شکوہ یہی بار بار
کہ مرکز خلافت ہے سام سوار

وگرنہ یہ پھر تخت شاہی نہیں
بد اندیش ہوا اور ایران زمیں

کئے تھے جو نوذر نے بیداد واں
کئے سام سے جا کے یکسر بیاں

روانہ ہوا زابلستاں سے وہیں
شتاباں ہوا سوئے ایران زمیں

گزارش کیا کہ اے نامور
جہاندار نوذر ہے بیدادگر

گرفتار کر شاہ نوذر کو اب
اطاعت کریں ملک کے ہم تری سب

کہ نوذر نژاد کیاں سے ہے ہاں
اسے قید کرلوں میں شاہ جہاں

کمر باندھتا ہوں پے چاکری
شب و روز کرتا ہوں فرمانبری

اسے باز لاؤنگا اس طرح سے
کروں تازہ پیمان شہنشاہ سے

یہ کہہ کر گیا پیش شاہ جہاں
جھکایا سر عجز چوں بندگاں

سنو آگے احوال پور پشنگ
کہ نوذر سے آگے ہوا گرم جنگ

جنگ افراسیاب پسر پشنگ با نوذر و فتح یافتن و نشستن بر تخت

پشنگ ایک مرد تبرد آزما
سپہدار اقلیم توران کا تھا

پسر ایک تھا اسکا افراسیاب
کہ ہیبت سے جسکی ہو خارا بھی آب

پشنگ اس سے کہنے لگا ایک روز
کہ اے پور خوش طالع و نیکروز

شتاباں ہو تاخیر مت رکھ روا
کہ لینا ہے خون سلم اور تور کا

ہوا مستعد خاطر سے رزم کیں
یہ پاسخ دیا باپ کو بس وہیں

کروں جا کے سالار ایران سے جنگ
کروں ملک تسخیر سب بیدرنگ

پھر افراسیاب اس سے بولا یہیں
کہ ہرچند نوذر دلاور نہیں

اور اپنے پہ گردان لشکر تمام
نہیں ہمسر قارن و زال و سام

یہ بولا پشنگ اے خردمند پور
یہ کہنا ہے عقل و فراست سے دور

سر افراز تھا نسل سے تور کی
اسے جنگ نوذر سے منظور تھی

یل زورمند و دلیر و جواں
نہ تھا اوسکا ہمسر کوئی پہلواں

رواں سوئے ایراں ہو لیکر سپاہ
تو نوذر سے اب جا کے ہو کینہ خواہ

جو قصہ سنا یہ تو افراسیاب
گیا بھول آسایش و خورد و خواب

کہ شائستہ جنگ شیراں ہوں میں
سزاوار رزم دلیراں ہوں میں

یہ سنکر ہوا خرم و شاد وہ
ہوا بند سے غم کے آزاد وہ

ولیکن منوچہر کے پہلواں
حضور اسکے حاضر ہیں یکسر جواں

نہیں خوب ہے اندنوں عزم جنگ
یہی مصلحت ہے کہ کیجیے درنگ

بنی قت سے جا کے لے انتقام
شتابی سے کر کار نوذر تمام

یہ سنکر سپہدار افراسیاب
بشمشیر و گرز و سنان و خدنگ
سپہدار کو پھر یہ پہونچی خبر
خوشی سے وہ ہر روز نقارہ زن
گئے ساتھ نوذر کے مردان کار
کروں میں نبرد دلیرانہ اب
تھا اک تازیان گرد افراسیاب
کرے آنکے مجھ سے اب کارزار
زادہ سے اپنے یہ بولا وہیں
کیا اسپ کو سوئے میدان کھپا
قباد دلاور ہوا کشتہ جب
پھر انبوہ دیکھا تو افراسیاب
ہوا خون سے سرخ زمین لالہ زار
ہوا جبکہ رخشندہ پھر آفتاب
ادھر لشکر آئے توران زمین
سر و سینہ تھا و قبح پیکان و تیغ
اور آ فوج توران ہوئی چیرہ دست
ہوا آپ تب عازم کارزار
رکھے ہے اگر غیرت افراسیاب
یہ سنکر وہ افراسیاب دلیر
بیاں کیجیے کیا جو حرب تھی
کہیں سر سے نوذر کے پہنچیم سر
کیا تھا نہ بدخواہ سے کچھ خیال
ہوا شاہ دلگیر و اندوہگین
سران سپہ کو فراہم کیا
ہیرا پنی آتی نہیں کچھ نظر
یقین ہے کہ پھر دشمنان شریر

روانہ ہوا سوئے ایران شتاب
کمر جست باندھی ہے بہر جنگ
کیا سام نے اس جہاں سے سفر
نہ تھا دل میں اسکے کچھ اندوہ و درد
سواران جنگی صد و چل ہزار
کروں غارت ایران کو لشکر کو سب
بڑھا فوج سے لیکے نیزہ شتاب
نہ تا جبر کو راہ دے زینہار
کئے لیے پہلوان چلے ہو گرم کیں
ہوا تازیان سے نبرد آزما
وہ قارن دلیر و جوانمرد تب
کمک کو سپہ لیکے پہونچا شتاب
پھر اتنے میں رات شب ہوئی آشکار
تو قارن پئے جنگ افراسیاب
سپہ لیکے آیا پئے رزم کیں
نہ جاں کا تھا اپنی کسیکو دریغ
وے اہل ایران کو پہونچی شکست
پکارا یہ میدان میں تاجدار
تو آکر مقابل ہو میرے شتاب
ہوا آنکے رزم جو مثل شیر
سناں بر سناں ضرب بر ضرب تھی
گرا وقت پیکار رتھا خاک پر
ولیکن جہاندار تھا پر ملال
سخن باپ کا یاد آیا وہیں
جہاندار نے تب یہ اُنسے کہا
کہ لشکر ہے اپنا زبون سر بسر
مجھے یلنے لیجائیں کر کے اسیر

جوانان شمشیر زن سے ہزار
خزروان ہا ساسج و پہلوان
یہ سنکر ہوا شاد افراسیاب
ادھر سے بھی نوذر یہ سنکر شتاب
ملک زادہ نے نامور سے پشنگ
مقابل ہوئیں جبکہ دونوں سپاہ
ہوا آنکے میدان میں رزم جو
پسر کاوہ کا قارن نامور
قباد اس جوانمرد کا نام تھا
وہ اشتۂ پولاد کی ایک ضرب
سوئے تازیان لیکے آیا سپاہ
ہوا گرم بازار جنگ و نبرد
سواران جنگ آور و کینہ خواہ
گیا کرکے آراستہ فوج کو
ہوئے گرم پیکار جنگ آوران
ہزاروں ہوئے کشتہ و خستہ واں
جہاندار نوذر نے دیکھا یہ جب
کہ ہرگز نہیں اسمیں کچھ فائدہ
جسے نصرت و فتح دے کردگار
ہوئے تیغ زن دونوں طرف سے یل
ستیزہ کناں ہو گئی شام پر
غرض رزم موقوف کر ہر دو شاہ
ملازم کوئی شہ کی سرکار کا
کہا تھا منوچہر نے یہ کہ اں
کہ بدخواہ کی غالب آئی سپاہ
اگر بھاگئے تو کدھر جائیے
بہتر ہے کہ کشتہ ہوں میداں میں

جوانمرد و شائستۂ کارزار
سپہ کے تھے سالار با فر و شان
کہ اب بخت بدخواہ آیا بخواب
ہوا عازم جنگ افراسیاب
کھایں کرلے شاہ فیروز جنگ
تو باہم ہوئے پہلوان کینہ خواہ
کھاؤں کہ ہوئے جیسے آرزو
کہ سردار لشکر تھا باکر و فر
نہ ہرگز طلایہ کا آرام تھا
جو کھائی تو دی جان ہنگام حرب
ہوا ساتھ بدخواہ کے رزم خواہ
کسیکو کسی کا نہ تھا کچھ بھی درد
وہیں پھر گئے سوئے آرامگاہ
کہ کمر تھے مردان پیکار جو
قیامت ہوئی ایک برپا وہاں
زمیں ہو گئی سر بسر گلستان
کہ لشکر ہم آ بیدل خیرہ اب
کہ کشتہ ہو ناحق یہ خلق خدا
کرے پادشاہی وہ لیل و نہار
ہوا کارستہ ج بنوک سنان
ہوا زخم کاری نہ کچھ کارگر
پھرے رزمگہ سے سوئے خیمہ گاہ
وہاں سے وہ دیہیم لایا اٹھا
تجھے فوج ایران سے پہونچا زیاں
یہ سوچا کہ ہو کام اپنا تباہ
حفاظت کی اب جا کہاں پائیے
بچاؤں میں اب زندہ زن کہیں

طہماسپ ہمراہ قارن طرف سیستان و جلوس بر تخت شاہی ایران

حضور ملک زادہ پہونچا جب
خوشی سے وہیں ساتھ قارن کے سب
ہوا جلوہ گر تخت شاہی پہ وہ
گیا شاہ پھر سوئے افراسیاب
گیا خوار ہوکر جو پور پشنگ
تھا بھائی اغریرث نامور
روا تو نے رکھا برادر کا خون
رہی پھر نہ کچھ قدر افراسیاب
کیا اسنے ہر روز و شب عیش و جام
جہانمیں باقبال و جاہ و جلال

دیا زال کا اوسکو پیغام تب
طرف سیستان کے ہوا تیز رو
ہوئی اک جہانکو خوشی نو بنو
لڑائی کی لایا نہ ہرگز وہ تاب
نہ عزت ہوئی کچھ حضور پشنگ
تیرے پاس حاضر ہوا آن کر
کیا فوج ایران نے تجھکو زبوں
ہوا ناگوارا اسکو آرام و خواب
جہاں کو رکھا خوب آباد و شاد
رہا شاہ زمانہ دو پنج سال

کہا یوں کہ چلئے سوئے سیستان
جب آیا خداوند تاج و سریر
سو ملک پارس وہاں کی سپاہ
گیا بھاگ بدخواہ توران میں
پشنگ اس سے بولا کہ اے نابکار
کیا تو نے والے ہمکو ہلاک
نہیں کام تیرا ہے رو برو
جہاندار خسرو دین پناہ
یل زال قباد و سب پہلوان
سپہر آخر کو پہونچا پیام اجل

وہ پہلے سے اورنگ شاہی پہ ز
ہوئے گرد سب اسکے فرمان پذیر
ہوا اہل ولایت میں پھر دخل شاہ
تصرف ہوا اسکا ایران میں
نہ آئی تجھے کچھ شرم زنہار
خدا کا نہ ہرگز کیا خوف اک
مرے سامنے سے ہو دفع رو
ہوا جبکہ ایران کا بادشاہ
تپ و درد رنج تھے شاہ کے تن
گئی جان قالب سے اسکی نکل

داستان نشستن گرشاسپ شاہ بر تخت و باز آمدن افراسیاب بہ تسخیر ایران

ہوا باپ کے بعد گرشاسپ شاہ
پشنگ دلاور کو پہونچی خبر
بصد لطف تقصیر افراسیاب
سپاہ گراں لیکے پور پشنگ
پھر آیا سپاہ لیکے افراسیاب
مگر سن کے رستم کو اب سرگروہ
لگا کہنے رستم سے پھر زال زر
تو کار آزمودہ نہیں ابتلک
بڑی مصلحت گر یہ ہو تو کہہ شتاب
یہ بولا تہمتن کہ ہوں مرد رزم
کو جاؤں اگر آپ کو وقت جنگ
کہا پھر یہ رستم نے اے پہلوان
دکھانے تہمتن کو پھر سپر

خداوند اورنگ و تاج و کلاہ
کہ اک طفل ایران کا ہو تاجور
معاف اسنے کرکے کہا یوں شتاب
ہوا سوئے ایران رواں بیدرنگ
کیا چاہئے اب تدارک شتاب
اُدھر بھیجتا ہوں میں صاحب شکوہ
کہ حیران ہوں میں کیا کروں اس پر
کہ اے ناز پروردہ زیر فلک
جو ہو تجکو منظور سو دے جواب
کروں جنگ بدخواہ کو ہے یہ عزم
نہ ٹھہرے مرے آگے شیر و پلنگ
مجھے چاہئے اسپ و گرز گراں
دکھائے گئے اسپ تھے جس قدر

ولے تھا پذیرندہ رائے زال
پشنگ اپنے دل میں لگا کہنے تب
کہ تاکشتی سوئے ایران کر
بزرگان ایران یہ سنکر خبر
وہ بولا کہ میں تو ہوا سال خورد
یہ سنکر ہوئے شاد سب نامجو
ہوا ایک در پیش دشوار کار
تجھے کیونکہ بھیجوں لئے کارزار
غرض آزماتا تھا رستم کو زال
بہ تن ہے پرزور و دست درشت
یہ گفتار سن خوش ہوا زال زر
حضور اسکے لائے وہ گرز سام
رکھا پشت پہ ہاتھ جس اسپ کے

کہ تھا بادشاہ جہاں خردسال
کہ تسخیر ایران آسان ہے یہ
لئے کینہ خواہی تو باندھا کمر
لگے زال سے کہنے اے نامور
ستیزہ ہے کار جہانگرد
کیا جیسے اقبال اس بات کو
کہ بس سو گرزال ہو نا شقرار
سو شیر مردان جنگی سوار
کہ ہو بامہیں جنگ کا کچھ خیال
نہیں کچھ ملیگا تو آرام و ناز
دعا دی کہ با ہم ہو تجھے ظفر
تہمتن ہوا دیکھ کر شاد کام
وہ تیار بہر جنگ ہو گیا بس

وہ بے مادیاں ایک تھی سخ جنگ ۔ لگا اُسکے تھے جسم پیلا در رنگ
اور اسکا تھا اک بچہ پیلتن ۔ ہوا دیکھ کر خوش یل صف شکن
پہ چاہا کہ ڈالے کیانی کمند ۔ کرے تا کہ اس گرد کو پائے بند
لگا کہنے رستم سے چرگا بان ۔ کمند اپنے مت ڈال اے پہلوان
کہ مادر ہے کرے گی خونخوار تر ۔ غضبناک اور مردم آزار تر
کئے اُسترین تیز خیز خون.. ۔ میادا تجھے بھی کرے سرنگوں
تہمتن نے آخر کو ڈالی کمند ۔ سر رخش لایا وہیں زیر بند
غضبناک ہو کر وہیں جلد ان ۔ دواں آئی مانند شیر ژیان
یہ چاہے چباوے تہمتن کا سر ۔ کہ اتنے میں رستم بھی جوں شیر نر
ہوا جبکہ میدان میں نعرہ زناں ۔ تو ہیبت سے خیرہ ہوئی مادیاں
غرض خش ہی تھا نام اسکی ہی کا ۔ توانا و زور آور و چست تھا
کمند اُسکے سر پہ ہوئی جبکہ بند ۔ لگا کھینچنے تب یل ارجمند
کیا زور اس خش نے اسقدر ۔ کہ رستم کو بس لے چلا کھینچکر..
ولیکن تہمتن بھی پر زور تھا ۔ بزور اسکو قابو میں اپنے رکھا
کیا رخش کو زین ہوا پھر سوار ۔ بصد کامیابی یل نامدار
اور گنج پھر زال نے وا کیا ۔ تہمتن کو گنج زر و ل دیا
سپاہ گراں ساتھ و یکر شتاب ۔ روانہ کیا سمت افراسیاب..
ولیکن ہوا مضطرب زال زر ۔ نہ لایا وہ تاب فراق پسر
گیا آپ بھی بعد دو روز کے ۔ ملا جا کے بس رستم گرد سے..
یہ کہتا تھا ہر روز افراسیاب ۔ کہ رستم ہے کودک کہاں ہمکو تاب
جو جھجے کرے رزم کی آرزو ۔ وہ کیا چیز ہے بس ہے بے ورو
ہوا زال بھی پیر و دیرینہ سال ۔ نہیں یہ ہے تسخیر ایراں محال
سپاہ اسکی تھی پر دل شاد کام ۔ ور افواج ایران تھی بیدل تمام
یہ تھا زال کو سوچ شام و پگاہ ۔ کہ ناداں نہایت ہے گرشاسپ شاہ
کوئی چاہیے بادشاہ دلیر ۔ کہ یاں جسکی ہیبت ہو مانند شیر
روانہ کئے ہر طرف مردمان ۔ کہا زال نے یوں ہر اک سو کہاں
نژاد فریدوں سے کوئی اگر ۔ کہیں ہو تو دو مجھکو آکر خبر
کسی نے کہا آنکر یوں بیاں ۔ کہ ہے کوہ البرز میں اک جواں
فریدوں نسب شاہ فرخ نہاد ۔ دلیر و جوانمرد ہے کیقباد
ہوا یہ خبر سنکے دل شاد زال ۔ ہوا بند سے غم کے آزاد زال
پھر رستم سے بولا کہ اے نامور ۔ کمر باندھ رخش کو زین کر
روانہ ہو ابتاں سو کیقباد ۔ یہ کہہ جا کے اے شاہ فرخ نہاد
تمنا یہ رکھتے ہیں سب پہلوان ۔ تو چلئے ہو بادشاہ جہان
مددگار دولت ہو یاور ہو بخت ۔ مہیا ہے تجھکو وہاں تاج و تخت
وہ کہتے ہیں تو ہے بچہ ان تلک ۔ زیادہ نہ ہو دیر زیر فلک
یہ سُنکر وہیں وہ یل باشکوہ ۔ روانہ ہوا سوئے البرز کوہ

روانہ کردن رستم را برائے طلب کیقباد بکوہ البرز و آمدن کیقباد و نشاندن زال کیقباد را بتخت

اتر کوہ البرز سے کیقباد ۔ کہیں آکے بیٹھا تھا مسرور شاد
ہوا رستم گرد کا واں گزر ۔ وہ شہزادہ حیراں ہوا دیکھکر
لگا کہنے دل میں عجب ہے جواں ۔ تماشا ہے رخش اور گرز گراں
ہوا میل خاطر کہ ہو ہمنشیں ۔ تہمتن کو آواز دی بس وہیں
کہ تنہا اسقدر تو سجا ہے جواں ۔ اتر کر ذرا اسپ سے بیٹھ یاں
مے و نقل یہ دیکھ طیار ہے ۔ وہ بولا نہیں مجھکو درکار ہے
مگر اے جوانمرد فرخ نہاد ۔ مجھے دے نشان شہ کیقباد
وہ کہنے لگا یہ کہ آ تو یہاں ۔ تو اس نامور کا ابھی دوں نشاں
تیرے ساتھ ایک مرد عاقل کروں ۔ سکاں تک تجھے اسکے ارسال کروں
لگا پوچھنے یہ کہ اے پہلواں ۔ بتایا ہے کس نے یہ دی نشاں
یہ بولا تہمتن کہ اے نامور ۔ پدر میرا ہے پہلواں زال زر
کہا [illegible] ۔ [illegible] زادہ یا شکوہ
جوانمرد ہے کیقباد اسکا نام ۔ تو پایا ہے یہ اسکو پہونچا پیام
کہ ہے پہلوانوں کی یہ آرزو ۔ کہ ہو شاہ ایراں [illegible]

یہ سنکر وہ بولا کہ میں ہوں تباہ
تجھے تخت ایران مبارک مدام
دو باز سفید آئے ایران سے
ہوا اسطرف کو ترا اب گذر
ہے تجھے اور میرے باپ کی
غرض سے ایران وہیں شاد شاد
یہ سرحد میں پہنچے جب ایرانکے
قلون نے کیا نیزہ اسپر رواں
جو کشتہ قلون دلاور ہوا
وہیں تھے نہاں دشمن شام تک
اسے اُسنے یک ہفتہ پنہاں رکھا
قباد دلاور کو باکرّ و فر
جو لشکر سے لشکر مقابل ہوا
ادھر سے سماساس آیا وہیں
وہیں زال سے رستم نوجوان
پکاروں کہ اب آئے افراسیاب
تو پھر زہرہ شیر ہوجے آب
یہ کہکر گیا سوئے میدان دلیر
اسے دیکھکر مرد ہاں سے وہیں
کہ ہے پور زال اور رستم ہے نام
کہ لے طفل آیا جو تو بہر جنگ
تہمتن نے بھی گرز کو رکھدیا
کمر بند اسکا پکڑ کین سے
گیا ٹوٹ لیکن دوال کمر
اُدھر سے بھی وہیں بفرمان شاد
گریزاں ہوئے ترک سالار ترک
لگا کرنے فریاد یوں باپ سے

پدر بر پدر نام رکھتا ہوں باج
ہمیشہ تیرا بخت دولت مدام
سر تخت شاہی بٹھایا مجھے
بلطف خدا اے یل نامور
دو باز سفید اے یل نامجو
روانہ ہوئے رستم و کیقباد
ہوا سدِّ راہ وہ بھی تب آنکے
کہ سینہ ہو رستم کا وقف سنان
اگر سینہ بندہ یکدست لشکر ہوا
رواں شب کو ہوتے تھے زیر فلک
بشغل مے ناب شاداں کھا
سر تخت شاہی کیا جلوہ گر
سوے رزم ہر ایک مایل ہوا
ہوا ساتھ قارن کے لیکن گرم کین
یہ بولا کہ اے پہلوان جہاں
مرے ساتھ ہو رزم جو تو شتاب
اگر سامنے آئے افراسیاب
ہوا نعرہ زن جا کے مانند شیر
لگا کہنے سالار ترکان چین
رکھی ہاتھ میں اپنے ہے گرز سام
تو کیا احتیاج سنان و خدنگ
ہوا بے براق اس سے جنگ آزما
اُٹھاکر تہمتن نے بس زین پر
وہ چھٹ کر وہیں گر پڑا خاک پر
لشکر کو تہمتن کے پہونچی سپاہ
ہوئی سرد گرمی بازار ترک
کہ پہلے ہی کہتا تھا میں آپ سے

تہمتن نے سر کو دیا پھر جھکا
تہمتن سے بولا یہ پھر نامور
دم صبح پھر باد دل شادمان
یہ کہکر وہاں نوش کی پھر شراب
بس اب اُٹھے تا سوے ایران چلیں
قلون دلاور یل نامدار
تہمتن قلون کے مقابل ہوا
وہیں نیزہ رستم نے بس چھین کر
بصد شادمانی وہ دونوں جوان
غرض رفتہ رفتہ وہ پہونچے وہاں
ہوئے یکدل اتنے میں پیر و جوان
گیا قصہ پھر سوے افراسیاب
اِدھر سے تو قارن یل نامدار
سماساس یکسر ہوا غرق خون
مرے دل میں ہے جاؤں میدان نہیں
نہ کر قصد جنگ اس سے لا بہ زاری
تہمتن یہ بولا خطر کچھ نہیں
کہا ارن کو لے ترک افراسیاب
بتاؤ کہ ہے کون یہ نوجوان
مقابل تہمتن کے آیا وہ ترک
ذرا زور شیر پنجہ دکھلاؤں میں
کیا ترک نے زور ہر چند پر
یہ چاہا کہ لیجائے شاد شاد
بس اتنے میں آپہونچے اسکے سوار
ہزار و صد و شصت جنگی جوان
اتر آپ جیحون سے پور پشنگ
کہ ایرانیوں سے نہ کیجے مصاف

بسجا فرط خدمت کی لا کر کہا
مجھے شب کو اک خواب آیا نظر
اُتر کوہ سے آ کے بیٹھا یہاں
کہی پھر یہ رستم نے تعبیر خواب
تیرے سر یہ ہم تاج شاہی رکھیں
طرف سے تمہارے شتاب کے راہوار
سوے رزم ہر خاص مایل ہوا
قلون کے جو مارا وہیں سینہ پر
ہوئی پیشتر اس مکاں سے رواں
یل نامور زال زر تھا جہاں
تو پھر زال نے روز ہشتم وہاں
ہوئے پہلوان شاد کے ہمرکاب
گیا سوئے میدان پئے کارزار
زمیں پر گرا اسپ سے سرنگوں
کروں خوار دشمن کو ایکآن میں
مقابل ہو اسکے یہ کس کی مجال
اسے اسپ سے لاؤں بر زمین
مقابل تو مجھسے ہو آکر شتاب
یہ سنکر کہا مرد ہاں نے بیان
زباں پر یہ گفتار لایا وہ ترک
ابھی باندھکر تجھکو لیجاؤں میں
رہا وہیں قایم یل نامور
شتابی حضور شہ کیقباد
ہوا گرم ہنگامہ کارزار
ہوئے کشتہ ہاتھوں سے رستم کے ولے
آیا خستہ خاطر حضور پشنگ
مجھے رکھے اسپات نہ تھے معاف

تھا کیقباد اب وہاں تاجدار / وہ ہے مرد جنگ آور و ہوشیار
بہت یوں تو ایران میں ہیں پہلوان / ولے نسل سے سام کے اک جوان

عجب صاحب زور پیدا ہوا / نہ ہم پنجہ شیر نر اسکا ہوا
یل پیلتن رستم اسکا ہے نام / زبوں اس سے ہے اپنا لشکر تمام

بیاں اسکی قوت کا میں کیا کروں / کرلیں ور وا اسکے چھوٹا وہیں
جدا کرکے یکبارگی زین سے / پکڑ لیتا تھا وہ کہیں سے

کمر بند ہیرا جو لوٹا وہیں / تو ہیں ہاتھ سے اسکے چھوٹا نہیں
ہوا سو ہوا پیشتر اے پدر / ولے اب گذشتہ تو مت یاد کر

یہ ہے مصلحت آشتی ہو بہم / نہ ہوں کینہ جو کیقباد اور ہم
کہی یہ حقیقت جو پیش پشنگ / تو اک نامہ اسنے لکھا بیدرنگ

نوشتن نامہ صلح پشنگ والی توران نہ کیقباد

کیا بھیجکے دلبنہ کو نامہ رواں / سو کیقباد شہ خسروان

حضور جہاندار دلشہ گیا / سپہدار توران کا نامہ دیا
پڑھا کرکے دانشاہ نے سربسر / یہ اسمیں لکھا تھا کہ اے تاجور

اگر تو نے خون ایرج کیا / منوچہر نے اس کا بدلا لیا
ہوا پھر ادھر عازم افراسیاب / تحمل کی تھی اسکو ہرگز نہ تاب

کیا اس نے پاداش تور و سو بس / نکالی غرض اپنے جی کی ہوس
ہوا پور طہماسپ پھر کینہ خواہ / کیا فوج توران اسنے تباہ

بہت ہم کو کینہ خواہی ہوئی / بہت فوج کی بس تباہی ہوئی
یہ بہتر ہے اب آشتی کیجئے / نہ کینے کو بس دل میں راہ دیجئے

کہ ہم تم نہیں غیر کچھ زینہار / برادر ہیں یکجدی اے شہریار
موافق فریدوں کی تقسیم کے / رہینگے جدا اپنی اقلیم کے

کریں تازہ پیمان یہ تم استوار / نہ لشکر کشی پھر کریں زینہار
غرض آب جیحوں رہے درمیان / ادہر ہم ادہر تم رہو حکمران

یہ پاسخ لکھا شاہ نے پھر وہیں / کہ ہرگز نہیں ہم سے آغاز کیں
ادہر سے ہوئی ابتدا ظلم کی / ولیکن خدا نے سزا تم کو دی

نہیں عہد و پیماں میں تم استوار / تمہاری نہیں بات کا اعتبار
سر نو اگر ہووے قول و قسم / تو ہوں صلح پر راضی البتہ ہم

لگا کہنے رستم کہ اے تاجدار / نہ کر صلح اور آشتی زینہار
کیا گرز نے میرے اسکو زبوں / ملایا عدو کو تہ خاک و خوں

یہ سنکر وہ شاہنشہ نامجو / طلب کرکے محراب اور زال کو
یہ بولا تمہارا جو ہو مشورہ / کرو مجھ کو آگاہ اس سے ذرا

یہ بولے وہ شاہ قوی چنگ سے / کہ ہے صلح بہتر شہا جنگ سے
غرض شاہ نے با نشاط و خوشی / سپہدار توران سے کی آشتی

دیا رستم و زال کو گنج و زر / عنایت کئے خلعت پر گہر
کہا یوں کہ اے رستم نامجو / ترے جسم کا ایک بھی تار مو

بصد ملک توران نہ دوں یہ بہا / کروں گا فزوں تیرا عز و وقار
شہ ہفت اقلیم نے بعد ازاں / روانہ کئے جا بجا پہلوان

وہ لائے تصرف میں ملک وسیع / ہوئے شہ کے شاہان عالم مطیع
بہت نامداروں نے پھر شاد شاد / نہ فرمان سے پھیرا سر انقیاد

بصد کامیابی و فتح و ظفر / کیا سو برس شہ دادگر
یہ داد و دہش شاہ نے کی وہاں / کہ اک خلق با خاطر شادمان

ہوئے صبح خواں شہ کیقباد / فریدوں کو ہرگز کیا پھر نہ یاد
رہا سو برس شاہ گیتی پناہ / جہانمیں خداوند تاج و کلاہ

یہ سوچا شہنشہ کو یکبارگی / کہ آخر ہوئی اپنی اب زندگی
شہ دادگر کے تھے فرزند چار / انہیں ایکدن شاہ فرخ تبار

طلب کرکے بولا کہ کاؤس کے / عزیزو تمہارا بڑا بھائی ہے
یہ ہوئے خداوند تاج و سریر / رہو تم شب و روز فرماں پذیر

معاون رہو اسکے شام و سحر / کہ فتنہ نہ برپا ہو بار دگر
سبھو نے پذیرا کیا یہ سخن / بجا لائے فرمان شاہ زمن

وہ بولے کہ ہم اے شہ نامدار / اطاعت سے پھیریں نہ سر زینہار
کئی روز کے بعد پھر ناگہاں / ہوا سوئے ملک عدم شہ رواں

داستان جلوس کیکاؤس بر تخت سلطنت ایران

ہوئے بند جب وہ جو کیقباد
لگا کرنے داد و دہش روز و شب
کہ آب و ہوا ہے بہت خوشگوار
کہ ہرگز نہیں اب چھپے بیل بزم
فریدون و ضحاک جمشید سے
یہ جی میں ہے کشورستانی کروں
یہ گفتار خاقان آفاق گیر
فریدون و جمشید عالی وقار
یا ہیں زور و قوت شہنشہان
وہ گرشاسپ گستم طوس جوان
ہوئے یکدل اسبات پرگرد سب
پہونچتے ہی نامہ کے وہ نامور
پہلاں سے جہاندار کشورکشا
کہ ہم اور رستم چلکے شہ کے حضور
کہ سمجھا شہنشاہ یا داد و دیں
شہنشاہ نے گفتار لطف و کرم
کہا اسنے پھر ذکر مازندراں
کہا زال نے عرض اے نامور
فریدون جمشید نے پیشتر
کہا تاز رنج سے مازندراں
لگے کہنے پھر سب سران سپاہ
یہ پاسخ دیا شاہ نے زال کو
خدا ہے مرا یاور و دستگیر
تم اے زال اور رستم پہلوان
پدا لسوزی اے شہ کشورکشا
معاون ہیں اسکا رہونگا مدام

تو پھر شاہ کاؤس فرخ نہاد
لگا رہنے مشغول عیش و طرب
سدا فصل گل ہے ہمیشہ بہار
ہوا دل طلبگار میدان رزم
نہیں کم ہے کچھ زور و قوت مجھے
ہر اک ملک میں حکمرانی کروں
ہوئے سنکے حیران امیر و وزیر
منوچہر شاہنشہ نامدار
نہ عازم ہوئے سوے مازندراں
وگرو زرا اور گیو نامی یلاں
کیا چاہئے زال کو یاں طلب
روانہ ہوا سیستاں سے ادھر
یہ بولا کہ اب جاؤ تم پیشوا
رکھیں شاہ کو اس ارادے سے دور
نہ دیکھا کہیں اور سنا ہے کہیں
کہیں پیش زال ستودہ شیم
یہ سنکر کہا شاہ نے یوں کہ ہاں
یہ سنکر خبر میں بھی آیا ادھر
کیا تھا ارادہ کہ جاویں ادھر
عذر تو یہی کہ اے شہ خسرواں
کہ ہم ہیں ترے بندہ نیکخواہ
کہ اے گرد دانا و فرخندہ خو
کروں جاکے دیوونکو فرماں پذیر
طرف سے مری یاں رہو حکمراں
جو کچھ عرض کرنا تھا ہمنے کیا
مددگار یاور ہیں ہونگا مدام

خداوند اورنگ و افسر ہوا
ہوا ایک سازندہ خاطر دہاں
یہ سنکر کیا قصد مازندراں
مبادا اگر ہوں میں آرام گیر
مشقت بھی لازم ہے انکی نشاں
پہ کھینچوں اب سوے مازندراں
بظاہر یہ بولے کہ ہے بات نیک
رکھیں خوب ہے یاد فیروزگی
نہیں ہے مناسب عزیمت ادھر
وہاں تھے ولیکن یہ طاقت کسے
وہیں زال کو ایک نامہ لکھا
یہ سنکر تعجب ہوا شاہ کو
ملے جاکے جب زال سے پہلواں
جب آئے حضور شہ نامور
ہمیشہ تو شاہ جہانگیر ہو
وہیں رستم یل کی پہونچی خبر
ارادہ ہے میرا اس طرف سے درست
رکھوں تاکہ اس عزم سے تجھ کو باز
سنا جبکہ ہے خانۂ دیوسار
نہ تسخیر ہو زور و شمشیر سے
یہ ہے عرض اے شاہ عالیجناب
فریدوں سے افزوں ہے میرا حشم
طلسم اور افسونکو توڑوں تمام
لگا کہنے پھر شہ سے وہ نیکخواہ
مجھے کیجئے رخصت سوے سیستاں
غرض شاہ سے پھر سوے سیستاں

جہاں پرور و عدل گستر ہوا
لگا کرنے تعریف مازندراں
وزیروں سے بولا شہ جہاں
تو برباد ہو ملک تاج و سریر
کہ قائم ہے افسر ملک و مال
کروں سکہ و خطبہ اپنا وہاں
ولے جی میں کہنے لگا یوں ہر ایک
اطاعت میں انکے تھے دیو و پری
کہ آتی نہیں کامیابی نظر
کہ غصہ کو رکھے باز اس بات سے
رقم اس میں احوال سارا کیا
کہ کیسے حکم آتا ہے کیونکہ مجھ
یہ تم نے کہا زال نے تب بیاں
لگا کرنے تعریف شہ زال زر
ولایت ستاں تیری شمشیر ہو
وہ بولا دعاگو ہے شام و سحر
کمر ملک گیری پہ باندھی ہے چست
ذرا سوچ اے خسرو سرفراز
طلسم اور جادو وہاں بیشمار
نہ فائدہ آئے افسون تدبیر سے
نہیں یہ ارادہ قرین صواب
منوچہر و جم سے نہیں ہوں میں کم
سر دیو سرکا لو چھوڑوں تمام
کہ ہیں بندے ہم اور تو بادشاہ
مرخص ہوا پہلوان جہاں
مرخص ہوا پہلوان جہاں

رفتن کاؤس برائے تسخیر مازندراں و گرفتار شدن بدست دیوان

یل نامور ایک میلاد تھا
اسے شاد کا جس نے یوں کہا

کہ سو تھا تجھے بنے اپنا نگاہ
کوئی آکے جو تجھسے ہو کینہ خواہ

تو پھر زال رستم کو بھیجو خبر
مہاون تھے ہونگے وہ آنکر

یہ کہکر جہاندار کشورستاں
روانہ ہوا سوے مازندراں

گیا لیکے واں لشکر بیشمار
یلان جہانگیر جنگی سوار

بفرمان شاہنشہ نامور
گیا گیو لشکر کو لے پیشتر

جب آئی حد ملک مازندراں
تو پہونچے وہ جنگجو پہلواں

زراعت کو یکسر جلاتا گیا
مکاں خاک میں سب ملاتا گیا

ہوا سامنے جو بعزم ستیز
تو کھینچا اسے بس تہ تیغ تیز

گیا تا در شہر غارت کناں
بہت مال و زر ہاتھ آیا وہاں

گلستاں سے وہ شہر کچھ کم نتھا
زن و مرد خوش منظر و خوش لقا

ہوا شاہ مازندراں قلعہ بند
کہ غالب تھی فوج شہ ارجمند

روانہ کیا ہوکے پھر نا امید
کسی دیو کو سوے دیو سپید

کہا یوں کہ ایجان میں تنگ ہوں
کیا شاہ ایراں نے مجھکو زبوں

نشانی مدد کر تو اے اہرمن
دگرنہ جانبر ہو یاں ایک تن

یہ سنکر شتاباں ہوا نابکار
وہ لایا بہت لشکر دیو سار

ہوا شاہ سے آنکر کینہ خواہ
ہوئی قتل پر انکی ساری سپاہ

ہوئے کیبر اور شاہ کاؤس بھی
وہ گودرز و گستہم اور طوس بھی

گرفتار چنگال دیواں ہوئے
پراگندہ دل اور حیران ہوئے

کہا دیو ازرنگ نے شاہ سے
کہ تم خوش ہوئے یہ طرف آنکے

ہوا اس مکاں کی خوشی آگہی تھی
قضا سے گلستاں کی بہار تھیں

یہ سنکر کہا شاہ نے دیو سے
کہ آگاہ نہ تھا بلکے میں یوں سے

وزیر نے مجھکو کیا منع تھا
ولے میں نے انکا نہ مانا کہا

ہوا پھر میں آخر یہاں آکے خوار
نہیں چارہ تقدیر سے زینہار

اسیر شدن کیکاؤس در مازندران

جہاں قید تھا شہریار زمن
نگہبان تھے بارہ ہزار اہرمن

و فرستادن گُرد را پیش زال بطرف سیستان و مخلصی یافتن باعانت رستم

بوقت اسیری سوے سیستاں
روانہ کیا شہ نے اک پہلواں

کہ پہونچا دے تا زال زر کو خبر
سو اس پہلواں نے یہاں آنکر

بیاں زال سے ماجرا سب کیا
طرف سے یہ کاؤس کے پھر کہا

کہ اس وقت میں اے یل پیلتن
نہ لایا جو خاطر میں تیرا سخن

تو پائی سزا میں نے آخر کو آہ
ہوئی کشتہ یکدستہ ساری سپاہ

ہے زندہ باقی جو یاں چند تن
سو ہیں قید کے پنجۂ اہرمن

یہ پیغام میں نے کہی جب خبر
تو دلگیر ہوا وہیں زال زر

یہ رستم سے بولا صد افسوس ہے
کہ والی ہمارا جو کاؤس ہے

سو ہو قید اور ہم رہیں جام سے
کہ اب شب و روز آرام سے

یہ ہے وقت یاری و امداد کا
کہ حق نے تجھے زور بازو دیا

نہ ہرگز رہی مجکو تاب جنگ
کہ پیری سے ہے سست بازو و جنگ

تو ہمت کو اب کام فرما شتاب
ہو تسخیر مازندراں جا شتاب

قلم نے قضا کے یہ فتح بلند
لکھی تیرے نام اے یل ارجمند

خوشی سے یہ بولا یل نامجو
کہ ہے جنگ دیوان مری آرزو

سنے دوری راہ سے ہے خطر
کروں کیسے جانے تلک اے پدر

نہیں مجھ سگالان ناپاک خو
مبادا کہ ضائع کریں شاہ کو

کہا زال نے اس سے اے پہلواں
کہ ہیں تین رستے پہونچنے کو واں

دو راہ جو والا ہے دور و دراز
نہیں اس میں ملتا کوئی حیلہ ساز

گیا دور کی راہ کاؤس تھا
تو اس راہ سے اے تہمتن نہ جا

جو نزدیک کی اک ہے ایک راہ
نہیں آدمی کو وہاں پر پناہ

بہت راہ میں ہیں بلائیں عظیم
ہر اک منزل اسکی ہے پرخوف و بیم

گر اس راہ سے جائے اے پہلواں
تو چھ سات دن میں تو پہونچے وہاں

تہمتن یہ بولا خطر کچھ نہیں
پناہ حق ہے بر چرخ بریں

کروں فتح میں ہر بلا کو شتاب
طلسم اور جادو شیاطین کو خراب

کروں قتل دیو لشکر بدو کو
چھڑا لاؤں کاؤس اور گیو کو

یہ کہکر ہوا رخش پر جب سوار
دعا ماں نے دی کہ لیل و نہار

تو ہو سکا اسباب اے پیل نامور
ہے سمجھ میں تیری فتح و ظفر

بوقت وداع پیل نوجوان
ہوئی خوب رو دایہ گریہ کناں

لگی کہنے درد جدائی مجھے
ستائے تو کیا فائدہ ہے تجھے

تہمتن نے ماں کو یا پاسخ دیا
کہ زندان میں ہیں بندگان خدا

ان سے چھوڑا نیکو جاتا ہو نہیں
بفتح و ظفر یاں پھر آتا ہوں میں

غرض ہو کے رخصت سوئے ہفتخوان
روانہ ہوا رستم پہلوان

نہ ساتھ اپنے کوئی لیا زینہار
فقط رخش تھا اور وہ نامدار

داستان رفتن براہ پر بلاے

ہفتخوان برائے رہائی کیکاؤس شہر مازندران و احوال منزل اوّل

ہوا گام فرسا بیابان میں
سر شام پہنچا نیستان میں

کیا صید اک گور کو واں شتاب
لگا کر وہیں اسنے کھائی کباب

دیا چھوڑ صحرا میں پھر رخش کو
گیا خواب میں وہ پیل نامجو

نمایاں ہوا ایک شیر ژیان
طرف رخش کے وہیں آیا دواں

لگا ور سو جنگ مائل ہوا
بتر بر زماں سے مقابل ہوا

اٹھا شیر کے سر پہ ملنے و دشت
پچھاڑ کر گیا اسکو و نتولے پست

پھر آخر ہوا شیر جنگی زبون
رواں اسکے تن سے ہوا بحر خون

ہوا جبکہ بیدار وہ شیر نر
تو حیران نہایت ہوا دیکھکر

کہا رخش سے ہوکے پھر خشمناک
کہ تجھکو اگر شیر کرتا ہلاک

تو لے کون چلتا سلاح و سلب
کہا ہی کیا تھا یہ تو نے غضب

اگر پھر بلا ہو کوئی آشکار
تو ہونا مقابل نہ تو زینہار

تو بیدار و ہشیار کرنا مجھے
شتابی خبردار کرنا مجھے

احوال منزل دوم و ماجرائے ہلاک نمودن اژدہا بتائید ایزد تعالیٰ

ہوا مہر رخشندہ جب جلوہ گر
تو رستم روانہ ہوا پیشتر

نظر چاہ و چشمہ نہ آیا کہیں
ہوا تشنہ پانی نہ پایا کہیں

خدا سے تہمتن نے کی التجا
کرم مت رکھ تو بند و نہ سختی روا

نمایاں ہوا ایک آہو وہاں
کہ آیا تہمتن کے آگے وہاں

پھر آراستہ کرنے لگا وہ رزم
تو یہ سمجھا وہ رستم تشنہ کام

کہ بیشک ہے بخشایش کردگار
یہ دیکھ اسکے دل کو پھر آیا قرار

ہوا پھر وہ دنبال آہو رواں
تو پہنچا سر چشمہ وہ پہلوان

سپاس خداوند لایا عجب
اتر رخش سے اسنے پانی پیا

کیا گور کو تیر سے پھر شکار
اور آتش بھی کی سنگ سے آشکار

تناول کئے بس بنا کر کباب
ہوا بس وہیں گرم آرام خواب

گئی جب گزر نصف شب تب نہاں
ہوا ظاہر اک اژدہا ناگہاں

کہ ہشتاد گز وہ درازی میں تھا
غضبناک تھا قہر تھا وہ بلا

ہوا رخش گرم خروش فغاں
کہ بیدار ہو خواب سے پہلوان

ہوا وہ تو بیدار پر اژدہا
نہاں وہیں زیر زمیں ہو گیا

خفا رخش سے ہوکے بولا وہ یوں
کہ ناحق کیا مجھکو بیدار کیوں

یہ کہکر تہمتن تو پھر سو گیا
پھر اتنے میں نکلا وہیں اژدہا

کیا رخش نے پھر جو دیکھا اسکو شور
تو جاگا وہیں رستم پیل زور

وے پھر وہیں اژدہائے پلید
بزیر زمیں ہو گیا ناپدید

نہ آیا نظر کچھ چھپا رہتا تب
کیا رخش پر اسنے خشم و غضب

وہ بولا دوبارہ جگایا مجھے
خوش آیا نہ آرام میرا تجھے

اگر پھر ہوئی تجھسے ایسی خطا
تو سر تن سے تیرے کرونگا جدا

پیادہ سوئے شہر مازندراں
رواں اسکے ہوں تیغ گرز گراں

گیا خواب میں جب یل ارجمند
تو سویا وہیں اژدہائے بلند

ہوا پاس رستم کے استادہ رخش
ہوا جانفشانی کو آمادہ رخش

جدھر آتے تھا اژدہائے سیاہ — اودھر رخش ہوتا تھا بس سدراہ
پھراتے ہیں بیدار رستم ہوا — وہیں گرم پیکار رستم ہوا
ولیکن نہ ہرگز ہوئی کارگر — تو ہی اژدہا کی فراپشت پر
کہاتے نہیں آیا سو پہلوان — دہن کرکے وا اژدہائے دمان
جو دیکھا کہ رستم پہ ہے وقت تنگ — کیا کام کیا رخش تے بیدرنگ
تہمتن نے ایک تیغ ماری وہیں — ہوئی خون سے اسکی رنگیں زمین
وہ جب آگیا متصل ناگہاں — ہوا تب خروشان و حملہ کناں
تہمتن نے پھر کھینچا ایک تیغ — دلیری سے ماری وہیں بیدریغ
یہ چاہا کرے زخم دیگر روا — کرتا ہو دو پارہ تن اژدہا
دم اژدہا گرم تر آتش سے تھا — وہ ناچار سوئے عقب ہٹ گیا
کمر و اسنے پکڑا اسے دوڑ کر — پھر اس تند ولے نے اٹھایا نہ سر
ہوا کشتہ جب اژدہائے دمان — لگا کرنے شکر حق پہلوان

بیان احوال منزل سوم راہ ہفتخوان و طے کردن بتائید پروردگار جہان

روانہ ہوا واں سے پھر صبحگاہ — دراز آئی اس کو در پیش راہ
ہوا جبکہ رستم سکونت گزیں — تب آئی وہاں اک زن مہ جبیں
بہت خوب تھا اسکے بر میں لباس — غرض بیٹھی آکر وہ رستم کے پاس
پھر احوال رستم نے پوچھا تمام — لگی کہنے تب یوں بت لالہ فام
بیابان میں پہونچائے ہو نقل و مے — جو کچھ چاہئے یاں سو موجود ہے
یہانتک وہ محفوظ و خرم ہوا — کہ پھر نغمہ سنج آپ رستم ہوا
ہوئی وہ بھی مستفسر حال جب — زبانپر وہ لایا وہیں حمد رب
تہمتن پہ تب یہ ہوا آشکار — کہ ہے ساحرہ کوئی دلبسار
یہ بولا کہ تو کون ہے سچ بتا — زن ساحرہ ہوں یہ اُسنے کہا
سر شام پہونچا وہ اک چشمہ پر — کہ سبزہ بھی تھا خوب واں تازہ تر
صراحی مے ہاتھ میں اسکے تھی — نہ تنہا صراحی کہ طنبور بھی
تہمتن نے اسکو بغل میں لیا — اور اک جام مے اسنے لیکر پیا
کہ ہیں ہمنشین صالح و حق پرست — مجھے وہ خداوند بالا و پست
ترنم سرا پھر ہوئی نازنین — ہوا سنکے رستم مسرت قرین
نہ جانا کہ یہ زن ہے اک سحرکار — ہوا راز پنہاں نہ کچھ آشکار
سنا جبکہ نام جہاں آفریں — ہوا تیرہ رنگ رخ نازنین
گیا اسکو وہیں ابر کمند — غضبناک ہو پھر یل ارجمند
قلم تیغ سے کرکے پھر اسکا سر — گیا خواب میں وہ یل نامور

بیان احوال منزل چہارم راہ ہفتخوان

جو واں سے ہوا صبحدم رہ نورد — تو پہونچا عجب دشت میں شیر مرد
وہ طے کرگیا راہ تاریک کو — سر چشمہ پہونچا یل نامجو
جڑی ایکسا جہلے آنکر پاؤں پر — ہوا وہ وہیں بیدار وہ نامور
یہاں کا ہے حاکم مرا ہی پسر — کہ جسکے مقابل نہ ہو نرہ شیر
تو ہو جان سے سیر آیا مگر — گر بزندہ ہو یا نسے اب زود تر
مجھے تجھپہ آتا ہے رحم اے جوان — کہ ضایع کہیں تو نہ ہوئے نہاں
طمانچہ مرا منہ پہ کہا اسقدر — کہ بیٹھی دواں تھرتھرے سر بسر
وہ مشغول سہیہ فگن تھا کہیں — یہ سنکر سیاہ لیکے آیا وہیں
کہ ہوتا تھا خورشید کم جلوہ گر — اندھیرا ہی تھا واں پیشتر
گیا خواب میں وقت شب پہلواں — تب آیا وہاں دشتباں نگہباں
لگا کہنے رستم سے وہ دشتباں — کہ اولاد کرد دلاور جہاں
تصرف میں ہے چند فرسنگ زمیں — پرندونکا بھی یاں گزار نہیں
وگرنہ جو اولاد آجائے گا — تو پھر بچ کے جانے نہیں پائیگا
یہ سنکر تہمتن نے ہو خشمگیں — پکڑ کان اسکے اکھاڑے وہیں
گیا دشتباں پاس اولاد کے — کہا حال سب جاکے وقت اسے
اسے دیکھکر رخش پر ہو سوار — مقابل ہوا رستم نامدار

یہ اولاد رستم سے کہنے لگا / مجھے تک بتا نام ہے تیرا کیا
کہ یہ نام مازندرے ترجماں / یہ گفتار سنکر یل نوجواں
لگا کہنے یوں نام میرا ہے ابر / قوی زور ہوں مثل پیل و ہزبر
دلیروں کا زہرہ وہیں آب ہو / سنیں گر کہیں وہ مرے نام کو
پھر اولاد بولا بتا یہ مجھے / کہ آیا ہے تو کونسی راہ سے
یہ بولا وہیں رستم نامور / رہ ہفتخواں سے ہیں آیا ادہر
یہ تیرے بازو و فضل خدا / سہ منزل میں کیں دفع ہر سہ بلا
چہارم یہ منزل جو درپیش ہے / تو تو سد راہ ہے بد اندیش ہے
ترے تن سے بھی اب جدا سر کروں / تہ تیغ یکدست لشکر کروں
سنا جبکہ اولاد نے یہ کلام / تو اس کے اڑے ہوش اسکے تمام
کیا خوف دہشت نے دل پر اثر / نہ ہرگز بڑھا آپ پھر پیشتر
سواروں سے بولا کہ یکبارگی / کرو حملہ دیو کے ایک بارگی
وہ جنگ آور کھینچکر تیغ کین / سوے رستم گرد آئے وہیں
کوئی پہلواں بیشتر سے تھا / اسے پہلے رستم نے تک کیا
لگا قتل کرنے چپ و راس پھر / نہ آیا کوئی پہلواں پاس پھر
سپاہ مخالف گریزاں ہوئی / بیاباں میں بیسر پریشاں ہوئی
وہ اولاد واں سے فراری ہوا / وہیں دشت پیمائی خواری ہوا
کیا پھر نہ آرام رستم نے واں / ہوا اسکے دنبال ہی وہ دواں
وہ جاتا تھا گاہے ادہر گہ ادہر / غرض مثل روباہ تھا حیلہ گر
ہوا اگرچہ عاجز یل نامدار / ولیکن نہ چھوڑا اسے زینہار
پہونچ اسکے نزدیک ڈالی کمند / کیا کھینچ اولاد کو کرکے بند
اسے بند کر وہ پھر اشہسوار / پھر اک چشمہ کے پاس پڑا اوتر
شجر سے دبا باندھا اولاد کو / ہوا استراحت کناں نامجو

بیان احوال منزل پنجم راہ ہفتخواں

ہوئی صبح تابندہ جب آشکار / تو بولا یہ اولاد سے نامدار
کہ دیو سفید اور کاؤس شاہ / ہوئے تھے جو رزم آور کینہ خواہ
وہ احوال کر تو مفصل بیاں / کہی اسنے القصہ سب داستاں
یہ رستم نے چاہا وہیں بیدریغ / کہ اولاد کو کیجیے زیر تیغ
بصد عجز اسنے کیا یوں بیاں / اگر تو نہ قتل کرے مجھے پہلواں
کروں میں شب و روز فرمانبری / کروں رات دن خدمت و چاکری
لگا کہنے رستم کہ کاؤس شاہ / مقید جہاں ہے بحال تباہ
وہاں تک اگر لے چلے تو مجھے / تو کشتہ کروں میں نہ ہرگز تجھے
بتادے تو گر جانتے دیو سفید / تو بر آوے تیری دلی امید
پذیرا کیا اسنے اس بات کو / یہ ظاہر کیا پھر کہ اے نامجو
مکاں ایک ہے درمیان دو کوہ / وہاں شاہ کاؤس گردوں شکوہ
گرفتار ہے اور سر کوہسار / نگہباں ہیں دیو بارہ ہزار
دیا جبکہ زنداں کا اسنے نشاں / تب اسپر تہمتن ہوا مہرباں
رہا وہیں اولاد کو پھر کیا / دے قول اور عہد و پیماں کہا
کہا یوں کہ اب رہنمائی تو کر / مراعات تجھپر کروں پیشتر
وہ بولا کہ نزدیک ہے وہ مکاں / جہاں قید ہے بادشاہ جہاں
وہی شہر مازندراں کی ہے راہ / کہ ہے دیو زادوں کی آرامگاہ
اور اک دشت پر کوش ہے درمیاں / کہ سنگ گراں سنگ رہ ہے جہاں
سوا اسکے اے پہلوان جہاں / ہزاروں وہ صد پیل جنگی ہیں واں
سراپا ہو تو سنگ و آہن اگر / گزر اس مکاں سے ہے دشوار تر
یہ گفتار سنکر ہوا خندہ زن / لگا کہنے اولاد سے پیلتن
کہ ہو راہبر تو اگر واں تلک / تو واں دیکھنا پھر کہ زیر فلک
کروں ہوں میں کسطرح سب کو ہلاک / ملاتا ہوں کیونکر تہ خون و خاک
ہوا ساتھ اولاد کے پھر رواں / یل پیلتن رستم پہلواں
جہاں تک تعلق تھا اولاد کا / مقابل نہ آئی کوئی واں بلا
غرض اک شب و روز وہ شیر مرد / ہوا دشت میں چیرہ رہ نورد
کہیں نصف شب قلعہ کوہ پہ / تہمتن کو ناگاہ آیا نظر
کہ آتش ہے افروختہ جا بجا / جو پوچھا تو اولاد نے یوں کہا
کہ دروازہ شہر مازندراں / یہی ہے کہ آتش ہے روشن جہاں

وہ دیو سپید اور بھی دیو سب سکونت گزیں ہیں جہاں در وجب
فروزندہ ہر دیو نے آگ کی کہ دستور انکا ہے ہر شب یہی
یہ سنکر ہوا وہ مسرت قریں ہوا دشت میں وہ سکونت گزیں
کہا اب تو ہے شہر نزدیک تر رواں یاں سے ہونگے وقت سحر
درخت ایک تھا اس سے اولاد کو دیا باندھ اور سو رہا نامجو
بہم گرچہ تھا عہد اور اختلاط ولے راہ میں شرط تھی احتیاط

بیان احوال بہ اختلال منزل ششم راہ ہفتخوان

دم صبح اولاد کو ساتھ لے روانہ ہوا رستم اس دشت سے
ولے تھی کمند اسکی گردن بند وہ رہبر تھا پیش پیل ارجمند
یہ اولاد بولا کہ اے نامور یہ منزل ہے پرخوف بیم و خطر
نگہبان ہیں ارژنگ بیدار ژنگ نہیں جیسے انسان سوتا چنگ
نہ اندیشہ رستم نے ہرگز کیا جہاں تھا لب ارژنگ خاواں گیا
دلیرانہ جاکر کیا جب غریو تو خیمے سے نکلا وہ ارژنگ دیو
تہمتن نے اسکے کریں دست کہ تا پہلو انکو کرے وہیں پست
تہمتن نے ہاتھ اسکے رکھ کتف پر پکڑ دوسرے ہاتھ سے اسکا سر
جسے خاک پر پھر فگندہ کیا سر دیو ناپاک کندہ کیا
جہاں اور جو دیونکی تھی انجمن دیا پھینک ان پر سر اہرمن
ہوئے پھر گریزندہ سب دیو زاد ہوا واں سے رستم رواں شاد شاد
سر کوہ جس وقت رکھا قدم وہاں پر توقف کیا ایک دم
روانہ ہوا پھر پیل ارجمند غرض کرکے طے راہ پست و بلند
جہاں شاہ ایران گرفتار تھا وہاں ساتھ اولاد کے وہ گیا
سنا کل وہاں خواب غفلت میں تھے بجا پر سلطاں ہوا گرد سے
تہمتن نے پوچھا جو احوال راہ تو رستم نے تکبیر کہہ پیش شاہ
گرفتار زنجیر کاؤس تھا تہمتن نے اسدم ارادہ کیا
کہ کیدست توڑے وہ بند گراں کہ اتنے میں جاگے وہاں پاسباں
لیا گھیر رستم کو لیکن کر ولے پہلواں کو نہ تھا کچھ خطر
جو سردار تھا قوم کا بند دیو مقابل ہوا وہیں کرکے غریو
وہ بولا کہ بیٹے بفضل خدا کیا تن سے ارژنگ کا سر جدا
خدا نے دیا اسقدر مجھکو زور کہ دیونکو سمجھوں ہوں مانند مور
میرے ہاتھ سے مرگ دیو سپید ہیں آیا ہی کر کے دل میں امید
کروں قتل اس دیو ناپاک کو نہ جان اپنی دے ہوکے تو رزم جو
اطاعت میری کر تو اب اختیار کہ یہ خواہش بہتر نہیں زینہار
اگر جنگ کی دل میں ہو کچھ ہوس تو سر تیر اور تیغ براں ہے بس
ہوا دیو فرماں پذیر اسکا وہیں کہ پیدا ہوئی ہیبت تیغ کیں
کہا اور دیوان ناپاک کو کہ رستم ہو پیش پیل نامجو
گرفتار تھے جتنے ایرانیاں انہیں لاکے حاضر کیا پھر وہاں
نکالتے رستم سے پیکر اہرمن کہ دیو سپید اسے پیل پیلتن
ہوا کشتہ گر ہاتھ سے تیرے دل تو فرما تیری ہم کریں سب بجاں
تہمتن وہاں سنکے ناخوش ہوا اور اک دیو ساتھ اسکے وانسے ہوا
بیاباں میں تھا وقت شب وہ سپہر وہ اولاد اور دیو تھا راہبر
دکھا ایک لشکر نظر دور سے کہ فزوں تیغ سے تھا اور سوے
بیا اولاد سے پوچھنے وہ لگا کہ یہ فوج کسکی ہے مجھکو بتا
وہ بولا کہ ہے فوج دیو سپید سنا یاس اسکے اور اک دیو بد
کہ نکلے ہے جب چشم پر آفتاب ہر اک دیو سوتا ہے پھر گرم خواب
اگر اسوقت تو انسے ہو کینہ خواہ تو پھر ہو مظفر بفضل اِلٰہ
ہوئی بات اولاد کی دلپذیر ہوا رات کو رستم آرام گیر

احوال منزل ہفتم و کشتہ شدن دیو سپید

سحر جبکہ خورشید تاباں ہوا پل پیلتن تب شتاباں ہوا
جہاں لشکر دیو تھا واں گیا کوئی خواب میں کوئی بیدار تھا
تہمتن [illegible] لگا قتل کرنے انہیں بید ریغ
ہوئے پھر خبردار کیدست دیو کیا گرد رستم کہ کرکے غریو

چھپا وہ رہا تھا تہمتن پہلواں
جو آیا مقابل ہوا کشتہ واں

رہی جب نہ زنہار تاب ستیز
ہوئی وانسے دیو نے راہ گریز

پھر آیا وہ یل بادل پر امید
سو خانہ جاے وہ دیو سپید

پر از جادواں تھا وہ یکسر مکاں
نہ تھا نام کو روشنی کا نشاں

وہی جو رہبر ہوا رہنما
یل پیلتن کو وہاں لے گیا

کوئی غار تاریک تھا تر وہاں
کہ دیو سپید لعین تھا جہاں

نکل غار سے وہ مقابل ہوا
سو رستم گرد مائل ہوا

اسے دیکھ رستم ہوا خوفناک
پناہ لیگیا سوے یزدان پاک

دلیری سے پھر لیکے نام خدا
کیا زخم شمشیر اسپر رہا

ہوئی خستہ اس زخم سے آن دیو
ولے دوڑ کر اسنے کر کے غریو

بغل میں لیا اپنی رستم کو دب
لگا زور کرنے وہ خانہ خراب

جواں نے بھی اقدام کیا خوب ور
دلیرانہ باہم ہوا خوب زور

ادھر یوں کہے تھا یل نامجو
کہ اب دیکھئے جانبری کسکو ہو

کہے تھا ادھر دلمیں دیو سفید
کہ ہوں جلنے سے آج میں نا امید

غرض ہمدگر خوب کشتی ہوئی
ادہر اور اُدہر سے درشتی ہوئی

بہم ہو کے عاجز ہوئے پھر جدا
جدا ہو کے یکدم توقف کیا

زمیں پر بچایک پڑی جو نظر
تو دیکھی زمیں خون سے رستم نے تر

یقیں یہ ہوا زخم کاری لگا
ہوا دل قوی رستم گرد کا

اٹھایا پکڑ کر کمر دیو کو
دیا پھر پٹک خاک پر دیو کو

کیا وہیں خنجر سے اسکو ہلاک
نکالا جگر دل کیا اسکا چاک

نگاہ کی جو رستم نے پھر سوئے غار
تو کشتہ بہت پائے واں دیو سار

یہ پوچھا انہیں قتل کسنے کیا
جواب اسکو اولاد نے یہ دیا

کہ با جان دیو سپید لعین
ہر اک کی تھی وابستہ جان حزین

ہوا کشتہ وہ جب تو سب مر گئے
جہنم میں ساتھ اسکے یکسر گئے

یہ کہکر کہا پھر کہ اے نامدار
کچھ انعام کا ہوں نہیں امیدوار

تہمتن یہ بولا کہ تجھے اے جواں
کروں حاکم شہر مازندراں

پھر اولاد کو وہ جگر دیو کا
یل پیلتن نے حوالے کیا

تہمتن وہاں سے پھر آ شاد شاد
کیا پیش کاؤس فتح نہاد

دیا مژدہ فتح جب شاہ کو
تو شاداں ہوا خسرو نامجو

لگا کہنے پھر شاد باد و دریں
کہ اے مرحبا آفریں آفریں

داستان بر تخت نشستن کیکاؤس شاہ مازندران و نامہ نوشتن بشاہ جادوان

جو سردار دیووں کا تھا چند نام
ہوا وہ مطیع شہ ذوالکرام

وہ لایا وہاں ایک اورنگ زر
ہوا اسپہ کاؤس کے جلوہ گر

وہ گودرز و گستہم اور طوس و گیو
وہ گرگین و بہرام اور خیل دیو

ہوئے ایستادہ چپ و راس جب
کمر بستہ چوں بندگان باادب

یل نامور رستم پہلواں
سر کرسی زر تھا جلوہ کناں

سر تو ہوئی محفل انبساط
مہیا ہوا ساز و برگ نشاط

رہا سات دن تک یہ جشن طرب
سبھی روز و شب مائل عیش سب

سو شاہ مازندراں بعد ازاں
کیا شاہ نے ایک نامہ رواں

فرستادہ کا نام فرہاد تھا
غرض نامہ شاہ وہ لیگیا

دیا شاہ مازندراں کو شتاب
کہا یوں کہ لکھ دیجئے اسکا جواب

شہ جادواں نے پڑھا کر کے وا
لکھا تھا کہ اک گرد زور آزما

رواں ہو کے ایراں سے آیا یہاں
قوی زور ہے مثل شیر ژیاں

دلیر و جوانمرد رستم ہے نام
ہژبر افگنی ہے سدا اسکا کام

وہ دیو سپید اور ارژنگ دیو
جہاں میں تھا قوت کا جنکی غریو

ہوئے ساتھ رستم کے جب ہم جنگ
تو وہ دونوں کشتہ ہوئے بیدرنگ

کہاں ہو تجھے زور کی اس سے تاب
تو حاضر ہو یاں آنکے اب شتاب

ہمیں ملک اپنا حوالے تو کر
تجھے خواہش خیر ہے کچھ اگر

ترے حق میں بہتر ہے فرمانبری
وگرنہ ہو دشوار پھر جانبری

یہ مضموں پڑھا جب تو ہو کر خفا
شہ جادواں نے یہ پاسخ دیا

کہ دیو سفید اور ارژنگ اگر
ہوئے کشتہ تو یاں ہوا کیا ضرر

ہوا زور رستم درخشندہ جب   یہ مانگی دعا شاہ ایران نے تب
کہ یا رب بری مقرون ہو ظفر   زبوں ہوویں دیوان بیداد گر
وہیں غیب سے پھر یہ آئی صدا   کہ ہو فتح تیری بفضل خدا
یہ سنکر شہنشاہ فرخ نہاد   گیا سوی مازندرگہ شاد شاد
کہا حملہ آور ہو ساری سپاہ   کرو فوج مازندران کو تباہ
تہمتن سوے شاہ مازندران   شتابان ہوا مثل پیل دمان
کھڑے اسکے آگے تھے پیلان مست   کیا گرز سے اسنے ہرایک کو پست
کشادہ ہوئی راہ جب سربسر   گیا راست تب رستم نامور
رہا ہاتھ سے گرز اسدم ہوا   طلبگار نیزہ وہ رستم ہوا
وہیں گیو نیزہ وہاں لے گیا   تہمتن کو جاکر حوالے کیا
بل پیلتن لیکے اس نیزہ کو   شہ جادوان سے ہوا رزم جو
وہ ٹوٹ تھی جادو کی ہنگام جنگ   شہ جادوان بنگیا مثل سنگ
جو دیکھا وہ کوہ گران سد راہ   تو جبران رستم کینہ خواہ
پہونچکر وہیں شاہ کاوس کو   یہ بولا کہ اے شاہ فرخندہ خو
پھرے ساتھ جب لیکے گرز گران   ہوا رزم جو شاہ مازندران
تو بیٹھے کیا زخم نیزہ رہا   اور اسدم یہ دلمیں گمان پھر ہوا
کہ اس خم سے ہوا غرق خون   ہوا شاہ مازندران سرنگوں
ولیکن یہ حائل ہوا ایک کوہ   یہاں سخت حیرت میں ہیں ایک وہ
لگا کہنے پھر بادشاہ جہاں   کہ جتنے ہیں پر انکے زور آوران
اٹھا لاویں اس کوہ کو زود تر   یہ سنکر وہ زور آوران سربسر
لگے زور کرنے ولیکن وہ کوہ   بلا ابھی نہ اسنے ہوئے سب ستوہ
پھرا آخر کو وہ رستم پہلوان   اٹھا نہ سکا واں سے کوہ گراں
پس پشت تھے وہ دلیران تمام   خوش و خرم و آفرین خوان تمام
خوشی سے سر رستم نامدار   بہت گوہر و زر کیا واں نثار
غرض لاکے رکھا وہ کوہ گران   کہ شاہنشہ نامور تھا جہاں
خروشاں ہو چون شیر سوے جنگ   تہمتن یہ بولا کہ ہاں بیدرنگ
نکل آئی شہ جادوان سنگ سے   رہائی نہیں اب تجھے جنگ سے
وگرنہ ابھی لیکے تیغ و تبر   کروں ٹکڑے اس کوہ کے زود تر
یہ آواز سنکر شہ جادوان   جو نکلا تو کاوس شاہ جہاں
لگا کہنے کچھ ہمیں او نہ پاک   ملا دوں اب اس کو تہ خون و خاک
وہیں کھینچکر پھر تہمتن نے تیغ   کیا پارہ پارہ اسے بیدریغ
جو کشتہ ہوا شاہ مازندران   ہزیمت پڑی فوج کے درمیان
گریزاں ہوئے مردم واہرمن   پریشان ہوئے زیر چرخ کہن
بفیروزی و فتح شاہ جہاں   ہوا داخل شہر مازندران
شہ جادوان کا جو تھا تختگاہ   ہوا جلوہ گاہ شہ دین پناہ
ہوئے مردم شہر دیوان تمام   پرستار شاہنشہ ذوالکرام
بہت ہاتھ آیا وہاں مال و گنج   ہوا دور یکدست پھر اسکے رنج
سپاس عنایات و لطف خدا   جہاندار کاوس لایا بجا
جہاں اس فتح سے شہ خوشدل ہوا   ز بخشش و جود مائل ہوا
دُر بے بہا خلعت پُر گہر   زر و مال و اسپان با زین زر
کنیز و غلامان زرین لباس   بصد بہجت و شفقت و بیقیاس
تہمتن کو دیکھ کیا سرفراز   ہوا پہلوان کا فزون اعتبار
پھر اولاد کو بادشاہ طرب   حضور جہاندار کرکے طلب
کیا عرض رستم نے اے بادشاہ   یہ اولاد ہے بندۂ نیک خواہ
بہت اسنے کی خدمت چاکری   یہ ہے لائق عزت و برتری
حکومت یہاں کی اسے دیجئے   جہاں میں سرافراز اب کیجئے
شہنشاہ نے خرم و شاد ہو   زروے عنایات اولاد کو
کیا حاکم شہر مازندران   فزوں کی وہیں اسکی توقیر شان
وہ گستہم اور طوس عالی وقار   وہ گودرز اور گیو جنگی سوار
یہ جتنے تھے گردان جنگ آزما   زر و مال آنکو عنایت کیا

داستان لشکر کشی کردن کیکاوس بر شاہ ہاماوران و ہزیمت

خوردن شاہ ہاماوران و دادن دختر خود کیکاؤس را

بتا بید اقبال و نیروی بخت — جو مازندران سے لیا تاج و تخت
تو پھر سوئے ایران فتح و ظفر — روانہ ہوا خسرو نامور
ہوئی ایک عالم کو یہ آگہی — کہ با شوکت و فر و شاہنشہی
خدیو جہانگیر کاؤس کے — بلند اقتدار و زبردست سے
کیا جسنے تسخیر مازندران — ہوا اپنی و بران پہ اب حکمران
ہوئے سرکشان تنکے اندیشہ مند — مبادا کہ ناگاہ پہونچے گزند
بہت بادشاہان گردن فراز — ہوئے کام فرسائے راز و نیاز
ہر اک نے زر و گوہر و طوق و تاج — حضور اسکے بھیجا برسم خراج
اطاعت پہ جسنے نہ باندھی کمر — تو اسکی ولایت کو پہونچا ضرر
بہت کجروان شہ نے سیدھے کئے — سکان ملک توران کی اسکے لئے
نہ لیکن ہوا شاہ ہاماوران — مطیع شہنشاہ کشورستان
نمایاں ہوئی اس سے جب یہ سرکشی — تو کی شاہ نے اسپہ لشکرکشی
کیا اسقدر پہلوانوں نے تنگ — کہ ہرگز رہا پھر نہ یارائے جنگ
وہ رکھتا تھا اک دختر خوب نام — صنوبر قد و گلرخ و لالہ فام
جہاندار اسکا ہوا خواستگار — نہ انکار اس نے کیا زینہار
بندھا عقد باہم برسم شہان — ہوا شاہ کاؤس پھر مہمان
رہا ملک ہاماوران برقرار — مراعات کی اور بھی بیشمار
پیام سپہدار ہاماوران — یہ آیا حضور شہ خسروان
کہ تشریف اب قلعہ میں لائیے — یہاں تک قدم رنجہ فرمائیے
قبول اب میری مہمانی کرو — میرے حال پر مہربانی کرو
کیا شہ نے اقبال اسبات کو — ولیکن وہ دلدار فرخندہ خو
یہ لڑکی کہ اے خسرو نامدار — میرے باپ کا کچھ نہیں اعتبار
وہ کمبخت ظالم سیہ کار ہے — بڑا ہی دغاباز و مکار ہے
نہ جاؤ غرض قلعے کے درمیاں — کہ ہرگز نہیں خوب جانا وہاں

داستان مہمان نمودن شاہ ہاماوران کیکاؤس را و گرفتار نمودنش وخبر یافتن رستم و نامہ نوشتن آن بشاہ ہاماوران

ہوا جاکے مہمان شہ کامگار — گئے ساتھ اسکے کئی نامدار
وہاں سات دن وقت اترا کیا — نہ وسواس و اندیشہ ہرگز کیا
تمنائے سالار ہاماوران — بر آئی کہ آیا وہ شاہ جہاں
شب و روز خدمت میں حاضر رہا — جو کچھ شرط خدمت تھی لایا بجا
کمیں کیا کہ خدمت سے خوشدل کیا — شہنشہ کو حیلے سے غافل کیا
کیا قید پھر شاہ کاؤس کو — کیا بند گودرز و طوس کو
ہوا جب گرفتار کاؤس شاہ — تو راہی ہوئی سمت ایران سپاہ
یہ سنکر سپہدار افراسیاب — سپہ لیکے توران سے پہونچا شتاب
تصرف کیا آکے ایران میں — کیا ملک تسخیر اک آن میں
بزرگان ایران نے پھر زینہار — اطاعت نہ کی ترک کی اختیار
گئے زابلستان میں رستم کے پاس — شکستہ دل و پر غم و بیحواس
کیا جاکے احوال سارا بیان — کرے تا کہ تدبیر کچھ پہلوان
سنا جبکہ رستم نے یہ ماجرا — تو پہلے شاہ ہاماوران کو لکھا
سنا ہوگا احوال مازندران — یہ [illegible]
ہوا شاہ مازندران بھی ہلاک — ملے دیو سرکش تہ خون و خاک
تمہیں بھی یہ لازم کہ کاؤس کو — باعزاز و اکرام یاں بھیجدو
وگرنہ سواران زابلستان — نہ چھوڑینگے ہاماوران کا نشان

جواب نامہ نوشتن شاہ ہاماوران برستم و روانہ شدن رستم بہ ہاماوران

در جنگ کردن و ظفر یاب شدن کیکاؤس شاہ

لکھا لشکے پاس کہ کاؤس کی / نہایت ہے دشوار اب مخلصی
اگر تو بھی آویگا میدان میں / تو ہوگا گرفتار اک آن میں
پڑا جبکہ نامہ کا اپنے جواب / تو پھر زابلستان سے جوں موج آب
روانہ ہوا سوئے ہاماوراں / پل پلتن لیکے فوج گراں
مخالف نے پھر جمع لشکر کیا / شہ مصر و بربر کو یاور کیا
غرض باسپاہ گراں ہر سہ شاہ / تہمتن سے آکر ہوئے کینہ خواہ
کیا پہلواں نے سپاہ زر طلب / کہ جو چاہے جسکا مقابل ہوا اب
ہوا دل میں ہر ایک پیدا خطر / کیا رزم سے اسکے سب نے حذر
ہوا شاہ ہاماوراں پر غضب / گئے پہلواناں بھی ناچار تب
کیا قصد رستم نے پیکار کا / ولے جبکہ رستم نے حملہ کیا
سراسیمہ وہیں گریزاں ہوئے / یلاں ہر سہ کشور ہراساں ہوئے
پھر آیا نہ میدان میں اک سوار / مقابل نہ کوئی ہوا زینہار
جو دیکھا کہ بیدل ہے ساری سپاہ / تو غیرت سے پھر مصر و بربر کے شاہ
گئے سامنے پہلواں کے دلیر / مقابل ہوا وہ بھی مانند شیر
سو تاریک سرور مصر کا / کیا گرز رستم نے جسدم رہا
بچا کر وہ ضربا اسکی بھاگا وہیں / ولے بخت بد سے تھا چارہ نہیں
تہمتن نے پھر آپ ڈالی کمند / ہوا الغرض وہ گرفتار بند
شتابی سے گرزیں سے اسکو جدا / اسے مردواں کے حوالے کیا
سپاہ لیکے پھر حملہ آور ہوا / شتابان سو فوج بربر ہوا
گریزاں سواران بربر ہوئے / تب یک حملہ وان رزم آور ہوئے
تباہ و پراگندہ لشکر ہوا / گرفتار پھر شاہ بربر ہوا
نہ تنہا ہوا شاہ بربر اسیر / چہل نامداراں ہوئے دستگیر
تہمتن سے پھر شاہ ہاماوراں / ہوا آرزومند امن و اماں
ہوئی شاہ کاؤس کی مخلصی / چھٹے قید سے طوس و گودرز بھی
جہاندار کاؤس پا کر و فر / ہوا تخت شاہی پہ تب جلوہ گر
سپاہ سہ کشور بصد آرزو / ہوئی ہمرکاب شہ نامجو
روان سوئے ایران ہوا بادشاہ / زیادہ تھی شش لاکھ سے بھی سپاہ

مراجعت فرمودن کیکاؤس شاہ بسمت ایران و جنگ آمدن افراسیاب والی توران و ہزیمت او از دست رستم

جب آیا جہاندار عالیجناب / سپہ لیکے پہنچا تب افراسیاب
صف جنگ آراستہ واں ہوئی / جہاں میں قیامت نمایاں ہوئی
سپہدار توراں نے پھر یوں کہا / کہ اے پہلوانان جنگ آزما
پکڑ لائے رستم کو گر کوئی مرد / کرے قتل یا آ کے وقت نبرد
کروں صاحب تاج افسر اسے / سوا اسکے دوں اپنی دختر اسے
یہ سنکر کئی مرد میدان میں / گئے اور ہوئے کشتہ اک آن میں
پھر آیا سوئے رستم افراسیاب / ولیکن نہ ہرگز ہوا کامیاب
پل پلتن لیکے پھر گرز گراں / ہوا جبکہ میداں میں صاحبقراں
تو سالار توراں ہراساں ہوا / سراسیمہ و دل سے گریزاں ہوا
دلیرانہ کھینچ کر تیغ کیں / ہزاروں کئے قتل ترکان چین
ہوئے کشتہ تورانیاں یاں تلک / کہ کشتوں کے پشتے ہوئے تہ فلک
گیا سوئے توراں افراسیاب / ہوا شاہ کاؤس کے فتحیاب
ہوا ایک ایک ان میں پھر بند و بست / ہوئے سرکشان جہاں خوب پست
ہوئے شہ کے محکوم دیو و پری / لگے کرنے جوں بندگاں چاکری
مکاں لمبے نادر برابر فلک / بنائے بہت کوہ البرز تک
کروں ان مکانوں کی تعریف کیا / کہ تھا ہر مکاں در یاقوت کا
سوا اسکے ہر جا تھے شیشے لگے / جہاندار کاؤس کے حکم سے
غرض بو فزائش باد شاہ / سرانجام کرتے تھے شام و پگاہ

ولیکن یہ تنگ آگئے تھے تمام — وہ ناچار اس فکر میں تھے مدام
کہ غنے کو کسی طرح کیجیے ہلاک — جہانیں ہیں تا کہ ہو خوف و باک
پھر ابلیس سے سنکے وژخیم دیو — گیا بس وہیں پیش کیہان خدیو
کیا عرض اے بادشاہ جہاں — تو ہے خسرو خسروان زماں
وے ہے حیف ہو یہ کہ رازِ فلک — نہیں تجھکو معلوم کچھ اب تلک
کواکب کی گردش کا بھی زینہار — نہیں تجھپہ احوال کچھ آشکار
اگر ہو تو عازم سوئے آسمان — تو ظاہر ہو یکدست رازِ نہاں
سنی بات جب دیو گمراہ کی — تو گم ہو گئی عقل پھر شاہ کی
یہ کہنے لگا اس سے پھر تاجور — کہ تو لیجلے کا مجھے چرخ پر
تو میں تجھکو انعام دوں بیشمار — زیادہ کروں عزت و افتخار
وہ بولا کہ تدبیر اس کی کروں — سر چرخ پر آپ کو لے چلوں

رفتن کاؤس شاہ بسیر آسمان و افتادن بدشت چین و آوردن سواران در ایران و باز بر تخت نشستن

گیا پیش ابلیس وژخیم دیو — کہا یوں کہ راضی ہو کیہان خدیو
ولے اس کی تدبیر فرمائیے — کہ گردوں پہ کس طرح لیجائیے
بتائی وہاں اسنے تدبیر اک — کہ نزدیک ابلیس کے تھی وہ نیک
گیا پھر حضور شہ نامدار — عقاب اسنے جنگل سے منگوائے چار
کھلایا انہیں گوشت شام و سحر — تو ہی زور اُنکے ہوئے بال و پر
نہیں ساتھ مردم سے خوگر کیا — کئی روز پھر ان کو فاقہ دیا
رکھی ران برہ لاکے اک تیر پر — کیا ایک طیار پھر تخت زر
عقابوں کو باندھا سر تخت سے — کہا پھر یہ شاہ قوی بخت سے
کہ اب بیٹھئے آپ اس تخت پر — ہوا جلوہ گر خسرو نامور
کہ قصد یہ تھا سر آسماں — ہو رزم آور بہ تیر کماں
اڑے تخت کو لیکے چاروں عقاب — سو گوشت پرواز کی پھر شتاب
جہاں تک انہیں زور پرواز تھا — پہنچے اوج گیرا پرے ہوا
نہ ہرگز رہی تاب پرواز جب — سر خاک پر گر پڑا تخت تب
گرا بیشہ چین میں وہ تاجدار — مگر تھا نہ اس کو یہ چارہ کچھ زینہار
کہ ٹکڑے ہوئے تھا تو ہی تخت کو — غرض دشت میں خسرو نامجو
چہل روز غمگین و خستہ رہا — پراگندہ و دل شکستہ رہا
شب و روز روتا تھا وہ زار زار — خدا نے کیا رحم انجام کار
بشارت ہوئی خواب میں انکو — کہ رکھ جمع خاطر تو اے نامجو
وزیروں نے القصہ کی جستجو — روانہ کیے دیو ہر چار سو
ملی اسکے دیوں نے پھر یہ خبر — کہ ہے بیشہ چین میں وہ تاجور
روانہ ہوئے تب سران سپاہ — شہنشہ کو لائے سوئے تختگاہ
ہوا جلوہ گر شاہ جب تخت پر — تو گودرز و رستم نے واں آنکر
ملامت بہت کی کہ افسوس ہے — ہوئی اک قلم گم تری عقل ہے
ستم ہے کہ ہر بار اے بادشاہ — تو دیتا ہے بدخواہ کو تختگاہ
ہوا تو گرفتار خواری سہ بار — ولیکن نہ سمجھا ذرا زینہار
بہت خوب کیا تجھسے کار زمیں — کیا پھر جو قصد سپہر بریں
یہ سنکر شہنشہ پشیماں ہوا — خجالت سے سر در گریباں ہوا
لگا عذر کرنے وہ شاہ جہاں — کیا شغل و وحشی بعد ازاں
کیا بسکہ عدل و کرم صبح و شام — شہنشہ سے راضی ہوئے خاص و عام
سر تاجداران تھا کیہان خدیو — پرستار تھے اسکے افغان و دیو
جہاں میں کوئی شاہ گیتی پناہ — نہ ہرگز ہوا مثل کاؤس شاہ
ولے وہ پھر میں اب جو ہوتا اگر — تو پھر پیش اکبر شہ نامور
کمر باندھ تا جاوداں بندہ وار — شب و روز ہوتا وہ خدمتگزار
الٰہی یہ شاہ خلائق پناہ — رہے اس جہاں میں بہ تیغ و کلاہ
سمند قلم کی میں پھیروں عناں — لکھوں اسکے سہراب کی داستاں

داستان تولد سہراب از بطن تہمینہ دختر والی سمنگان

نہیں ایک دن رستم نامدار — گیا دشت میں ہو کے پئے شکار
ہوا سیر اک گور کر کے کباب — کیا پھر وہاں اسنے آرام و خواب

اکیلا نکل وہ مقابل ہوا ۔ سوئے جنگ سہراب مائل ہوا
یہ سہراب نے اُس سے پوچھا کہ اُن ۔ تیرا نام کیا ہے بتا سچ اں
کروں سر کو اب تیرے تن سے جدا ۔ یہ کہکر کیا زخم نیزہ رہا
دلیری سے سہراب نے بعد ازاں ۔ رواں کر کے پہلو میں اُسکے سناں
وہاں ایک تھا گژدہم پہلواں ۔ اور اُسکی تھی اک دختر دلستاں
جہاں میں تھا گرد آفرید اسکا نام ۔ ہنر جنگ کے یاد اُس کو تمام
تو مانند مردان شمشیر زن ۔ لباس نبرد اُسنے کر زیب تن
خروشاں ہوئی جبکہ وہ شیر ۔ تو سہراب حیراں رہا دیکھ کر
غرض سمت سہراب وہ تیر زن ۔ ہوئی جوں نگہ اپنی ناوک فگن
سناں سے اٹھا کے ریزیں ۔ سر خاک پٹکا وہ کین سے
سوار اسپ پر ہو کے وہ دلربا ۔ ہوئی مثل مردان نبرد آزما
اسیر کمند اُس پری کو کیا ۔ سر زین سے وہ ہوئی پھر جدا
وہ خنداں ہوا جیسے صبح حسین ۔ تو سہراب عاشق ہوا بس وہیں
تو بس وہ وہیں گنج و زر بیشمار ۔ کہ اس قلعہ میں ہے مرا اختیار
گئی قلعہ میں جبکہ وہ نازنین ۔ پدر اور برادر سے اُسنے وہیں
کہ اس ترک میں ہیں نہیں خوب یاں ۔ گریزاں ہوئے الغرض وقت شب
شتابی سے توڑا در قلعہ کو ۔ گیا قلعے میں پھر ملی نا کچھو
تو سہراب کا دل ہوا بیقرار ۔ ہوئی خاطر آشفتہ پھر زلف دار
کیا پیش کاوس گردوں وقار ۔ کہا یوں کہ اے خسرو نامدار
تماشہ یہ ہے عمر میں خورد ہے ۔ کم از چاردہ سال وہ گرد ہے
مقابل ہوا جبکہ اسکے ہجیر ۔ تو وہ لے گیا کر کے وہیں اسیر
یہ اپنی صلاحت ہے کہ اے شہریار ۔ تو غافل نہ ہو جلد کر فکر کار
کہ لے پیلتن رستم پہلواں ۔ یل نامور گرد کشورستاں
عدو سوز ہے تیری تیغ و سناں ۔ جہانگیر ہے تیرا گرز گراں
دلیر و قوی پنجہ سہراب نام ۔ زبوں اُس سے ہیں پہلواں سب تمام
سوا تیرے اسے پہلوان جہاں ۔ نہیں کوئی اسکے مقابل یہاں
ہوا گیو نامے کو لیکر رواں ۔ بفرمان شاہ سوئے زابلستان

مبارز کیا جبکہ اُسنے طلب ۔ گیا سامنے اُسکے سہراب تب
دیا اُسنے پاسخ کہ ہوں میں ہجیر ۔ قوی ازدو زورمند و دلیر
بہت زور اُسنے کیا لیک سے ۔ ہلا پر نہ سہراب جب زین سے
اٹھا زین سے پٹکا وہ برخاک پر ۔ اُسے لیگیا پھر گرفتار کر
سو وہ پہلوانی میں تھی بے نظیر ۔ ہنرمند دانا شجاع و دلیر
سنا جبکہ گرد دلاور ہجیر ۔ ہوا وقت پیکار زندہ اسیر
شتابی سے ہو باد پا پر سوار ۔ دلیرانہ آئی وہ پیکار زار
گماں ہے کیا زن ہے یا مرد ۔ ہوا یا کوئی طفل پرخاش جو
لگی بیخطا چھوڑنے تیر جب ۔ سپر لیکے سہراب نے منہ پہ تب
وہ لے دخت نے کھینچکر تیغ کین ۔ دو نیزہ کیا نیزے کو بس وہیں
دلیری یہ اُسکی جب آئی نظر ۔ تو مشتاق سہراب نے زودتر
گرا خود تارک سے پھر خاک پر ۔ پریشاں ہوئے سر سے گیسوئے سر
کہا دلستاں نے یہ سہراب سے ۔ کہ ہو بند سے گر رہائی مجھے
رہا اُس کو سہراب نے پھر کیا ۔ وہ لے عہد و پیمان محکم کیا
جو کچھ ماجرا تھا کیا سب بیاں ۔ یہی مصلحت سب نے سمجھی وہاں
ہوا جبکہ خورشید جلوہ کناں ۔ تو آواز مردم نہ آئی وہاں
نہ پایا کہیں مردماں کا نشاں ۔ نہ دیکھی جو وہ دختر دلستاں
ادھر تھا یہ ہمدوش فتح و ظفر ۔ ادھر گژدہم قلعے سے بھاگ کر
جوان ایک آیا ہے توران سے ۔ مشابہ ہے سام و نریمان سے
وہ لے پیلتن ہے جوان دلیر ۔ قوی بازو وحشت مانند شیر
گئی سامنے جبکہ گرد آفرید ۔ تو یہ بھی رہی فتح سے نا امید
یہ سنکر ہوا شاہ اندوہگیں ۔ تہمتن کو نامہ لکھا بھیجیں
تو ایرانیوں کا ہے پشت و پناہ ۔ تو ہے سرگروہ سران سپاہ
تو جلدی پہنچ زابلستان سے ۔ کہ آیا ہے اک گرد توران سے
سوار و توانا و پرزور ہے ۔ بیاں زور کا اُسکے اک شور ہے
ہوا نامہ طیار جب سربسر ۔ دیا گیو کو شہ نے مہر کر
وہاں جبکہ رستم کو نامہ دیا ۔ وہ حیران ہوا جبکہ نامہ پڑھا

یہ پوچھا کہ اے گیو کر یہ بیاں کہ کس شکل و صورت کا ہو وہ جواں
یہ ولیکن لگا کہنے وہ پیلتن کہ جاہی تھی بیٹے سمنگاں یمن
وہی طفل شاید کہ ہو یہ جواں جسے سام ہیکر کہے ہے جہاں
دروغ اُسکی ماں کیونکہ کہتی تھی ہاں بھلا کس لئے مجھ سے رکھتی نہاں
کہ پہنچوں وہاں ہوکے پیادہ شتاب حضور شہنشاہ عالی جناب
یہ کہکر کیا جشن ترتیب ہاں ہے سات دنتک وہ شادی کناں
نہیں یاں ہے لازم توقف یہاں بجا لائیے حکم شاہ جہاں
نہیں کوئی پہنچے جسکے زور کو یہ ہے تاب کس کی مقابل جو ہو
غنیمت ہے یہ صحبت ہمدگر کہ ہے آخر کار جینا اُدھر
ہوا جبکہ یوں وہ بہم جلوہ گر تو پھر زابلستان سے باکرّ و فر
زوارہ جو اُسکا برادر تھا خرد اُسے لیگیا ساتھ اپنے وہ گرد
تو وہیں وہ شاہنشہ نامور ہوا خشمگیں رستم و گیو پر
کہ اتنا توقف وہاں کیوں کیا مرا حکم لائے نہ ہرگز بجا
ہوا پر غضب طوس پر شہریار کہا جلد لیجا انہیں سوئے دار
تہمتن سے جھگڑا ہوا کی کدورت خروشندہ پھر ہوکے [illegible]
سمجھتا نہیں کون کاؤس ہے مجھے آکے کیا چیز پھر طوس ہے
مخاطب ہوا پھر سے شہریار یہ تندی سے بولا یل نامدار
تو سہراب کو کھینچ اب دار پہ بد اندیش کو خستہ و خوار کر
کروں آتش خشم کو تیز اگر تو خس سے بھی کمتر ہے پھر تاجور
کہ سر پر رکھو اپنے تاج شہی کرو ملک ایراں میں فرماندہی
پذیرا جو کرتا میں تاج شہی پہنچتی نہ تجھ تک کلاہ مہی
یہ کہکر وہیں رخش پر ہو سوار رواں سوئے زابل ہوا نامدار
یہ احوال گودرز سے پھر کہا یہ سنکر حضور شہنشہ گیا
جو رستم کو آزردہ خاطر کیا یہ زنہار تجھ کو مناسب نہ تھا
توقف نہ کر اب شتابی سے جا دلاسا تو کرکے تہمتن کو لا
یہ ظاہر ہے اور تجھ کو معلوم ہے کہ عاجز ہے دانش سے کاؤس کے
پشیماں ہوا خود ہی جو بادشاہ سر نو کیے عہد ہو عذر خواہ

وہ بولا کہ کہتے ہیں یوں خاص و عام کہ ترکیب و شکل اسکی ہو مثل سام
تولد ہوا ہو گئے اس سے پسر کہ تھی حاملہ جیسے وہ سیمبر
یہ پھر سوچ کہنے لگا نامور کہ دختر ہوئی واں یہ آئی خبر
تہمتن سے کہنے لگا پھر یہ گیو کہ ہے اسطرح حکم کیہان خدیو
وہ بولا کہ کیا اضطراب اسقدر ذرا بادۂ لعل گوں نوش کر
یہ پھر گیو نے روز ہشتم کہا کہ اے پہلوان نبرد آزما
یہ بولا وہاں رستم نامدار نہ کر خوف و اندیشہ کچھ زینہار
کداؤنگا جب آپ کو جاکے واں رہیگا نہ سہراب کا پھر نشاں
رہی اور دو روز بزم طرب خوشی سے رہے بادہ کش روز و شب
روانہ ہوا رستم پہلوان گئی ساتھ اسکے سپاہ گراں
غرض ہو کے منزل بمنزل رواں گیا پیش کاؤس جب پہلواں
کہا طوس سے یوں رہ غضب کہ دونوں کو تو دار پر کھینچ اب
زبردست تھا طوس ہرچند پیر کیا رستم نامور سے حذر
پھر اُس سے سوئے رستم سرفراز کیا لاجرم ہاتھ اپنا دراز
یہ بولا کہ ہے کون سا نامور جو لیجا کے کھینچے مجھے دار پر
مجھے جز خداوند یزدان پاک نہیں ہے کسی کا ذرا خوف و باک
نہ ہو گرم مانند شعلہ تو اب کہ بیجا نہ دے ہے شہا یہ غضب
تبہ کاری کی تو نے اب اختیار تو شاہی کے لائق نہیں شہریار
دلیران و گردنکش و نامجو یہ کہتے تھے مجھسے بصد آرزو
ولیکن نہ اقبال میں نے کیا کہ جز بندگی کچھ ارادہ نہ تھا
ہے میری سزا تو نے جو کچھ کہا بجا ہے روا تو نے جو کچھ کیا
جو آزردہ ہو کر گیا پہلواں تو بیدل ہوئے قوم پیر و جواں
کہا اس نے یوں شاہ کاؤس کو کہ یہ کیا کیا آپ نے شہ تا بجو
پشیماں ہوا شاہ گیتی ستاں لگا کہنے گودرز سے یوں کہ ہاں
ہوا اُٹھنے گودرز وہیں واں تہمتن سے جاکر کیا پھر بیاں
تمیز اسکو اے پہلواں کچھ نہیں جو آئے زبانپہ کہے بس وہیں
تو ہووے گا آزردہ شہ سے اگر تباہ ہوگئے ایرانیاں سر بسر

کہ ہے یہی گرو ہر ایک یاں ۔ کہ سہراب ہے وہ دلاور جواں
کوئی پہلواں جسکے ہمسر نہیں ۔ کوئی گرد اس سے قوی تر نہیں

خدا کے لئے اے یل نامور ۔ تو اب راہنوں پہ ذرا رحم کر
کہ پشت و پناہ دلیراں ہو تو ۔ نگہدار اقلیم ایراں ہے تو

سمند عزت کی پھیر اب عناں ۔ تو ہرگز نہ جلسے زابلستاں
وگرنہ ہوں گردان توران دلیر ۔ دلیری کریں آپکے مانند شیر

زبانپر ہو لوگوں کے پھر یہ سخن ۔ کہ اک طفل سے رستم پیلتن
یہاں تک ہراسان و ترساں ہوا ۔ کہ بے جنگ بانسے گریزاں ہوا

یہ سنکر وہیں رستم پہلواں ۔ پھر آیا حضور شہ خسرواں
اٹھا تخت سے شاہ تعظیم کو ۔ کہا پھر کہ اے رستم نامجو

یہ تندی و گرمی ہے میری سرشت ۔ نہیں چھوٹتی مجھ سے یہ خوئے زشت
بلایا تجھے اسلئے بیٹھے یاں ۔ کہ ہوں چارہ جو تجھ سے اے پہلواں

ترا ورنہ آنا ہوا تا گوار ۔ ہوا تند پھر تجھ پہ بے اختیار
ہوا تو جو آزردہ اے شیر دل ۔ تو پھر میں پشیماں ہوا اور خجل

ہوا رستم گرد بھی عذر خواہ ۔ کہ بندہ ہوں تیرا میں اے بادشاہ
جو کچھ حکم ہووے سو لاؤں بجا ۔ شہنشہ نے ارشاد تب یوں کیا

کریں آج ترتیب بزم طرب ۔ بسر ہم کریں عیش و عشرت سے شب
سحر یاں سے لیکر سپاہ گراں ۔ سو دشمن کے لینے چلو ہو رواں

رفتن کاؤس شاہ و رستم پہلوان بہ عزم جنگ با سہراب

درخشاں ہوا جبکہ مہر منیر ۔ تو کاؤس سلطان آفاق گیر
دلیران ایراں کو کرکے طلب ۔ یہ بولا کہ تابع ہو رستم کے سب

لیا پیلتن با سپاہ گراں ۔ ہوا سوے سہراب دانے رواں
چھپا گرد لشکر سے رخسار روز ۔ نہاں ہو گیا مہر گیتی فروز

جو پہنچا وہ نزدیک حصن متیں ۔ تو لشکر ہوا واں اقامت گزیں
گیا پھر وہاں شاہ کاؤس بھی ۔ گئے گیو گودرز اور طوس بھی

جو سہراب نے قلعے سے کی نگاہ ۔ تو دیکھا کہ ہے بیکراں یہ سپاہ
یہ ہومان سے کہنے لگا دیکھ تو ۔ کہ ہے کس قدر لشکر جنگجو

جو یہ کثرت فوج آئی نظر ۔ تو ہومان کے ہوش اڑ گئے سربسر
یہ سہراب بولا ہراساں نہ ہو ۔ کروں قتل اک دم میں یہ سب فوج کو

کھنچا پھر سراپردہ و پیش حصار ۔ بفرمان سہراب عالی تبار
گیا اس سراپردہ میں رات کو ۔ خبر کے لئے رستم نامجو

نظر سے مردم کے ہو کر نہاں ۔ لگا کرنے احوال دریافت واں
جو دیکھا تو سہراب ہے تخت پر ۔ چھپا ور است سب اسکے ہیں نامور

جما ہے بزم نشاط و طرب ۔ خوشی سے مے لعل پیتے ہیں سب
کوئی بزم میں زندہ تھا پہلواں ۔ پڑی اسپہ اسکی نظر ناگہاں

اٹھا وہیں اور رستم کے روبرو ۔ لگا پوچھنے یوں کہ ہے کون تو
تہمتن نے یک مشت مارا جو سخت ۔ تو کشتہ ہوا زندہ خفتہ بخت

گیا واں سے پھر رستم نامور ۔ اور اک شخص ناگاہ آیا ادھر
جو دیکھا تو افتادہ ہے اک جواں ۔ کہ ہرگز نہیں اسکے قالب میں جاں

کوئی دیکھنے کو جلایا چراغ ۔ تو زندہ کا واں کشتہ پایا چراغ
یہ سہراب لوگوں سے کہنے لگا ۔ کوئی آ کے جاسوس کاؤس کا

نمود اپنی دکھلا گیا اب یہاں ۔ خبر لیگیا آنکہ بے گماں
عوض زندہ کا صبح ہوتے ہی لوں ۔ کروں ایک لشکر کو میں غرق خوں

نہ چھوڑوں پھر زندہ کاؤس کو ۔ ملاؤں تہ خاک و خوں طوس کو
زبانپر تھا سہراب کے یہ سخن ۔ ادھر شام سے رستم پیلتن

یہ کہتا تھا اے بادشاہ جہاں ۔ کروں کیا میں سہراب کا اب بیاں
جوان و قوی ہیکل و زورمند ۔ قد اسکا ہے مانند نخل بلند

تکلف نہیں اسمیں کچھ زینہار ۔ بعینہ ہے بشکل سام سوار
یہ چاہت ہے اے چرخ فیروز رنگ ۔ پدر اور پسر ہوں باہم سر جنگ

سنی اور دیکھی بہت رزم بزم ۔ پر ایسی سہراب و رستم کی رزم

داستان جستن سہراب کشتگان

عوض قند کے رات کھائی قسم
اگر پاس ناموس عزت بھی ہے
یہ کہہ کر لگا کھینچنے انتظار
ہوئی جب نہ اسکا ہوا ہم نبرد
بچا اٹھا ہے دل رزم سے جو شہا
کوئی جلد رستم سے جا کر کہو
دواں طوس پیش تہمتن گیا
کوئی اور جا کر ہوے رزمگاہ
وے طوس نے جب کیا یہ بیاں
یہ سہراب بولا کہ لشکر سے ہم
تو سہراب نے یوں کہا اے جواں
یہ سنکر وہیں رستم نامدار
وہیں ہوں دلاور یل نامجو
یہ کہنے لگا سنکے یہ داستاں
یہ سنکر اسے یاس افزوں ہوئی
ہوا نہ خم کوئی نہ واں کارگر
بہم ضرب پر ضرب تھی بید پیچ
کہ حیراں رہا دیکھ چرخ کبود
عرق میں ہوا تر سراسر بدن
ذرا راست کرنے لگے اپنا دم
نہ زنہار دیکھا جہاں میں یہ شیر
باہم وہیں لیکر کمان خدنگ
پکڑ کر کمر ہمدگر بعد ازاں
تو دیتا جبل کو زمیں سے ہلا
اسے چھوڑ سہراب نے لی ہار
یہ سنکر لگا کہنے سہراب پھر
تو رکھ چھوڑ تا کہ وقت پگاہ

کروں گنتے کاؤس کو صمدم
تو آ کر مقابل ہو کاؤس کے
کہ آتا ہے اب کولنا نامدار
ہوا تب خروشندہ وہ شیر مرد
تو کیوں نام کاؤس اپنا رکھا
کیا یار انہیں ہے کسی گرد کو
تہمتن سے یہ ماجرا سب کہا
پراندیش سے چلکے ہو کینہ خواہ
تو ناچار پھر رستم پہلواں
ستیزندہ ہوں چلکے یکسو بہم
نہیں ہے کسی کو تاب و تواں
لگا کہنے اے کودک خام کار
کہ دیو سپید سپہ کار کو
کہ شاید تو ہے رستم پہلواں
بہم جنگ پھر زیر گردوں ہوئی
دو نیزے شکستہ ہوئے سربسر
شکستہ ہوئے آخر کار تیغ
ہوئے آخرش سچ سراسر عمود
ہوئی خشک یکدست کام و دہن
ولیکن نہ کینہ ہوا دل سے کم
نہ ہرگز کوئی دیو آتا نظر
دلیران جنگی لگے کرنے جنگ
لگے زور کرنے وہ دو نوجواں
ولیکن نہ سہراب بھی سو ہلا
لیا ہاتھ میں گرز از روے کیں
کہ ہے جنگ کی تجھ میں کچھ تاب پھر
ترے ساتھ پھر آکے ہوں نیزہ گزار

سواران ایران کو امید نہیں
سوا اسکے ہوئے جسے عزم جنگ
ولیکن نہ نکلا کوئی نامور
کہ شاہوں کو غیرت ذرا چاہیئے
یہ آواز کاؤس نے دی وہیں
جدا اس گروہ سے چلا کے ہو کینہ خواہ
کیا تھا یہ رستم نے اسدم قرار
سپاہ جو سب پہلواں ہوں نہاں
پہنکر زرہ رخش پر ہو سوار
کہا یوں تہمتن نے اچھا چلو
جو مجھ سے مقابل ہو امید نہیں
نہ سرسختی اب پنجہ کاروں سے تو
کیا گشتہ اک دم میں ہنگام جنگ
وہ بولا کہ زنہار رستم نہیں
ہوئے یک بیک نیزہ ستیزہ کنار
دلیروں نے پھر کھینچ کر تیغ تیز
لیا ہاتھ میں پھر عمود گراں
ہوئی پارہ پارہ زرہ یک قلم
جدا گانہ پھر دونوں استادہ ہو
تہمتن بھی یہ دل میں کہنے لگا
بچھڑتے ہیں سہراب نے لیا کہا
ہوئے دم میں ترکش تہی سربسر
کیا پہلے رستم نے زور اسقدر
کیا زور اسنے بھی ہر چند پر
جو مارا تہمتن کے بالا سے سر
تہمتن یہ بولا ہوا دن تمام
وہ سہراب نے جھٹکے گرز گراں

نہ تیغ کھینچوں میں اک آن میں
نبرد آزما تجھ سے ہو بعد جنگ
کہ تھا دل میں ہر اک کے خوف و خطر
زجنگ آوراں سے ذرا چاہیئے
کہے نامداران ایراں زمین
ہراساں مخالف ہے یکسر سپاہ
کہ پہلے کرونگا نہیں کارزار
تو پھر میں نبرد آزما اس سے ہوں
گیا سوئے میداں پئے کارزار
کہے جبکہ یکسو وہ پیکار جو
کرونگا تجھے قتل اک آن میں
نہ جنگ آوروں سے ہو پرخاش جو
نہ جانے ہے مجھ سے شیر پلنگ
میں اسکا ہوں اک جا کر کے ستیز
لگی چلنے باہم سناں پر سناں
کیا گرم بازار کین و ستیز
لڑے اسقدر ہر دو جنگ آوراں
رہا پھر نہ زنہار گھوڑوں میں دم
وہ سہراب اور رستم نامجو
کہ اس قدر تھا و قوت و زور کا
کہ تیر و کماں لے کے ہوں جنگ آزما
ہوا پیدا کہ تیر بھی نہ کارگر
کہ وہ زور کرتا اگر کوہ پر
ولیکن ہلا نہ رستم نامدار
تو رنجیدہ ہوا رستم نامور
قریب آگیا ایکدم وقت شام
سوئے لشکر شاہ آیا وہاں

جو دیکھا کہ رستم ہوا ہے گرم کین / تو ناچار سہراب بولا وہیں
تو مائل ہوا اسکے کشتی اگر / تو ہاں میں بھی کشتی کو حاضر ہوں [illegible]
نہیں چاہتا یہ کہ سمجھے جوان / مرے ہاتھ سے کشتہ ہووے یہاں
یہ کہکر وہ دونوں یل نامدار / لگے کرنے کشتی کے فن آشکار
کیا زور رستم نے واں صد سے بیش / گیا آگے سہراب کی کچھ نہ پیش
ہوا وہ خرد تشنہ چوں پیل مست / کیا زور سے اسنے رستم کو پست
جو کھینچا پکڑ کر کمر بند کو / تو سنبھلا نہ پھر رستم نامجو
زمیں سے بہم پشت رستم ہوئی / خرابی تہ چرخ پر ختم ہوئی
گرا خاک پر جب یل نامور / تو سہراب بیٹھا وہیں سینہ پر
لیا کھینچ پھر خنجر آبگوں / یہ چاہا کہ اسکو کرے غرق خوں
کیا چاہا یہ رستم نے سو قت کل / لگا کہنے سہراب سے اے جواں
یہاں کے یہ آئین نہیں بے نہار / کرے زیر جس کو کوئی ایکبار
تو سر کو کرے اسکے تن سے جدا / مگر ہو دگر بار زور آزما
اسے قوت و زور سے لاوے زیر / کرے شوق سے قتل پھر وہ دلیر
یہ سنکر وہ اسکے اٹھا سینے سے / غرض ہاتھ اٹھایا وہیں کینہ سے
گیا پھر وہ سہراب فرخ نہاد / طرف اپنے لشکر کے خندان و شاد
کہا جبکہ ہومان سے یہ ماجرا / کیا اسنے افسوس اور یوں کہا
کہ عیاری و مکر سے کینہ خواہ / رہا ہو گیا ہاتھ سے تیرے آہ
نہ دیکھا تھا گاہے فراز و نشیب / تو اک طفل تھا تونے کھایا فریب
تہ دام آیا تھا شیر ژیاں / دیا چھوڑ تونے کیا قہر یاں
ہوئی بیوقوفی یہ تجھ سے کمال / رہائی تیری اس سے اب ہے محال
یل نوجواں نے کہا کیا ہے غم / کرونگا اسے زیر پھر صبحدم
گیا جبکہ رستم سوئے خیمہ گاہ / رہا شب کو زاری کناں تا پگاہ
دعا اسنے مانگی کہ اب یا خدا / وہی زور دے مجھکو پہلے جو تھا
اسے ابتدا میں تھا زور اسقدر / زمیں چاک ہوتی تھی ہر گام پر
وہ عاجز بہت وقت رفتار تھا / زمیں پر خرام اسکا دشوار تھا
ہوا تھا تب اس بات کا خواستگار / کہ کچھ زور کم ہووے پروردگار
ہوئی تھی مناجات اسکی قبول / مراد اسکی [illegible] کی تھی حصول
غرض کرکے شب زاری و انکسار / ہوا زور پیشیں کا وہ خواستگار
خدا نے پذیرا کی اسکی دعا / وہی زور اسکو کیا پھر عطا

داستان کشتہ شدن سہراب از دست رستم بروز دگر و نوحہ نمودن رستم در ماتمش

سحر دیکھ کر قوت و زور تن / ہوا شادمان پہلوان زمن
سپاس عنایات پروردگار / بجا لا کے اور رخش پر ہو سوار
گیا تھا وہ خرم سے رزمگاہ / ہوا جا کے سہراب سے کینہ خواہ
یہ سہراب نخوت سے کہنے لگا / کہ چنگال سے میرے ہو کر رہا
تو پھر آج آیا ہے کارزار / عزیز اپنی شاید نہیں جان زار
تہمتن یہ بولا کہ جبتک ہو جان / ترے ساتھ ہونگا ستیزہ کناں
وہ کرنے لگے پھر وہ کشتی بہم / ہوئے مائل زور و کشتی بہم
بہم خوب زور آزمائی ہوئی / نہ سہراب کو پھر رہائی ہوئی
پکڑ کر کمر بند سہراب کا / زمیں سے لیا پیلتن نے اٹھا
پٹک کر زمیں پر اسے پھر بزور / سر سینہ بیٹھا وہ از روئے کیں
یہ سوچا کہ یہ گرد زور آزما / جو پھر اٹھ کھڑا ہو تعجب ہے کیا
غرض کھینچکر خنجر آبدار / کیا سینہ و دل کو اسکے فگار
وہ خستہ جگر کھینچکر ایک آہ / یہ بولا کہ تھے بخت میرے سیاہ
یہاں میں جو آیا جو یہ تھی مراد / کہ دیدار سے باپ کے ہونگا شاد
تمنائے دل کچھ نہ حاصل ہوئی / ہلاک عدم جان واصل ہوئی
جو دریا میں اب ہو تو تہ نشیں / دیا جائے بالائے چرخ بریں
مرا باپ تجھکو نہ چھوڑیگا واں / کریگا ہلاک آن کر اے جواں
کہا نام کیا اسنے تب یوں کہا / کہ ہے نام رستم میرے باپ کا
جب اس خستہ تن سے سنا یہ سخن / تو غش کھا گیا رستم پیلتن
پڑا ہو کے بیہوش بر خاک پر / جب آیا ذرا ہوش میں تب [illegible]

لگا کہنے اس سے یہ گریاں
ترے پاس رستم کا کیا ہے نشاں

یہ سہراب نے تب کے پاسخ دیا
کہ صد حیف اے گرد گیتی ستا

نشانی تو دیکھو اب زرہ کر کے وا
کہ مہرہ ہے بازو پہ میرے بندھا

وہ مہرہ جو دیکھا زرہ کر کے وا
تو رستم نے پھر شور و نالہ کیا

پسر کو کسی نے بھی مارا نہیں
نہیں یہ ہوا جور ہرگز نہیں

یہی مصلحت ہو کہ ہوں میں ہلاک
کروں اپنے سینے کو خنجر سے چاک

پڑا تھا سہراب بسمل ادھر
ادھر رستم گرد تھا نوحہ گر

تو سمجھے یہی دل میں پیر و جواں
کہ کشتہ ہوا رستم پہلواں

گئی یہ خبر پیش شاہ جہاں
کہ رستم سے خالی ہوا اب جہاں

سوار اک گیا تا کہ لاوے خبر
مبادا ہو کشتہ رستم اگر

جو سہراب سے ہوئے پھر کینہ خواہ
نہیں تاب رکھتی ہے ہرگز سپاہ

کرے ہے فغاں اور بیتاب ہو
تڑپتا پڑا واں بھی سہراب ہے

اٹھا کر سر رستم نامور
لگے پوچھنے سب کہ کیا ہے خبر

ہوا ہاتھ سے میرے ایسا ستم
رہیگا قیامت تلک یاد غم

یہ کہکر وہیں کھینچ خنجر لیا
کہ سر تن سے کرے اپنی گردن جدا

زوارہ نے پارہ گریباں کیا
غم و درد سے شور و غوغا کیا

جگر پر مرے زخم کاری لگا
نہیں کچھ بھروسہ ہوا زیست کا

الہی سیاہ بخت سے یار ہا
جو پوچھا تو پوشیدہ اس نے رکھا

مقابل مرے جبکہ رستم ہوا
تو پرسان حال اس کا ہر دم ہوا

کوئی کیا کرے کسکا ہے چلتا
نہیں چارہ تقدیر سے رہا

یہ احوال سنکر ہوئے نوحہ گر
زوارہ ادھر اور رستم ادھر

یہ سہراب دلخستہ نے پھر کہا
کسی کو نہیں اس جہاں میں بقا

سمجھ تم کو بیٹے کیا اپنا خوں
ولے التماس ایک کرتا ہوں یوں

نہ ہو جائے ترکوں سے پھر کینہ خواہ
نہ کھینچے سے ملک توران سپاہ

اگر زندہ رہتا تو ہر ایک پہ
مراعات کرتا میں شام و سحر

جگر خستہ نے جو کہ ہمدم کہا
تہمتن نے یکدم پذیرا کیا

جو ہے خاص تر نوشدارو ملا
مگر اس سے چارہ ہو سہراب کا

جو گریں ہی بے بخت رستم ہوا آہ
جہاں جسکی آنکھوں میں تیرہ ہوا

بہت گرم الفت سے مرا دل ہوا
ولے تو ادھر کچھ نہ مائل ہوا

نہیں زخم سے اب ہے طاقت مجھے
جو کھولوں زرہ اور دکھاؤں تجھے

یہ بولا کہ اے جان میں بیگناہ
تو کشتہ ہوا ہاتھ سے میرے آہ

نہ چھوڑیگا زنہار مجھ کو یہ غم
رہونگا گرفتار رنج و الم

یہ سہراب بولا کہ کیا فائدہ
نہیں چارہ زنہار پیش قضا

جو دیکھا کہ رخش یل نامدار
کھڑا ہے بہت دیر سے بیسوار

وہیں اڑ گئے یک قلم سب کے ہوش
اٹھا ایک لشکر میں شور و خروش

کیا حکم شہ نے کہ کیباسگی
ادھر جاؤ دوڑا کے اب بارگی

تو دیکھو کہ تدبیر کچھ اور یاں
کہ ایسا نہیں اب کوئی پہلواں

سواران لشکر گئے جب ادھر
تو دیکھا کہ رستم پڑا خاک پر

یہ جانا کہ زخمی ہیں دو نوجواں
لگا زخم کاری ہوئے ناتواں

زرہ پارہ اور چاک کر پیرہن
لگا کہنے یوں رستم پیلتن

مرے روتے سر پہ پڑی ہے خاک
پسر کو کیا میں نے ناحق ہلاک

پکڑ کر شتابی سے رستم کا ہاتھ
لگے رونے گردان فرخ صفات

کہا پھر یہ سہراب سے کیا ہے حال
وہ بولا کہ ہے درد مجھ کو کمال

یل و پیلتن کے سراپا نشاں
مری ماں نے مجھکو کہے تھے بیاں

مجھے نام رستم بتایا نہیں
رکھا [illegible] غافل جتایا نہیں

رکھا اس نے بھی نام اپنا نہاں
کیا [illegible] سے آنے نہ ہرگز عیاں

پسر کی اجل باپ کے ہاتھ تھی
ازل [illegible] ہونی یہی تھی

لگے کوٹنے سینہ و سر وہاں
کیا دیدہ تر سے دریا رواں

نہ تم گریہ و نالہ اتنا کرو
ذرا صبر کو دل میں یہ راہ دو

کہ زنہار اب رستم ارجمند
نہ پہنچاوے لشکر کو میرے گزند

کہ مولد مرا ملک توران ہے
مری جا ہے بازی گہ میدان ہے

پدر بعد میرے مدارا کرے
تلطف مدام انکا رکھا کرے

کہا پھر یہ رستم نے گودرز کو
کہ جا کر حضور شہ نامجو

وہیں آ کے پیش شہ نامدار
ہوا نوشدارو کا وہ خواستگار

لگا کہنے سنکر یہ شاہِ جہاں
کہاں ہے وہ نوشدارو یہاں

کہ جس سے سہراب ہو تندرست
توانا و زور آور و چاق و چست

پڑے پیر مردِ خجستہ صفات
کچھ ہے یاد رستم کی اس نے بات

کہ کس کیا مجھے نا ملائم کہا
زباں پر جو آیا وہ اس دم کہا

کیا سرکشی سے نہ پاس ادب
رہ و رسم ہی ہاتھ سے اس نے سب

سخنہائے دشوار کہکر کیا
اسے قید کوئی نہاں کر سکا

سوا اسکے سہراب کی گفتگو
سنی خوب کیسے وہ وقت ہی تو

سمجھ اپنے دل میں کہ فہمیدہ ہے
جہاں میں تو مرد جہاندیدہ ہے

کہے تھا وہ مردم سے ہر دم یہی
کہ رستم کو دوں تخت و تاج شہی

جب ایسے دلاور ہوں دو پہلواں
ہے پھر یہ اور تاکہ لشکر کہاں

سنا جبکہ گودرز نے یہ سخن
گیا پھر وہ پیش یل پیلتن

کہا یوں کہ خود ہے یہ شہریار
یہاں کیا کروں تجھ پہ ہو آشکار

تہمتن یہ سنکر ہوا دردمند
گیا آپ پیش شہ ارجمند

محل میں تھا اس دم شہ نامور
برآمد ہوا تب یہ پہنچی خبر

کہ سہراب کا کام آخر ہوا
نشاں مٹ گیا نام آخر ہوا

ہوا سنکے رستم پیادہ دواں
گیا نعش پر اسکے زاری کناں

فغاں کرکے کہتا تھا یہ دمبدم
مرے ہاتھ دو عیب ہیں کرنے قلم

جگر گوشہ کو اپنے میرے سوا
جہاں میں بھلا قتل کس نے کیا

سنے جبکہ ماں اسکی تب کیا کرے
جو کچھ وہ کرے سود بیجا کرے

غرض رکھ کے تابوت میں نعش کو
گیا سوئے خیمہ یل نامجو

وہ خیمہ اور اسباب تھا جسقدر
جلا کر کیا خاک پھر سر بسر

ہوئے اسکے ماتم میں پیر و جواں
خروشاں و گریاں و نالہ کناں

گیا شاہ کاؤس رستم کے پاس
جو دیکھا تو ہے بہت بیحواس

کہا سخت ماتم ہے اور رنج و درد
ولے کچھ نہیں چارہ اے نیک مرد

ہر اک کو ہے آخر یہی رہگذر
کوئی دیر جاوے کوئی زود تر

سمجھ اب تو دانا و ہشیار ہے
شکیبائی و صبر درکار ہے

کیا عرض رستم نے اے تاجدار
ہوا سو ہوا کچھ نہیں اختیار

رہے یہ وصیت ہے سہراب کی
کہ ترکوں پہ کیجو نہ لشکر کشی

یہی عرض کرتا ہوں اب بار بار
بہ لطف و کرم کا ہوں امیدوار

کہ ہومان کی حرمت رکھو تم نگاہ
نہ ہووے پراگندہ اسکی سپاہ

کرو رخصت اسکو بعزّ و وقار
یہ سنکر لگا کہنے یوں شہریار

ہوا اب جو کچھ کہ یہ رنج و غم
تو ہے سب ہی دلکو ہوا رنج و غم

پذیرا کیا میں نے تیرا سخن
مجھے پاس خاطر ہے اے پیلتن

کریں مجھ سے گو ترک اب سرکشی
کروں میں نہ تو ترک لشکر کشی

زوارہ سے رستم نے پھر یوں کہا
کہ جیحوں تلک ساتھ ہومان کے جا

زوارہ گیا ساتھ جب بے خطر
گیا آپ جیحوں سے ہوماں گذر

معاودت کاؤس بایران و رفتن رستم با تابوت سہراب طرف سیستان و آمدن تہمینہ

باقبال و دولت سوئے تختگاہ
روانہ ہوا شاہ گیتی پناہ

یل نامور رستم پہلوان
گیا ہو کے رخصت سو سیستان

غرض لیکے تابوت سہراب کا
پراگندہ دل شہر میں جب گیا

سیہ پوش ہو زال پہنچا وہاں
ہوا ساتھ تابوت کے وہ رواں

خروشاں و گریاں گئے گھر تلک
قیامت تھی برپا بزیر فلک

وہ رودابہ رستم کی ماں اسقدر
ہوئی دیکھ تابوت کو نوحہ گر

کہ برپا وہاں روزِ محشر ہوا
غضب ایک ٹوٹا زمیں پر ہوا

کیا دفن پھر لاش کو زیرِ خاک
دل پیر و برنا ہوا دردناک

گئی جب بسوئے سمنگاں خبر
تو تہمینہ کو غم ہوا اسقدر

کہ آتش وہیں کرکے افروختہ
گری آگ میں با دلِ سوختہ

رہا کھینچ مردم نے پھر دوڑ کر
